بجائے جیسا کہ سیرالاولیاء میں رقم ہے۔، ۵ محرم ۶۶۴ ہجری لکھا ہوا ملتاہے۔ اسی طرح شیخ نظام الدین اولیاء کا سال ولادت بھی اخبار الاخیار اور سفینتہ الاولیاء میں وہی ۶۳۶ ہجری لکھا ہوا ملتا ہے چنانچہ ان تذکروں کی پیروی میں بہت سے وہ لوگ جو صوفیاء کے احوال لکھتے رہے ہیں انھی سنیٖن کی پیروی کی ھے لیکن اب جبکہ سیرالاولیاء کا ایک معتبر نسخہ طبع ہوچکا ہے جو شیخ نظام الدین اولیاء کی سوانح حیات کا معتبرترین تذکرہ ہے۔ ان غلطیوں کا ازالہ ایک طرح سے ضروری سا ہوگیا ہے جو شیخ کی زندگی، ان کے پیرو مرشد کی زندگی، ان کے احباب اور خلفاء کی زندگی سے متعلق مختلف تذکروں اور مختلف جگھوں میں راہ پاچکی ہیں۔

بھر حال اب میں اصل مسئلے کی طرف لوٹ رہا ہوں۔ سیرالاولیاء کے مطبوعہ نسخے کے اصل متن یا کسی حاشیے میں، جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا ہے کہیں بھی شیخ نظام الدین اولیاء کا سال ولادت لکھا نہیں‌گیا ہے بس میر خورد نے اس سلسلے میں صرف اتنا لکھا ہے کہ سلطان المشائخ "در عالم صغر بودہ" کہ ان کے والد ماجد خواجہ احمد علی کا انتقال ہوگیا۔ اس صغر سنی کی تاویل مختلف تذکرہ نگاروں نے اپنے اپنے وجدان کے مطابق کی ہے لیکن جو وضاحت کہ میر خورد نے سیرالاولیاء میں کی ہے وہ یہ ہے کہ جب وہ کچھ بڑے ہوئے تو ان کی والدہ نے انھیں مکتب میں بھیجا اور وہ پندرہ برس کی عمر تک وہیں بدایون میں، تعلیم حاصل کرتے رہے لیکن جب سولہ سال کی عمر کو پہنچے تو قاضی بننے کی غرض سے، اصول فقہ، تفسیر کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے وہ دلی گئے۔ میر خورد نظام الدین اولیاء کے زبانی بیان کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

"چون شانزده (١٦) ساله شدم عزیمت دهلی شد، عزیزی عوض نام همراه شد۔ چون در شهر آمدم، سه چهار سال تعلیم و تجهد کردم "(٥) چنانچه اگر ان کی تعلیم کا زمانہ چار سال کا مانا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ بیس سال کی عمر تک اصول فقہ، علم فقہ، احادیث اور تفسیر کا درس مختلف اساتذہ سے حاصل کرتے رہے، اس زمانے میں ان کا خطاب "مولانا نظام الدین بحاث و محفل شکن "تھا نہ کہ شیخ نظام الدین(ان کا اصل نام محمد تھا، نظام الدین لقب تھا) لیکن اسی زمانے میں جبکہ وہ تعلیم و تجهد میں مشغول تھے، ان میں ایک قوی جذبہ شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج کی پابوسی کا پیدا ہوا در اثنائے تعلیم آرزوئے پابوسیٔ شیخ العالم فریدالدین نوراللہ مرقدہ غالب شد۔ دراجود هن رفتم، روز چهار شنبه بود که سعادت پابوسیٔ شیخ کبیر حاصل کردم۔ همدرین روز بخدمت شیخ بیعت کردم "(٦) اور جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ کس عمر میں اپنے پیر کے مرید ہوئے تو انہوں نے بتایا کہ بیس سال کی عمر میں (٧) اور وہیں اس امر کی بھی وضاحت کردی گئ ہے کہ اس پہلی ملاقات کے بعد جب کہ وہ شیخ کبیر کی بیعت سے مشرف ہوئے ہیں، تین بار سال میں ایک دفعہ کی پابندی سے ان سے شرف ملاقات و تعلم کے لئے وہ اجودھن جایا کرتے۔ اس سلسلے میں میرخورد نے شیخ نظام الدین کی زبانی ان کی آخری ملاقات کو یوں بیان کیا ہے۔

"سہ کرت از دہلی بخدمت شیخ شیوخ العالم رفتم بعدہ،۔ یکروز خواجہ طلبید، سیزدهم ماه رمضان سنہ تسع و ستیسن و ستمایہ بود(١٣ رمضان ٦٦٩ ہجری) و فرمود کہ نظام یادداری، آنکہ گفته بودم، "گفتم آرے"

فرمود کہ کاغذ بیارید اجازت نامہ بنویسند، کاغذ آوردند، اجازت نامہ نبشتند" (۸)

منقولہ بالا عبارت میں جو یہ جملہ ہے "فرمود کہ نظام یادداری آنکہ گفتہ بودم" کا اشارہ پہلی ملاقات کے موقع پر اس وعدے کی طرف جو انہوں نے نظام الدین اولیاء سے انہیں اپنا خلیفہ بنانے سے متعلق کیا تھا۔ "تاترا خلیفۂ خود گردانم" (۹) چنانچہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ابوشکور سالمی کی کتاب "تمہید المہتدی" کے درس دینے کا اجازت نامہ اور، اور اپنا خلیفۂ بنانے کا حکم نامہ، ایک ہی دستاویز میں موجود ہے، جسے عربی میں اور اس کے فارسی ترجمے کے ساتھ، سیرالاولیاء میں نقل کیا گیا ہے۔ (۱۰) چنانچہ ان دونوں ، یعنی اجازت نامے اور خلافت کے حکم نامے کی تاریخ تحریر ایک ہی قرار پائے گی یعنی ۱۳ رمضان ٦٦۹ ہجری۔

شیخ نظام الدین اس اجازت نامے کے ساتھ بمع حکم نامۂ خلافت، ماہ شوال میں دہلی آئے، اور پھر اس خلافت نامے کو ، حسب ہدایت شیخ کبیر، شیخ جمال الدین ہانسوی کو دکھانے کےلئے ہانسی پہنچے۔ شیخ جمال الدین نے اسے دیکھ کر یہ شعر پڑھا جس کا مفہوم ہے کہ حق بہ حق دار رسید

خدائے جہان را ہزاران سپاس
کہ گوہر سپردند بہ گوہر شناس

مگر یہ ایک عجیب حادثہ ہے کہ اسی سیرالاولیاء کے شروع کے صفحات میں، یعنی مذکورہ بالا تفصیلات سے قبل، فارسی کے اعداد میں یہ بھی لکھا ہوا ملتا ہے کہ شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج کا سال وفات

"شش صد و شصت و چهار ٦٦٣ ہجری (۱۲) ہے۔ چونکہ سیرالاولیاء میں جہاں کہیں‌بھی کسی کی وفات یا پیدائش یا واقعات وغیرہ کا سال لکھا گیا ہے وہ عربی ملفوظی ہندسے میں ہے اور یہ سال وفات فارسی الفاظ میں درج کیا گیا ہے، اس لئے اخلاق حسین دہلوی نے "سوانح حضرت محبوب الٰہی" (۱۳) میں اس تحریر کو الحاقی قرار دیا ہے، چونکہ اسی سیرالاولیاء کے آگے سے،شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج کا سال وفات "٥ محرم ٦٧٠ ہجری" تحریر کیا گیا ہے اس لئے٦٦٣ ہجری کو غلط قرار نہ دیئے جانے کا کوئی جواز باقی ھی نہیں رہتا ہے، تاہم ایک آدھ مزید تاریخی ثبوت اور چند تذکروں کا حوالہ بھی اتمام حجت کےلئے ضروری معلوم ہوتا ہے۔

(۱) تاریخ فیروز شاہی کا مصنف ضیاء الدین برنی لکھتا ہے کہ شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج، غیاث الدین بلبن کی شاہیت کے دور میں زندہ تھے۔(۱۴) غیاث الدین بلبن کی شاہیت کا آغاز ماہ جمادی الاول ٦٦٤ہجری سے ہوتا ہے۔ اگر شیخ فرید کی وفات ٥ محرم (اس تاریخ اور مہینے پر سب کا اتفاق ہے اور اسی تاریخ میں ان کا عرس بھی منایا جاتا ہے) ٦٦٣ہجری میں واقع ہوئی ہوتی، تو وہ بلبن کی شاہیت کے دور میں کیونکر زندہ رہ سکتے تھے؟

(۲) مخبرالواصلین (۱۵) میں کئی قطعات تاریخ شیخ فریدالدین مسعود شکر گنج کے سال رحلت سے متعلق درج کئے گئے ہیں ان میں سے ایک قطعہ تاریخ یہ ہے

بی گمان پنجم محرم بود
که فرید از زمانه نقل نمود

روز تسرویح اوسه شنبه دان
کان درین نیست حرف شك و گمان
بی گمان است سال رحلت او
"زجهان شه فرید آه" بگو ٦٧٠ ہجری

چنانچہ ان سارے داخلی اور خارجی شواہد سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ ماہ محرم ٦٧٠ہجری میں، جو شیخ کبیر، فریدالدین مسعود شکر گنج کا سال وفات ہے،شیخ نظام الدین کی عمر ۲۴ (چوبیس سال) کی تھی۔ اس اعتبار سے شیخ نظام الدین کا سال ولادت ٦٣٦ ہجری قرار پائے گا اور چونکہ وہ ماہ صفر کے آخری چہار شنبہ کے روز پیدا ہوئےتھے اس لئے یہ کہا جا سکتا ھے کہ وہ ٦٣٦ ھجری کے ماہ صفر کے آخری بدھ کے روز پیدا ہوئے یا کہ ہوئے ہوں گے۔ مگر اخلاق دہلی نے ان کا سال پیدائش ۲۷ صفر ٦٣٥ہجری قرار دیا ہے۔(١٧) چونکہ فرق، ان دونوں تاریخوں میں صرف سال بھر کا ہے، اس لئے اس پر حجت بیکار ہے۔

اب یہ دیکھنا ہے کہ امیر خسرو دہلوی اور شیخ نظام الدین بدایونی کے درمیان بڑائی چھوٹائی کتنے برس کی تھی، امیر خسرو غرۃ الکمال کے دیباچے میں لکھتے ہیں کہ میں بیس سال کا تھا کہ میرے نانا راوت عرض عمادالملک کا انتقال ۱۱۳ سال کی عمر میں ہوا، امیر خسرو کا سال ولادت ٦٥١ہجری ہے، اور ایک حساب سے ٦٥٠ہجری بھی پڑتا ہے، چنانچہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ راوت عرض کا انتقال یا تو ٦٧١ہجری میں ہوا،۔ یا ٦٧٠ہجری میں، جبکہ امیر خسرو بیس برس کے تھے، اس اعتبار سے

دیکھا جاے تو یہ بات سامنے آئے گی کہ نظام الدین اولیاء امیر خسرو سے ۵، یا ٦ سال سے زیادہ عمر میں بڑے نہ تھے۔

اب ہم اس امر کی طرف رجوع کریں گے کہ شیخ نظام الدین اولیاء کی ملاقات دہلی میں کس سنہ ھجری میں اور کن حالات میںہوئی۔

میر خورد شیخ نظام الدین کے بیان کو نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جب وہ سولہ سال کی عمر میں بغرض تعلیم دلی میں وارد ہوئے تو وہ سرائے میانبازار میں جسے سرائے نمک بھی کہتے تھے، اترے۔ اپنی والدہ اور ہمشیرہ کو تو اسی سرائے نمک میں ٹھہرایا، لیکن خود اس کے بالمقابل بلال قواس کی بارگاہ یا ایک بڑے ہال میں قیام پذیر ہوگئے، میر خورد لکھتے ہیں کہ اسی محلے یعنی سرائے نمک میں امیر خسرو کا بھی مکان تھا اور ان کے نانا راوت عرض عمادالملک کی حویلی، اس سے قریب برج حصار دہلی سے متصل مندہ پل کے دروازے کے پاس تھی۔(١٨) چنانچہ نظام الدین اولیاء دوران تعلیم، بلال قواس کی بارگاہ میں قیام پذیر رہے، لیکن ٦٧٠ یا ٦٧١ ہجری میں بعد وفات راوت عرض وہ امیر خسرو کے وسیلے سے "بوسیلۂ امیر خسرو" راوت عرض کی حویلی میں اس وقت منتقل ہوگئے جبکہ وہ حویلی بہ این معنی خالی ہوئ تھی کہ راوت عرض کےصاحبزادگان اپنی جاگیر پر گئے ہوئے تھے۔(١٩) اس حویلی میں شیخ نظام الدین نے کم و بیش دو برس تک قیام کیا، اس حویلی کی تفصیل اور وہاں شیخ نظام الدین کے قیام کی جو تفصیلات میر خورد نے لکھی ہیں، وہ بھی قابل توجہ ہیں، یہ حویلی تین منزلہ تھی، نیچےکی منزل میں یعنی فرش کی منزل میں بعد وفات شیخ کبیر فریدالدین شکر گنج ان کے مرید خاص

میر خورد کے دادا، سید محمد کرمانی، اجودہن سے دلی آن کر نظام الدین اولیاء کے ساتھ اسی حویلی میں رہنے لگے تھے۔ وہ اٹھارہ برس تک شیخ کبیر کے ساتھ اجودہن میں رہے، بارہ سال تک شیخ نظام الدین کے ساتھ رہے، اس کے بعد غیاث پور میں شیخ نظام الدین کے جماعت خانے سے قریب ایک مکان میں رہنے لگے تھے۔ درمیانی منزل میں شیخ نظام الدین رہا کرتے اور اس سے اوپر کی منزل میں، طعام خانہ تھا۔ مگر افسوس کہ اس حویلی میں شیخ نظام الدین کے قیام کی مدت دو سال کی بھی پوری نہ ہونے پائی تھی کہ راوت عرض کے صاحبزادگان اپنی جاگیروں سے واپس آگئے اور انہوں نے اس قدر عجلت اور تانا شاہیت کے ساتھ شیخ نظام الدین سے وہ حویلی خالی کرالی کہ انہیں اس کا موقع بھی نہ دیا کہ وہ کوئی دوسرا مکان تلاش کر سکتے چنانچہ وہ وہاں سے مجبوراً "مسجد چھپردار" میں منتقل ہوگئے۔ لیکن میرخورد لکھتے ہیں و الله اعلم با الصواب، کہ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ اسی رات راوت عرض کے مکان میں آگ لگ گئی اور وہ رفیع درجات عمارت جل کر راکھ ہوگئی۔(۲۰)

ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حویلی خالی کروانے کے موقع پر امیر خسرو، دہلی میں نہ تھے ورنہ کچھ مداخلت ضرور کرتے، امیر خسرو لکھتے ہیں کہ وہ راوت عرض کے انتقال کے بعد ملک چھجو ابن کشلیخان کے ملازم ہوگئے، (دیباچہ غرۃ الکمال) اور ان کی مثنوی، "شکایت نامہ مومن پور عرف پٹیالی" کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ اول اول وہ "بزمرہ سواران"(۲۱) پٹیالی کے قلعے میں اس وقت متعین تھے"۔ جسے بلبن نے، سلطنت کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد وہاں تعمیر کیا تھا، (تاریخ فیروز

شاہی)

بہر حال ان تفصیلات میں یہاں جانے کی ضرورت نہیں۔ سیرالاولیاء کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ امیر خسرو اور شیخ نظام الدین کے تعلقات دہلی میں اس وقت سے پہلے ہی استوارہوچکے تھے جبکہ شیخ نظام الدین راوت عرض کی حویلی میں منتقل ہوئے، کیونکہ وہ "خسرو ہی کے وسیلے سے" ان کی خالی حویلی میں منتقل ہوئے تھے۔

شیخ نظام الدین سولہ سال کے تھے جبکہ وہ دہلی بغرض تعلیم تشریف لائے۔ یہ زمانہ ٦٦٢ہجری کا تھا، اس وقت امیر خسرو کی عمر کم و بیش بارہ سال کی تھی۔ خسرو کی طبیعت موزوں اسی سن و سال میں اپنا جوہر دکھانے لگی تھی چنانچہ وہ اپنے پہلے دیوان تحفۃ الصغر (جس میں انیس بیس سال کی عمر تک کلام ہے اتفاق سے تحفۃ الصغر میں خسرو کا وہ مرثیہ بھی ہے جو انہوں نے اپنے نانا راوت عرض کی وفات پر لکھا تھا) کے دیباچے میں لکھتے ہیں کہ

"عمارت عمر در خانہ دوازدہ بود کہ بنائے ارکان بیت، بنیاد تقطیع رباعی در (زار) خانہ آب و گل این حالی، اساس یافت"۔ (۲۲)

یعنی وہ بارہ سال کی عمر سے، رباعی کی بحر میں کلام موزوں کرنے لگے تھے اس کی ایک مثال بھی انہوں نے پیش کی ہے، ان کے استاد یا اتالیق جو ایک مشہور خطاط بھی تھے، سعدالدین محمد عرف قاضیٔ خطاط، وہ انہیں ایک روز ایک بزرگ خواجہ عزالدین کے یہاں اپنے ساتھ لے گئے اور ان سے یہ کہا کہ اس طالب علم نے عجیب و غریب ذہن پایا ہے،

کتنے ہی اہمل اور بے جوڑ الفاظ ہوں، انہیں یہ رباعی کی صورت میں موزوں کر دیتا ہے۔ ذرا اس کا امتحان تو لیجئے۔ چنانچہ خواجہ عزالدین نے چار اہمل بے جوڑ الفاظ۔۔ مو، بیضہ، تیر، خربزہ خسرو کو دیئے کہ میاں ذرا انہیں موزوں تو کرنا چنانچہ انہوں نے فی البدیہہ چند لمحات میں ایک رباعی کی صورت میں انہیں موزوں کر دیا وہ رباعی یہ ہے۔

ہر موی کہ در زلف خم آن صنم است
صد بیضہ عنبرین بر آن موئ صنم است
چون تیر بدان راست دلش را زیرا
چون خربزہ، دندانش درون شکم است (۲۳)

مگر جب وہ سولہ سال کی عمر کو پہنچے تو اس قسم کی مشق سخن کو، جسے انہوں نے دقت بینی، یا دور کی کوڑی لانے کے مترداف قرار دیا ہے خیرباد کہا اور اس کا کوئ نمونہ بجز رباعی مذکور، جو دیباچے میں درج ہے، انہوں نے تحفۃ الصغر میں شامل نہیں کیا، اور سنجیدہ شاعری کی طرف مائل ہو ئے۔ چنانچہ انہوں نے اپنےدوسرے دیوان "وسط الحیات" کے دیباچے میں، اپنی شاعری کے ایک نئے موڑ کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے

"چون عین علم را، از خانہ شانزادہ نظری بدست آمد، صدقۂ صداقت را بصری نور افزای حاصل و مقولۂ مقالات را نظری دور نمائ حاصل گشت و آئینۂ مثنوی را (؟) برغبت مخدومی (شیخ نظام الدین والحق) نمودند، وقت نمودار خیالات در آئینۂ باریک پنہان نوشتہ بود و طبیعتان صافی و صافاِ (؟) و آن را روئ آوردہ و مرد مان، مسودات سپاہانی در چشم می کشیدند

بنده نیز بر حکم تتبع آزادگان آن سکه را خریداری کرد و آن سعادت را مشتری شد و یکان یکان چہارگانی به طریق اصفہانی به اصحاب کمال (اشارہ کمال اصفہانی کی طرف ھے) نمودم"۔ (۲۳)

اب یہ دیکھئے کہ خسرو کے ان بیانات کی تائید میر خورد کے اس ترجمۂ خسرو سے کیونکر ہوتی ہے جو انہوں نے سیرالاولیاء میں، شامل کیا ہے۔ اگر کوئی فرق ہے تو وہ جزوی ہے

"چون خسرو بحد بلاغت رسید، بشرف ارادت سلطان المشائخ گردید و انواع مراحم و شفقت مخصوص گردید، و نظر خاص ملحوظ شد۔ در آن ایام کہ سلطان المشائخ در خانہ راوت عرض جد مادرین امیر خسرو، نزدیک دروازہ منده پل می بود، امیر خسرو در آن ایام در آغاز شعر گفتن بود و ہر نظمی کہ گفت بہ خدمت سلطان المشائخ گزرایند۔ تاروزی سلطان المشائخ فرمود به طرز صفاہا نیان بگوئ یعنی عشق انگیز و زلف و خال آمیز۔ از آن روزباز، که امیر خسرو در زلف وخال بتان پیچیده آن صفات دل آویز را بہ نیابت رسانید، بعده دیوان مبتدی و منتهی برابر قاضی معزالدین پانچه، پدر مولانا رفیع الدین پانچه به سلطان المشائخ به تمام گزرانید و رموز و اشارات آن تحقیق کرد"۔ (۲۵)

یہاں یہ چیز واضح ہوجاتی ہے کہ جیسا کہ خود خسرو نے بھی لکھا ہے خسرو کی تعلیم و تربیت میں شیخ نظام الدین اولیاء نے پوری طرح حصہ لیا بہت سی چیزیں ان سے سبقاً سبقاً پڑھیں، اور انوری، خاقانی اور سنائؔ وغیرہم کے مشکل اشعار کی تفہیم بھی ان سے حاصل کی اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ انہیں کے مشورے سے انہوں نے کمال اصفہانی کے طرز

میں، زلف و خال کے استعاروں میں شعر کہنا شروع کیا۔ نظام الدین اولیاء سے ان کے تعلقات کتنے گوناگون تھے، اس پر مزید روشنی ڈالی جائے گی۔ فی الحال میں اس مسئلے کو لے رہا ہوں کہ کیا امیر خسرو ان کے مرید تھے؟ اس سوال کو میں نے اس لئے اٹھایا ہے کہ ارادت رکھنا، ارادت کیش یا اردات مند ہونا، مرید ہونے سے ایک مختلف شے ہے اور چونکہ بالعموم یہی تصور کیا جاتا ہے کہ امیر خسرو نظام الدین اولیاء کے مرید تھے، اس لئے اس کی وضاحت بہت ضروری ہے اول تو یہ بات کہنی ہے کہ میر خورد نے سیرالاولیاء میں جو ترجمہ امیرخسرو کا پیش کیا ہے، اسے انہوں نے مریدوں کے ذیل میں نہیں رکھا ہے بلکہ احباب کے ذیل میں رکھا ہے۔ ثانیاً یہ کہ انہوں نے دست بیعت یا مرید کا لفظ خسرو کے ضمن میں کہیں نہیں استعمال کیا ہے بلکہ یہ لکھا ہے "چون بحد بلاغت رسید بشرف ارادت سلطان المشائخ گردید"۔ میر خورد نے جہاں کہیں بھی اس قسم کا جملہ لکھا ہے "چون بحد بلاغت رسید" مفہوم سن بلوغت تک پہنچنے سے ہے، (۲۶) چنانچہ اس کے معنی یہ ہوئے کہ جب وہ بالغ عمری کو پہنچے، ان کو شیخ نظام الدین سے شرف ارادت حاصل ہوا، لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ خسرو نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی یا کہ وہ ان کے مرید ہوئے۔ ہم لوگوں کے دیار میں بالغ ہونے کی عمر بالعموم چودہ سال لڑکوں کی بتائی جاتی ہے خواہ وہ لڑکا اس سے قبل بالغ ہو جائے یا اس کے بعد، چنانچہ ہمیں یہ تصور کرنا چاہیے کہ خسرو بھی ان کے ارادت کیش اسی عمر کے آس پاس ہوئے ہوں گے۔ اور اگر اس عمر کو، مابین چودہ اور سولہ سال قرار دیا جائے تو کچھ غلط نہ ہوگا اور ہم یہ بتاچکے ہیں کہ قبل اس کے کہ شیخ نظام الدین اولیاء، خسرو کے نانا راوت عرض کی حویلی میں، انکی رحلت کے

بعد منتقل ہوئے، ان دونوں کے تعلقات استوار ہوچکے تھے، کیونکہ خسرو ہی کے وسیلے سے وہ راوت عرض کی خالی حویلی میں منتقل ہوئے تھے ہم یہ بھی بتاچکے ہیں کہ بقول انکے خسرو نے ضیاء الدین اولیاء سے درس حاصل کرنے اور اپنا کلام دکھانے کا سلسلہ سولہ سال کی عمر سے شروع کر دیا تھا، اس لئے ہمارا یہ قیاس یا حساب غلط نہیں ہے کہ خسرو شیخ نظام الدین کی ارادت سے، ٦٦٤ہجری یا اس کے پاس کے زمانے میں مشرف ہوئے ہوں گے، اس وقت شیخ نظام الدین شیخ کبیر فریدالدین مسعود شکر گنج کے مرید ہوچکے تھے مگر ان کے خلیفہ نہیں بنے تھے اور جب تک کہ کوئی مرید اپنے پیر کا خلیفہ نہ بن جائے وہ کسی کو اپنا مرید بنانے نہ کا تو مستحق ہوتا ہے اور نہ کوئی جواز ہی رکھتا ہے۔ چنانچہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ نظام الدین اولیاء کی ارادت کیا، شیخ سے محبت اور مودت میں تو اضافہ ہوتا رہتا ہے لیکن وہ کسی بھی عمر میں شیخ نظام الدین اولیاء کے مرید اصطلاحی معنوں میں نہیں بنے، یہ حکایت خاصی طویل ہے قبل اس کے کہ اس کا کچھ حصہ بیان کیا جائے، ارادت، مرید، اور مراد، ان تینوں الفاظ کے اصطلاحی معنوں کے فرق کو جو وضاحت میر خودر نے رسالہ قشیری کے حوالے سے کی ہے، اس کو دہرانا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ میر خورد لکھتے ہیں:

"مرید، موجب اشتقاق، همان معنیٔ ارادت دارد، یعنی مرید آن ست که مراُورا ارادتے باشد، چنانکہ عالم آن ست که مراورا علمی باشد، فامّا در طریقت، مرید اورا گویند که مراُورا ارادتی نباشد تا آن غایت که مجرد از اردات نباشد، مرید نگویند۔ یعنی مرید آن ست که اختیار خود در باقی کند و بارضائے حق بسازد

ما قلم در سر کشیدم اختیار خویش را
اختیار آنست که او قسمت کند درویش را (۲۷)

مندرجہ بالا عبارت کا مفہوم اردو میں یہ ہے کہ ارادت اور مرید کا مادہ ایک ہے لیکن طریقت کی دنیا میں کسی ارادت مند کو مرید اس وقت تک نہیں کہتے ہیں، جب تک کہ وہ اپنا اختیار پیر کے ہاتھوں میں سونپ نہ دے۔ بیع نہ کردے (بیعت بیع کرنے سے ہے) اور اپنے کو راضی بہ رضائے حق نہ کرلے۔

امیر خسرو ان معنوں میں نہ تو کبھی شیخ نظام الدین اولیاء کے مرید ہوئے اور نہ کبھی ایسا ہوا کہ شیخ نے انہیں اہل دنیا سے متصور نہ کیا ہو۔ میر خورد نے امیر خسرو کو ان کے بڑھاپے میں دیکھا تھا، میر خورد لکھتے کہ جب میں پیدا ہوا تو میرے دادا اور نانا دونوں مجھے نظام الدین اولیاء کے پاس برائے تجویز نام لے گئے، شیخ نے میرا نام اپنے نام پر محمد رکھا (۲۸) میر خورد کے دادا سید محمد کرمانی کا انتقال بقول میر خورد ۷۱۱ہجری میں ہوا۔ (۲۹) اس کے یہ معنی ہوئے کہ میر خورد اپنے دادا کی وفات ۷۱۱ ھجری (۳۰) سے قبل پیدا ہوئے تھے اس کے بعد کے وہ واقعات کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "چون بنده بحد بلاغت رسید" (۳۱) تو میرے نانا مولانا شمس الدین دامغانی جو نظام الدین اولیاء کے ہم سبق تھے، شیخ نظام الدین والحق کے پاس لے گئے، شیخ نے اپنا دست بیعت میرے ہاتھ میں دیا اور میرے سر پرٹوپی رکھی،یعنی میں ان کا مرید بنا، اگر ان دونوں واقعات کو سامنے رکھا جائے تو یہ بتانا بعید از قیاس نہ ہوگا کہ میر خورد ۷۱۰ ہجری یا اس کے آس پاس پیدا ہوئے ہوں گے، اور وہ

شیخ نظام الدین کی وفات (٧٢٥ ہجری) سے قبل کم و بیش چودہ برس کی عمر میں ان کی بیعت سے مشرف ہوئے ہوں گے۔ ان حالات کے پیش نظر یہی کہا جا سکتا ہے کہ میر خورد نے امیر خسرو کو رقص کرتے ہوئے ان کی کہن سالگی میں دیکھا ہوگا۔ اس عمر میں شیخ نظام الدین اولیاء کا یہ کہنا کہ خسرو تم اہل دنیاسے ہو تمہیں یہ زیب نہیں دیتا ہے کہ تم ہاتھ کھول کر رقص کرو۔ (٣٢) اس پر میر خورد کا یہ مشاہدہ کہ "امیر خسرو دستہا گرد آورد و مشت بستہ رقص کردے کرأت کاتب حروف این معنی از امیر خسرو در رقص مشاہدہ کردہ است"۔ (٣٣) اس بات کی دلیل ہے کہ امیر خسرو نے اپنی عمر کے کسی بھی دور میں اس طرز زیست کو اختیار نہیں کیا جو چشتیہ سلسلے کے صوفیوں اور ان کے مریدوں کا تھا۔

اس سلسلے میں مزید تفصیلات جو میں بہم پہنچاؤں گا اس سے یہ بات ثابت ہوگی کہ وہ شیخ نظام الدین کے مرید، کبھی نہ ہوئے۔ ہر چند کہ ان کی محبت اور مودت اپنے شیخ سے عاشقی کے درجے کو پہنچی ہوئی تھی جیسا کہ میر خورد نے بھی لکھا ہے "بہ اعتقاد صادق درمحبت سلطان المشائخ بحدے کوشید کہ شایان محرمیت اسرار آن حضرت گشت"۔ (٣٤) لیکن مرید اور محب، دونوں کے مراتب اور درجات بڑے مختلف ہوتے ہیں۔

پہلے ہم اس بات کو لیں گے کہ ان کا تصوف سے علاقہ کس حد تک تھا اور اپنے زمانے کے عرف عام کے صوفیوں کے بارے میں ان کی کیا رائے تھی اور کس زمانے میں وہ تصوف کی طرف از خود مائل ہوئے ہیں۔ مگر اس روش کے ساتھ کہ بندگئ شاہ کو انھوں نے کبھی ترک نہ کیا۔ یہ بات سب ھی کو معلوم ہے کہ امیر خسرو، سلطان غیاث الدین تغلق شاہ کے

ہمراہ بنگالہ سے دہلی کو واپس آرہے تھے کہ راستے میں انہوں نے نظام الدین اولیاء کی وفات کی خبر سنی(۳۵)، چنانچہ بہ عجلت تمام بعد وفات سلطان غیاث الدین تغلق شاہ (۳۶) وہ دلی پہنچے اور اپنے شیخ الشیوخ نظام الدین اولیاء کے مرقد پر حاضری دی۔ میر خورد لکھتے ہیں کہ اس حاضری کے چھ مہینے بعد (۳۷)، نہ کہ شیخ کی وفات کے چھ مہینے بعد، امیر خسرو کا انتقال ہوا، مگر اس چھ مہینے کی زندگی میں بھی خسرو نے بندگیِ شاہ ترک نہ کی وہ محمد ابن تغلقشاہ کے دربار سے بھی وابستہ رہے۔(۳۸)

میر خورد نے سیرالاولیاء میں جہاں ترجمہ امیر خسرو کا لکھا ہے، وہاں یہ لکھنے کے بعدکہ "باطنے صاف داشت طریقۂ اہل تصوف در صورت و سیرت او پیدا بود اگرچہ تعلق بہ بادشاہان داشت"، ان کا ایک شعر پیش کیا ہے، مگر اس کا صرف ایک مصرعہ لکھا ہے۔ بریان نے وہ پوراشعر نقل کر دیا ہے۔ اس سے خسرو کے اس نقطہ نظر کی وضاحت ہوتی ہے کہ وہ تصوف کو ایک روحانی تجربے کی شے سمجھتے، نہ کہ ظاہری طور طریقے، کی شے، اور جس طرح اس کو ایک ادارے کی شے، ایک مسلک اور مذہب کی شے بنایا گیا تھا جس میں ترک دنیا کا تصور غالب تھا وہ اس کے مخالف بھی تھے،اور اگر اس کے باوجود انہیں نظام الدین اولیاء سے بڑی عقیدت تھی، اور ان کی محبت درجہ انتہا کو پہنچی ہوئی تھی تو، اس کے دوسرے اسباب تھے جن کو ذیل میں بیان کیا جائے گا فی الحال ان کا وہ شعر ملاحظہ ہو جس کا صرف ایک مصرعہ آخر چرنجی لال کے فارسی نسخے میں پیش کیا گیا ہے اور اس کا پہلا مصرع بریان نے کہیں اور سے نقل کر کے پوری بیت مکمل کر دی ہے وہ بیت یہ ہے۔

مراد اہل طریقت لباس ظاہر نیست
کمر بخدمت سلطان به بند و صوفی باش (۳۹)

چنانچہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جہاں وہ تصوف کے ارادے کی تنقید کرتے ہیں، وہاں وہ صوفیوں کے لباس ظاہر اور ان کے طور طریقے کا بھی مذاق اڑاتے ہیں۔ خسرو نے اپنے قصیدہ "حلق الاشعار" میں مرید ہونے کے موقعے پر سر منڈانے یا مخلوق کئے جانے کی جو رسم تھی اس کا مذاق دل کھول کر اڑایا ہے، اس نظم کی چند ابیات ملاحظہ ہوں۔

ز سر که موئے فگندم نه این طریق صفاست
از آن که در ته ہر موسیاہئ برخاست
مراست چو سر مخلوق پر خیال فساد
نه اینست کاسۂ سر بلکه طاسک صباست (۴۰)

اب اینست کے چند اشعار ایسے ملاحظہ ہوں جہاں انہوں نے اپنے زمانے کے عرف عام صوفیوں کی مذمت میں کہے ہیں۔

آه از این طایفۂ زرق ساز
آستیں کو ته و دست دراز
پشم سیۂ شان نه زا گاہی ست
رام سیه از پئے ده ماہی ست
زشت بود صوفی و میل زرش
موئ نئ، کوه گران بر سرش
موچه تراشی بسر بار سخت
خود شوی اصلح چو گرانست رخت (۴۱)

اب ان کے چند اشعار کچھ قاضیان شہر کے بارے میں بھی ملاحظہ ہوں۔

قاضیان اند (...)
همه کافر مزاج و رشوت خوار
علم ایشان بر نسبت جبه
فضل ایشان به بندش دستار
نزد قاضی برند ظلم همه
ظلم قاضی کے کند اظهار
آن رسید از جفائے شان برخلق
که به غزنین زکافران تتار (۴۲)

حقیقت، طریقت اور شریعت کے رشتوں کے بارے میں ان کی رائے یہ تھی کہ

عین شریعت به حقیقت درست
شرع اگر عین نباشد شر ست

جہاں تک توحید سے متعلق ان کے نظریات کا تعلق ہے، وہ علی الاعلان وحدت الوجودی تھے اور اپنے صوفیانہ رویے میں ایک قلندرانہ ذوق رکھتے تھے، جو صوفیانہ ذوق سے قدرے مختلف شے ہے، ہر چند کہ مذہب عشق، نظام الدین اولیاء کا بھی تھا، لیکن جو رندانہ انداز مذہب عشق کا، خسرو کے یہاں ملتا ہے وہ نظام الدین کے یہاں نہیں ملتا ہے۔

ما عاشق دردیم و دوا رانشناسم
ما تشنۂ دردیم و صفا رانشناسم

گر ساقیٔ بت رویٔ، دهد باده به مسجد
مستانه بنوشیم که جارا نشناسم
باشاہد و میٔ برسر بازار برآیم
کنج ورع و کویٔ ولا رانشناسم
دیوانۂ عشقم گسسته رسن عقل
جز سلسلۂ زلف دو تارا نشناسم (۴۳)

خسرو کے اس قلندرانہ ذوق عشق اور وحدت الوجودی نقطہ نظر کے شواہد ان کے ان اشعار میں بھی ملتے ہیں جن میں انہوں نے کوئی تلمیح حسین بن منصور حلاج کی استعمال کی ہے۔ میر خورد کے بیان کے مطابق شیخ نظام الدین اولیاء نے ایک بار اس استفسار کے جواب میں کہ آپ کی رائے حلاج کے بارے میں کیا ہے، انہوں نے ان کو مردود کے لقب سے یاد کیا۔ (۴۴) حالانکہ جب منصور کو پھانسی دنیے کا ذکر آیا کرتا تو شیخ شیوخ العالم فریدالدین شکر گنج یہ رباعی پڑھا کرتے۔

از نور جلال، مرد مطلق خیزد
از شوق خدا نگرچه رونق خیزد
این خاطر مردان چه عجائب بحرے ست
چون موج زند، ہمه اناالحق خیزد (۴۵)

یہ چند باتیں میں نے اس لئے بیان کی ہیں تا کہ یہ اندازہ ہو سکے کہ خسرو کے صوفیانہ خیالات اور شیخ نظام الدین کے صوفیانہ خیالات میں بڑا فرق تھا، ایک کو دوسرے کے خیالات کے آئینے میں پڑھنا نہیں چاہیے، امیر خسرو کی شخصیت ایک شاعر، ایک دانشور کی تھی، وہ شاعری کے

بارے میں صوفیانہ طرز شاعری اور ناصحانہ شاعری کو سخت نا پسند کرتے اور حکمت کے اشعار کو پیش کرنا اپنے لئے باعث فخر سمجھتے۔

چو شعر مایۂ حکمت بود بقول رسول
نہ بندہ کم ز فلاطون و بو علی سینا ست (٤٦)

اور ان کے جو عاشقانہ خیالات ہیں ان کا اظہار انہوں نے قلندرانہ ذوق کے ساتھ کیا ہے،اور کہیں سے بھی یہ احساس نہیں ہوتا ہے کہ وہ آدمی اور آدمی کے درمیان تفریق مذہب و ملت و کفر و ایمان کی کرتے۔ ان کا مذہب عشق ساری دنیا کے انسانوں کو ایک خاندان اور ایک کنبے میں متحد کرنے کا تھا۔ اس سلسلے میں ان کے بے شمار اشعار ان کے مختلف دواوین سے پیش کئے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ راقم السطور نے اپنی کتاب "امیر خسرو دہلوی، حیات اور شاعری" میں اس قسم کے بے شمار اشعار پیش کئے ہیں اور ان کے نظریۂ شاعری سے بھی بحث کی ہے جو صوفیاء کے نظریہ شاعری سے بہت ہی مختلف ہے۔ اس سلسلے میں راقمِ السطور نے امیر خسرو کی زندگی، ان کے مشاغل زندگی، ان کی جو دلچسپی سرود و ساز مشاغل سرخوشی، اور عشق و عاشقی سے تھی ان ساری چیزوں کو ان کے خطوط کی نظم و نثر اور ضیاء الدین برنی کے بیانات سے واضح کئے ہیں اور یہ بتایا ہے کہ آغاز جوانی سے لے کر جلال الدین خلجی کے عہد تک ان پر تصوف کا کوئی خاص اثر نہ تھا۔ وہ دنیا کی لذتوں اور اس کی رنگینیوں سے لطف اندوزی میں مشغول رہے۔ لیکن علاءالدین خلجی کے عہد میں جس کا ذکر بعض تذکروں میں بھی ملتا ہے بوجوہ اور باتوں کے علاءالدین خلجی کے عہد کے اولین چار برسوں میں وہ خدمت شاہ اور اس کے جود و سخا سے

محروم رہنے کے باعث بھی، وہ تصوف کی طرف مائل ہوئے۔ چنانچہ تقی اوحدی اپنے تذکرے "عرفات العاشقین" میں لکھتے ہیں "مدتہا در ملازمت علاءالدین محمد بادشاہ ہندوستان بود و در اواخر یکبار از ملازمت و ے سرتافتہ ارادت بخدمت شیخ آورد و از شرف صحبت وی ابواب تحقیقات بر رخ جانش کشودہ شد، و شیخ تاغایت معتقد و ے بودہ کہ در دعا می گفت الٰہی مرا بسوز سینۂ این ترک بہ بخش"۔(۴۷)

مانا کہ اس تذکرے میں بھی واقعات کو صحیح طور سے، یعنی تاریخی ترتیب کے ساتھ پیش نہیں کیا گیا ہے لیکن ایک بات جو خسرو کے تمام کلام کے مطالعے سے پایۂ تحقیق کو پہنچتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ علاءالدین خلجی کے عہد میں، نہ کہ اس سے قبل کے عہد میں تصوف کی طرف زیادہ راغب ہوئے، اس موضوع پر تفصیلی بحث راقم الحروف نے اپنی کتاب "امیر خسرو دھلوی حیات اور شاعری" میں پیش کی ہے اور انکی مختلف مثنویات اور دیگر نظموں کے حوالوں سے اس کی وضاحت بھی کی ہے، اس سلسلے میں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ خسرو کی شاعری ان کی ذات پر پردہ نہیں ڈالتی ہے بلکہ ان کی ذات کو بے نقاب کرتی ہے، ان کی شاعری بھی دنیا کے دوسرے حقیقی شعرا کی شاعری کی طرح منکشف ذات ہے۔ اب ان کے چند اشعار، اس حوالے سے ملاحظہ ہوں۔

بسے خواستم کین تن ارجمند
بہ زندان عصمت کنم شہر بند
ولے چون ندارم زتوفیق نور
زمن کے شود ظلمت نفس دور

درون سوئے شہوت گرائی کنم
بروں دعوئے پارسائی کنم
بہ پنجاہ نزدیکم آمد حیات
ہنوزم نشد توبہ زین تربات
آئینہ سکندری (تالیف ٦٩٩ ہجری) (٤٨)

اب ستر سال کی عمر میں کہے ہوئے ان کے چند ایسے اشعار ملاحظہ ہوں جن کا تعلق اسی قسم کے انکشاف ذات سے ہے۔

عمر از شصت شد بہ ہفتاد قریب
نیست دل را زبہ افتاد نصیب
تنی از طاعت دین بیگانہ
کعبۂ بیرون و درون بتخانہ
نفس با من کہ چومہ با قصب است
مانع خیر چو مہ بازنب است
رسم مہر است کہ باہر کا میخت
اثر صحبت خود در او ریخت
من ہمانم کہ ز نفس منحوس
گشتہ ام زاغ کہ بودم طاؤس
مثنوی نہ سپھر مولفہ ٧١٨ ہجری (٤٩)

اوپر میں نے جو چند اشعار ان کی مثنوی نہ سپھر سے پیش کئے ہیں، اس کے آخری دو اشعار خاصے دلچسپ ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ رسم آفتاب ہے کہ اس کی کرنیں جس پر پڑتی ہیں انہیں بھی روشن کر دیتا ہے،

لیکن میرا منحوس نفس ایسا ہے اس پر کسی کی صحبت کا اثر کچھ نہیں ہوتا ہے بلکہ ترقی معکوس ہے، میں پہلے طاؤس تھا اور اب اپنی بدبختی سے زاغ بن گیا ہوں۔ ان دو اشعار کی طرف میں نے آپ کو متوجہ اس غرض سے کیا ہے کہ شاعری کو مبالغہ جس کا زیور ہے، بالکل حقیقت نہیں تصور کر لینا چاہیے۔ خسرو نے بہت کچھ اثر اپنے حبیب شیخ نظام الدین اولیاء کی محبت میں عاجزی و انکساری کا قبول کیا تھا اور جہاں تک کہ ان کے سوز درون کا تعلق ہے، جو روحانیت کی اساس ہے، جب تک کسی کا قلب رقیق نہ ہو، وہ کسی کا دکھ درد محسوس نہیں کر سکتا ہے اور نہ وہ کائنات کی وسعت میں، اپنی ہیچ میرزی کو محسوس کر سکتا ہے، اس بات میں شیخ نظام الدین اولیاء خود ان کے سوز درون کے قائل تھے، چنانچہ جہاں انہوں نے خسرو کو ترک اللہ (٥٠) کا خطاب دے رکھا تھا وہاں بارگاہ خداوندی میں ان کے سوز قلب کے صدقے میں اپنی نجات کے طالب ہوتے، میں یہ دو باتیں درمیان میں اس لئے لایا ہوں تاکہ یہ محسوس کیا جاسکے کہ خسرو کی شخصیت کی تعمیر میں شیخ نظام الدین کی صحبت کے اثرات کو خاصا دخل ہو گیا تھا، وہ ان کے مرید و مقلد نہ سہی، آزاد طبع، آزاد فکر، آزادہ رو اور قلندرانہ مذاق زیست کے قائل سہی۔

ترک ہر مذہب گرفتم زانکه نزد پیر دیر
ذکر مذہب لاابالی، ز اختلاف مذہب است (٥١)

لیکن انہوں نے اس سے انکار بھی نہیں کیا ہے کہ صحبت شیخ نے مجھ میں کوئی اثر پیدا نہ کیا۔ وہ اپنے چوتھے دیوان بقیہ نقیہ میں جہاں شاعری کے میدان میں اپنی دروغ بافی وغیرہ کا ذکر کرتے ہیں وہاں وہ نظام

الدین اولیاء کی محبت با برکت کے اثر کا بھی ذکر کرتے ہیں کہ (اُو)۔

مرا مسکنت آموخت و طینت بندہ از سرشت طیب اوست کہ اخلاقم از دم طیب او مطیب گشتہ است۔ و ہمہ خیر ہا پروردۂ انفاس اوست۔ (۵۲) اس کے بعد جب اپنے چوتھے دیوان بقیہ نقیہ کی خصوصیت بیان کرتے ہیں تو ان کا ذکر کرنا نہیں بھولتے ہیں کہ "این دیوان ہم کہ خسرو دیوانہاست کہ کلک بندہ با یمن قدوم شیخ الشیوخ خود کہ راہ نمون من است" (۵۳) الغرض یہ کہ انہوں نے شیخ نظام الدین سے نہ صرف عاجزی و انکساری سیکھی بلکہ شاعری کی دنیا میں بھی راہنمائی حاصل کی۔ اور اس کی طرف میں اشارہ پہلے بھی کر چکا ہوں کہ شیخ نظام الدین اولیاء خسرو کے استاد کئ معنوں میں تھے، چنانچہ سیرالاولیاء میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ شیخ نظام الدین نے خسرو کے نام، چند مکتوبات ذوقیات کے موضوع پر بھی لکھے تھے، (۵۴) جواب دستیاب نہیں ہیں۔

وہ لوگ جو خسرو کو صرف شیخ نظام الدین اولیاء کے حوالے سے جانتے تھے، اور اب بھی جانتے ہیں ان میں سے اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو نظام الدین اولیاء کو صرف ایک صوفی کی حیثیت سے جانتے ہیں وہ لوگ یا تو انکے گوناگوں ذوق، ذوق شاعری، ذوق نغمہ، ذوق رقص اور ذوق حسن پرستی سے نابلد ہیں یا کہ ان مشاغل کو من زمرۂ ذوقیات تصوف نہیں سمجھتے ہیں۔ چنانچہ یہی سبب ہے کہ وہ لوگ خسرو اور نظام الدین کے تعلقات کو صرف تصوف کے رشتے یعنی پیری اور مریدی کے رشتے سے دیکھتے اور اس کے لئے طرح طرح کی ایسی حکایتیں گھڑ رکھی تھیں جن کا کوئ ذکر سیرالاولیاء یا ان کے معاصر تذکروں اور کتب تواریخ میں نہیں

ملتا ہے۔ اب جبکہ تحقیق کا ذوق لوگوں میں بڑھ گیا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ امیر خسرو اور نظام الدین اولیاء کے تعلقات کو بھی تاریخی حقایق اور ایسے استاد کی روشنی میں دیکھا جائے جو ان کے معاصرین چھوڑ گئے ہیں اور آج دستیاب ہیں۔ چنانچہ یہ مضمون اسی کوشش کی جانب ایک قدم ہے۔ اب میں تصوف سے قدرے ہٹ کر، اس بات کی طرف آپ کو متوجہ کرنا چاہوں گا کہ خسرو اپنے زمانے میں زیادہ تر لوگوں کے درمیان یا تو ایک ندیم شاہ، نکتہ سنج، بذلہ گو اور شاعر بے مثال کی حیثیت سے مشہور تھے (خسرو نے اپنی مثنوی شکایت نامہ مومن پور عرف پٹیالی میں یہ لکھا ہے کہ میری صحبت زیادہ تر ظرفا کے ساتھ رہا کرتی اور یہ بات ضمناً بتائی جا چکی ہے کہ چیستان گوئی کا ذوق ان میں بچپن ہی سے تھا، چنانچہ وہ صرف ہندی ہی میں نہیں بلکہ فارسی میں بھی چیستان لکھا کرتے۔ غرۃالکمال میں اس کے نمونے دیکھے جا سکتے ہیں۔ خسرو نے سودا کی طرح کے ہزلیہ قصاید اور اشعار بھی لکھے ہیں) یا پھر ایک گائیک اور نائیک کی حیثیت، اور اس کے لئے کسی خارجی شواہد کی ضرورت نہیں انہوں نے خود یہ لکھا ہے کہ میری تصانیف موسیقی اتنی ہیں کہ اگر ان کو جمع کیا جائے تو تین دفاتر تیار کئے جا سکتے ہیں۔ (۵۵) سیرالاولیاء میں انہیں ایک خوش لحن اور پرسوز شعر خوان کی حیثیت سے بھی پیش کیا گیا ہے۔ چنانچہ آج قوالوں کی برادری امیر خسرو کو جو ایک نایک یعنی استاد موسیقی، اور قول تلبانے اور ترانے میں اور مختلف راگوں کے امتزاج سے کسی نئے راگ کا موجد قرار دیتے ہیں تو وہ کچھ بے وجہ نہیں ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا نظام الدین اولیاء فن موسیقی سے نابلد تھے؟ اور کیا خسرو ان کو اس لئے عزیز نہ تھے کہ وہ فن موسیقی میں ید طولیٰ رکھتے اور ان کی

محفل سماع کی جان ہوا کرتے؟ اس سلسلے میں ایک آدھ اقتباس سیرالاولیاء سے شیخ نظام الدین کے ذوق سماع اور فن موسیقی کی مہارت سے متعلق ملاحظہ ہو۔ میر خورد لکھتے ہیں۔

"خوب طبعان عالم، از شعرائے بے نظیر و ندیمان دلپذیر و جوانان لطیفہ گو" (امیر خسرو میں یہ ساری خوبیاں تھیں وہ ایک شاعر بے نظیر ایک ندیم دلپذیر ایک جوان لطیفہ گو تھے)

ہمہ سر بر آستان حضرت سلطان المشائخ نہادہ بودند۔ و از دولت او ہر کسے بہ اندازہ طبع خویش در ہر قسم کہ می بودند، ذوقہا در سینہ خود احساس می کردند۔ وہ قوالدن خوش گوئ کہ چاکران آن حضرت بودند۔ و سائر قوالان شہر نظر برلطافت طبع آن بادشاہ عشق۔ واضع علم موسیقی گشتہ دمبدم غزلے جدید، و صورت نو، می آوردند و کار سرود را بعلوم علوی می رسانیدند "۔ (٥٦)

محولہ بالا عبارت سے جہاں یہ بات واضح ہوتی ہے کہ علم موسیقی میں خواجہ نظام الدین اولیاء کو بڑا درک حاصل تھا، جب بھی کسی قوال سے، کسی شعر خوان سے، یا ہندی بول گانے والوں سے، راگ راگنیوں کے برتنے میں خطا سرزد ہوتی تو وہ ٹوک دیا کرتے اور جب کوئ شخص عالم وجد میں ان کے ساتھ رقص کرتا اور اس کی پاکوبی، غیر اصولی ہوتی تو وہ اسے رقص سے منع کر دیا کرتے۔ اس کی مثالیں سیرالاولیاء کے حوالے سے دی جا سکتی ہیں۔ اختصار مانع ہے، اس سلسلے میں یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ موسیقی ہو یا رقص، جو اظہار آہنگ کے دو مختلف ذرایع ہیں ان کا ذوق عشق ہی کی دولت سے کسی کی شخصیت میں رونما ہوتا ہے

چنانچہ شیخ المشائخ کہا کرتے، "عشق را مطرب از درون باشد"۔ (۵۷) اور ایک موقع پر جب ان سے یہ پوچھا گیا کہ شیخ بدرالدین تو بہت ضعیف اور عمر رسیدہ تھے، وہ کیونکر رقص کیا کرتے، اس پر شیخ نے فرمایا کہ "او نمی رقصد، عشق می رقصد ۔ ہر کرا عشق است در رقص است ۔(۵۸)

میرخورد نے شیخ نظام الدین اولیاء کو جو بادشاہ عشق کا لقب دیا ہے، وہ کچھ بے وجہ نہیں ہے۔ ان پر جذبہ عشق بچپن ہی سے غالب تھا۔ ایام کودکی میں، وہ اپنے شہر بدایون میں ایک پسر شحنہ پر بُری طرح عاشق ہو گئے تھے کہ اس کے عشق میں ایک دن اپنے جامنے کو چاک چاک کر ڈالا۔ (۵۹) چنانچہ ان میں غلبہ عشق پیری تک قایم رہا اور اگر یہ کہا جائے کہ ایک بادشاہ عشق دوسرے بادشاہ عشق پر عاشق تھا تو خسرو اور نظام الدین اولیاء کی محبت اور عقیدت کو سمجھنے میں آسانی ہو سکتی ہے۔ پیری مریدی کا رشتہ، اطاعت شیخ اور راضی بہ رضائے الٰہی ہونے کا رشتہ ہے، اس کے برعکس عاشقی کا رشتہ ناز فرمائی و بے نیازی کا رشتہ ہے، تمام انسانی رشتوں میں یہ رشتہ، اکمل رشتہ انسانیت ہے کہ یہ رشتہ دو آزاد شخصیتوں کے انجذاب باہمی اور افتراق باہمی کا رشتہ ہے۔ یہ سارے رشتوں پر غالب آنے کا رشتہ ہے، آزادہ روی و وارستگی اخوت و محبت اور اخلاق مروت کی باہمی کشاکش و ہم آہنگی کا رشتہ ہے۔ اس کی منطق ہی جداگانہ ہے۔ اسکا اظہار کیونکر ہوا کرتا، اس کو میر خورد نے امیر خسرو کو شیخ المشائخ کا محرم راز بتا کر چھوڑ دیا ہے۔ لیکن ایک محفل سماع کی جو تصویر کھینچی ہے، اس سے کچھ کچھ شیخ کی اس محبت کا اندازہ ہوتا ہے جو انہیں خسرو سے تھی، ایک موقع پر حسن بہدی یا پہدی قوال نے

شیخ اوحدی کرمانی کی ایک غزل چھیڑی، اس پر شیخ کو گریہ آیا اور وہ عالم وجد میں آگئے لیکن جب خسرو نے دیکھا کہ ان کے ذوق سماع کی تسکین خاطر خواہ اس سے نہ ہوپائی تو انہوں نے یہ غزل چھیڑ دی۔

رخ جملہ را نمود، مرا گفت تو مبین
زین ذوق مست بے خبرم کین سخن چہ بود

اس پر میر خورد اپنی یاد داشت کی بنا پر لکھتے ہیں کہ "ہمینکہ این بیت بسمع مبارک حضرت سلطان المشائخ رسید او بگوشہ چشم کہ چشمہ محبت بود سوئے امیر خسرو دید باز ہمان حال و ہمان گریہ بر سلطان المشائخ مستولی شد"۔ (٦٠) یعنی ان کے لئے خسرو فیضان محبت کی بھی ایک شخصیت تھے۔

غزل ایک ایسی صنف سخن ہے کہ جس کے سارے اشارات عمومی حیثیت کے ہوتے ہیں اور یہ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ فلاں شعر میں جو اشارہ ہے وہ فلاں شخصیت سے تعلق رکھتا ہے۔ تا وقتیکہ بداہۃً کوئی اشارہ نہ کیا گیا ہو۔ امیر خسرو کی ایک غزل ایسی بھی ہے جس کے اشارات، نظام الدین کی طرف معلوم ہوتے ہیں لیکن اس غزل سے چند اشعار پیش کرنے سے قبل یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ خسرو کو ا پنے کلام میں شیرینی پیدا کرنے کے لئے اپنے دہن میں شیخ نظام الدین کے لعاب دہن پانے کی بڑی خواہش تھی۔ چنانچہ وہ وسط الحیات کے دیباچے میں ایک بیت میں کہتے ہیں۔

یا رب آن معنی کہ در کام محمد ریختی
جرعہ ای برمن چکان آبی ازآن برمن رسان

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ اس کے بعد کے زمانے میں وہ اپنی اس خواہش کو پوری کرنے میں کامیاب ہو گئے تھے، چنانچہ وہ اپنی مثنوی نہ سپہر میں شیخ کی مدح میں لکھتے ہیں۔

من از وے لعاب دہن یافتم
کہ زین گونہ آب دہان یافتم (۶۱)

اب اس شعر کو سامنے رکھتے ہوئے ایک غزل کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

آن کیست کہ می آید، صد لشکر دل، با او
درویش جمالش ما، سلطان دل ما او
بی صبح شبی خواہم کہ او غم خود گویم
من گویم و او خندد، تنہا من و تنہا او
مہتاب چہ خوش بودی کہ او بودی و من تنہا
لب بر لب و رو بر رو، او بامن و من با او
من خسرو و اُو زیبا، بنگرکہ چہ تنگ است این
دیباچہ دلہا من، آئینہ جا نہا اُو

خسرو نے نظام الدین اولیاء کی وفات پر ایک مرثیہ کہا تھا اور جس میں انہوں نے شیخ نظام الدین کی تاریخ وفات بھی نظم کی ہے، اور جس کا حوالہ میر خورد نے سیرالاولیاء میں دیا ہے۔ (۶۲) وہ مرثیہ خاصا طویل ہے، بارہ بارہ ابیات کے گیارہ بندوں پر مشتمل ہے، ہر بند کی آخری بیت میں ردیف اور قافیہ بدل جاتا ہے۔ گیارہویں بند کی آخری دو بیتیں ملاحظہ ہوں۔ (۶۳) ان دونوں اشعار میں نظام الدین اولیاء کے اس عشق کی

وضاحت ملتی ہے جو ان کو خسرو سے تھی۔

چو عشق پاک را، ز آلایش شہوت نیا لودی
وصال جاوداں از قرب رب العالمین بادت
چو در دیدا ر چشم آرزو را در کشاد آری
دران حالت ز حال خسرو بیچارہ یاد آری



ماخذ اور تعلیقات

۱۔ نظام اردو خطبات، ۱۹۷۰ء، حضرت نظام الدین اولیاء حیات اور تعلیمات، صفحہ ۲۳۔ پروفیسر محمد مجیب مرحوم، اشاعت اول ۱۹۷۲ء شائع کردہ شعبہ اردو، دہلی یونیورسٹی دہلی۔۷

۲۔ غلام احمد بریان نے میر خورد کی تصنیف سیرالاولیاء کا ترجمہ اردو میں ۱۹۲۳ء لاہور سے شائع کروایا تھا، یہ ترجمہ بھی کمیاب ہو گیا تھا اب اس کی عکسی نقل، لاہور سے الکتاب ناشرین نے ۱۹۷۸ء میں شائع کی ہے، حوالہ اسی عکسی نقل سے دیا جائے گا۔

۳۔ سیرالاولیاء کے متعدد قلمی نسخوں کی نشان دہی مختلف جگہوں میں کی گئی ہے، لیکن ان میں سے صرف ایک کا متن شائع ہوا ہے اسے چرنجی لال جینی (رئیس قدیم درگاہ نظام الدین اولیاء واقع غیاث پور متصل دہلی) نے نہایت جانفشانی سے مرتب کر کے، ۱۳۰۲ء ہجری / ۱۸۸۵ء میں شائع کرایا تھا، اس کی عکسی نقل حال ہی میں مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان (واقع اسلام آباد) نے ۱۹۷۸ء میں

شائع کردی ہے، اس کتاب میں سیرالاولیاء کے اس فارسی نسخے سے جتنے بھی حوالے دئے جائیں گے ان کے سامنے "س" لکھ کر صفحات کے نمبر درج کردئے جائیں گے۔

۴۔ ترجمہ سیرالاولیاء از بریان ۔ ص ۱۶۲ ۔ آ گے کے صفحات میں بریان لکھ کر صفحہ نمبر لکھ دیا جائے گا۔ وہ الحاقی عبارت یہ ہے، جو ایک تشریحی عبارت ہے اور متن سے بالکل ہٹی ہوئی ہے۔ "واضح ہو کہ جناب سلطان المشائخ قدس سرہ ۔۔۔ آپ کی ولادت ۶۳۶ ہجری میں ہوئی"۔ فارسی کے متن میں یہ سارے جملے نہیں ہیں۔

۵۔ س۔ ص ۔ ۱۱۰

۶۔ ایضاً ۔ ص۔ ۱۱۶

۷۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۱۱۷

۸۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۱۲۶

۹۔ ایضاً۔ ص ۔ ۱۲۶

۱۰۔ ایضاً ۔ ص۔ ۱۲۷ ۔ ۱۲۹

۱۱۔ ایضاً ۔ص ۔ ۹۹

۱۲۔ ایضاً ۔ ص۔ ۱۰۱

۱۳۔ مطبوعہ۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو، اردو بازار دہلی (بار دوم)

۱۴۔ تاریخ فیروز شاہی اُردو ترجمہ مرکزی اردو بورڈ لاہور، ۱۹۶۹ء ، ص ۱۹۳ ۔

۱۵۔ مولفہ ابوعبداللہ محمد فاضل بن سید احمد بن حسن حسینی ترمذی۔ مخزونہ انجمن ترقی اردو کراچی کیٹلاگ نمبر ف ۱۰/۳

۱۶۔ س ۔ ص ۔ ۳۹۷

۱۷۔ سوانح حضرت محبوب الٰہی، اخلاق حسین دہلوی

۱۸۔ س ۔ ص ۔ ۱۱۸

۱۹۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۱۱۸

۲۰۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۱۱۹

۲۱۔ من کہ از زُمرہ سوارانم، ازتھی دست اشک بارانم (کلیات خسرو، انڈیا آفس لائبریری کیٹلاگ شمارہ ۱۱۸۸ دیوان تحفۃ الصغر کی آخری نظم، اس سے بھی پتہ چلتا ھے کہ مثنوی شکایت نامۂ مومن پورعرف پٹیالی خسرونے بیس اکیس برس کے سن یعنی ۶۷۱، یا ۶۷۲ ھجری میں تصنیف کی اُس زمانے میں وہ پٹیالی میں تھے۔

۲۲۔ دیباچہ تحفۃ الصغر ۔ کلیات خسرو، شمارہ Add. 21104 برٹش میوزیم لائبریری لندن ف (۵، ۶، ۷)

۲۳۔ ایضاً

۲۳۔ دیباچۂ وسط الحیات، کلیات خسرو، شمارہ Add, . 21104 برٹش میوزیم لائبریری لندن

۲۵۔ س ۔ ص ۔ ۳۱۱

۲۶۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۳۶۷ «چوں بندہ بحد بلاغت رسید»

۲۷۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۳۳۱

۲۸۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۳۶۷

۲۹۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۲۲۰ «شب جمعہ سنہ احدے و عشر و سبعمایہ

۳۰۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۳۶۷،(جب وہ پیدا ہوئے تھے تو ان کے دادا سید محمد کرمانی زندہ تھے)

۳۱۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۳۶۷

۳۲۔ ایضاً ۔ ۵۱۶ «امیر خسرو را پیش خود طلبید و فرمود کہ توتعلق بہ دنیاداری ترانشاید کہ دستہا بالا کردہ در رقص در آئی»

۳۳۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۵۱۷

۳۴۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۳۱۱

۳۵۔ ایضاً ۔ (۱۸ ربیع دوم، ۷۲۵ ھجری) ۔ ص ۔ ۱٦۵

۳٦۔ پهلی جمادی الثانی ۷۲۵ ھجری ۔ امیر خسرو دھلوی اور شاعری (مرتبہ پروفیسر ممتاز حسین) مطبوعہ نیشنل بک فاؤنڈیشن ۱۹۷٦ء ۔ ص ۔ ۳۱۰

۳۷۔ س ۔ ص ۔ ۳۱۳ ۔ ۳۱۵

۳۸۔ امیر خسرو دھلوی، حیات اور شاعری (مرتبہ پروفیسر ممتاز حسین) ۔ ص ۔ ۳۱٦ ۔ ۳۱۷

۳۹۔ اردو ترجمہ سیرالاولیاء (برہان) ۔ ص ۔ ۲۹۹

۴۰۔ دیوان نهایت الکمال مطبوعہ ۔ ص ۔ ۱۵, ۲۲

۴۱۔ مثنوی قرآن السعدین ۔ مطبوعہ علی گڑھ ۔ ص ۔ ۸۸ ۔ ۸۹

۴۲۔ غرة الکمال، کلیات خسرو، کیٹلاگ شمارہ Add. 21104 برٹش میوزیم لائبریری لندن ف ۳۱

۴۳۔ ایضاً ۔ ف ۔ ۲۲۵

۴۴۔ س ۔ ص ۔ ۳۳۷

۴۵۔ ایضاً ۔ ص۔ ۳۸٦

۴٦۔ (دیوان نهایت الکمال ۔ قصیدہ حلق الاشعار)

۴۷۔ عرفات العاشقین از تقی اوحدی ۔ مخطوطہ ۔ ص ۔ ۲۱۳، سنہ تالیف ۱۰۲۳ ھجری کیٹلاگ شمارہ H. L. no 229 خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، ھندوستان

۴۸۔ مطبوعہ علی گڑھ ۔ ص ۔ ۲۸۰ ۔ ۲۸٦

۴۹۔ مرتبہ ڈاکٹر وحید مرزا ۔ ص ۔ ۳۳۷ ۔ ۳۵۵

۵۰۔ س ۔ ص ۔ ۳۱۳

۵۱۔ کلیات غزلیات خسرو ۔ مطبوعہ پیکیجز لمیٹڈ لاہور

۵۲۔ دیباچہ دیوان بقیہ نقیہ ۔ کلیات خسرو، Add. 21104 برٹش میوزیم لائبریری لندن

۵۳۔ ایضاً

۵۴۔ س ۔ ص۔ ۳۱۲

۵۵۔ کلیات خسرو ۔ ب، م ۔ شمارہ ۲۱۱۰۳

نظم را کردم سه دفتر ور به تحریر آمدی

علم موسیقی سه دفتر بود ار باور بود

۵۶۔ س ۔ ص۔ ۵۲۰۔ ۵۲۱

۵۷۔ ایضاً ۔ ص۔ ۵۲۰ ۔ ۵۲۱

۵۸۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۵۱۵

۵۹۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۳۸۹

۶۰۔ ایضاً ۔ ص ۔ ۵۲۶

۶۱۔ مرتبہ ڈاکٹر وحید مرزا ۔ ص ۴۷

۶۲۔ س ۔ ص ۔ ۱۶۵۔ "امیر خسرو رحمتہ اللہ علیہ در مرثیہ سلطان المشائخ تاریخ نقل (رحلت) در بیت آوردہ است۔

ربیع دوم و هژده زمه در ابر رفت آن مه

زمانه چون شمار بیست دارد پنج و هفصد را

۶۳۔ یہ مرثیہ نایاب ہوگیا تھا جو نہایت الکمال کے بعض نسخوں میں ملتا ہے، اتفاق سے پنجاب یونیورسٹی کی لائبریری میں نہایت الکمال کے ایک نسخے میں یہ مرثیہ دستیاب ہو گیا چنانچہ ڈاکٹر آفتاب اصغر

نے یونیورسٹی کے مجلہ "تحقیق" جلد اول شمارہ خاص ۳ ۳ (۱۹۷۸ ۔ ۱۹۷۹)
میں تعلیقات کے ساتھ شائع کردیا ہے۔ یہ اشعار وہیں سے نقل کیئے گئے ہیں۔



ڈاکٹر آصفہ زمانی
اُستاد، شعبہ فارسی
دانشگاہ لکھنؤ

برصغیر میں فارسی تحقیق کے عناصر اربعہ

حقائق کی تلاش و جستجو کا دوسرا نام تحقیق ہے تحقیق علم و فن کا ایک نہایت اہم شعبہ ہے، یہ ایک ایسا لائحہ عمل ہے جس کا عالمانہ طور پر اور محتاط طریقہ سے کوئی حل پا لیا گیا ہو، ایمانداری، بے تعصبی، ذہانت و قابلیت صبر و استقلال وسیع مطالعہ اور ژرف نگاہی اس کے اہم اجزاء ہیں، لیکن ذوق طلب تلاش و جستجو کا بنیادی عنصر ہے یہی وہ جذبہ ہے جو انسان کو دانہ چینی کے لئے آمادہ کرتا ہے، ابو طالب کلیم ہمدانی نے اسی بات کی ترجمانی شعر کی زبانی یوں کی ہے۔

هیچ گه ذوق طلب از جستجو بازم نداشت
دانه می چیدم من آن روزی که خرمن داشتم

کسی بھی ادب پارے کی پرکھ کے لیئے تحقیق و نقد کا سہارا لیا جاتا ہے اگرچہ نقد و تحقیق کے اصول جداگانہ ہیں۔ لیکن ادبی تحقیق، تنقید کے اکثر نتائج سے ہم آہنگ ھوتی ھے۔ جبکہ نقد کے ساتھ ضروری نہیں کہ اس میں تحقیق کا عنصر بھی موجود ھو۔

فارسی ادبیات میں بیسوی صدی سے پہلے تحقیق کی کوئی باقاعدہ اور منظم صورت نظر نہیں آتی. ہاں ارادی یا غیر ارادی طور پر اس کی ابتدائی شکل ہمیں فارسی تذکروں، فرہنگوں، خطوط وانشاء، ملفوظات اور شروح و حواشی وغیرہ میں دیکھنے کو ملتی ہے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ فارسی ادبیات کی تحقیق کا کام بیسویں صدی میں زیادہ مستحکم، اصولی اور علمی طریقہ پر انجام پایا اس کا یہ مطلب نہیں کہ سنجیدہ ذہن و دماغ اسی صدی کی دین ہیں بلکہ اس کی اصل وجہ اصول اور مسایل تحقیق کا بڑی حدتک مدون ہونا ، فنی سطح پر اسے موضوع بحث بنایا جانا تحقیق کو باقاعدہ شعبہ علم تسلیم کیا جانا ، نیز یونیورسٹی کی اعلی سطح پر تحقیقی مقالوں کا لکھا جانا شامل ہے۔

ادبیات کے سلسلہ میں اور خصوصاً فارسی ادبیات کے سلسلہ میں تحقیق و نقد کا جس قدر کام اس صدی میں ہوا ، اس سے قبل نظر نہیں آتا ، اس لئے بیسویں صدی کو « تحقیق کی صدی » کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

بیسوی صدی میں تحقیقی کام کی نوعیت کے اعتبار سے محققین کی ایک اچھی تعداد دیکھنے کو ملتی ہے جنہوں نے مختلف نوعیتوں کے اعتبار سے مختلف تحقیقی کارنامے انجام دئے ہیں، ان میں،

مولانا محمد حسین آزاد(۱)

خواجہ الطاف حسین حالی(۲)

مولانا شبلی نعمانی(۳)

شمس العلماء پروفیسر محمد عبدالغنی(۴)

بانی موئسسۂ انجمن ایران وایڈیٹر مجلہ انڈو ایرانیکا

ڈاکٹر محمد اسحق، پروفبسر محمد شفیع(۵)

پروفیسر محمد اقبال (اورئنٹل کالج لاہور)

شیخ محمد اکرام(۶)

پروفیسر زبیر احمد صدیقی(۷)

عبدالرزاق کانپوری(۸)

پروفیسر مسعود حسن رضوی(۹)

شیخ محمد اکرام، پروفیسر ہادی حسن، قاضی عبدالودود، مولانا امتیاز علی عرشی، پروفیسر رضا احمد بدایونی پروفیسر وحید مرزا(۱۰)

پروفیسر نجیب اشرف ندوی، سید صباح الدین عبدالرحمن(۱۱)

پروفیسر نذیر احمد پروفیسر سید حسن، پروفیسر امیر حسن عابدی اور پروفیسر نورالحسن انصاری (۱۲)

کے اسمائے گرامی قابل ذکر ہیں۔

ہم نے اپنے مقالہ کی بحث میں محققین کی اس فہرست سے چار ایسے بر جستہ ترین محققین کا انتخاب کیا ہے، جو تحقیق کے کسی نہ کسی خاص میدان کے شہسوار ہیں وہ ہیں مولانا شبلی نعمانی، پروفیسر حافظ محمود شیرانی، پروفیسر نذیر احمد اور پروفیسر امیر حسن عابدی، یہ فارسی تحقیق کے وہ عناصر اربعہ ہیں جنہوں نے کسی حدتک جادۂ تحقیق کی کسی ایک شاہراہ کا انتخاب کیا ہے اور اسے درجۂ کمال تک پہنچایا ہے نوعیت کے اعتبار سے ان محققین نے تحقیق کا ایک تسلی بخش معیار قائم کیا ہے اور اپنے گراں قدر تحقیقی کارناموں سے آئندہ نسلوں کے لئے کچھ مخصوص جگہوں کا تعین کیا ہے۔

فارسی ادبیات کی باقاعدہ تحقیق و نقد کا اولین نقش شبلی نعمانی کی شعر العجم ہے شعر العجم سے قبل باضابطہ اور منظم طور پر ہمیں تحقیق و نقد کا کوئی دوسرا کارنامہ نظر نہیں آتا، اس لئے شبلی کا تخصص بانی نقد و تحقیق کے اعتبار سے اہم ھے اور بنیان گزار نقد و تحقیق کا تاج انہیں کے سرکی زینت ہے۔

مولانا شبلی نے ۱۹۰۷ء میں شعر العجم کی پہلی جلد تصنیف کی اس کے بعد یکے بعد دیگرے اس کی چار جلدیں اور سامنے آئیں، اس میں شک نہیں کہ شبلی نے انتہائی تلاش و تفحص اور عرق ریزی کے بعد بالتفصیل پہلی بار نہ صرف فارسی کے شعری عناصر کی تحقیق و تنقیدی بحث دنیائے فارسی کے سامنے پیش کی بلکہ تحقیق کے اس ابتدائی دور میں جبکہ آج کل کی طرح آسانیاں بھی فراہم نہ تھیں، محدود مأخذ کے باوجود رودکی سے لے کر ابو طالب کلیم ھمدانی تک فارسی کے ممتاز شعراء و ادبا

کا باعتبار ادوار، تاریخ وار ایک ایسا منظم و مبسوط مواد پیش کیا جو بلا شبہ آج بھی ہمارے لئے ہر لحاظ سے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ھے بلاشک و تردید، تحقیق و تنقید کو سمت اور رفتار عطا کرنے میں شعر العجم کا مرتبہ اپنی جگہ مسلم ہے۔

بعد کی تحقیق نے شبلی کے اس تحقیقی و تنقیدی کام سے کسی حد تک بے اطمینانی کا اظہار کیا، ان معترفین میں حافظ محمود شیرانی کا نام سر فہرست ہے جنھوں نے تنقیدی شعرالعجم لکھ کر شعرالعجم کی تاریخی و تنقیدی فروگذاشتوں اور کوتاہیوں کی جانب پہلی بار اہل نظر کی توجہ مبذول کرائی، تنقید شعرالعجم کی پہلی قسط اکتوبر ۱۹۲۲ کو منظر عام پر آئی اس کے بعد اس بحث نے اس موضوع پر اظہار خیال کا دروازہ کھول دیا، ان میں بالترتیب مولانا عبدالحلیم شرر (جون ۱۹۲۳م) سید سلیمان ندوی (فروری ۱۹۲۳) عبدالسلام ندوی (مابین ۳۰، ۱۹۲۵م) تبصرہ نگار "برھان" دھلی (فروری ۱۹۳۳) عبداللطیف اعظمی ۱۹۳۵م)، ماہر القادری (ستمبر ۱۹۶۰م) شیخ محمد اکرام (۱۹۷۱م)، ڈاکٹر آفتاب احمد صدیقی (بنگلادیش) اور پروفیسر نذیر احمد (۱۹۸۰،م) کی نگارشات سامنے آئیں، جس میں اس موضوع کی تائید و تردید میں مختلف خیالات کا اظہار کیا گیا جواب الجواب کے اس سلسلہ میں اگرچہ کوئی حتمی اور فیصلہ کن رائے قائم نہیں کی گئی تاہم مولانا شبلی کے ساتھ یہ اختلافی نظریے بہ لحاظ تحقیق فالِ نیک ثابت ہوئے اسلئے کہ اس بحث سے شعرالعجم کے مرتبہ میں تو کوئی کمی واقع نہیں ہوئی البتہ ان اختلافات اور اُن غلطیوں کی نشاندھی کی روشنی میں "شعر العجم" کی بھرحال ایک

ایسی صاف ستھری اور تحقیق شدہ شکل ضرور نکھر کر سامنے آگئی جس کی افادیت پہلے سے زیادہ مسلم ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ تحقیق کے سلسلہ میں یہ ایک مثبت قدم ہے۔

ادبی تحقیق میں استشہاد کو کافی دخل ہے شہادتیں دو طرح کی ہوتی ہیں اول "خارجی شہادت، دوم داخلی شہادت، خارجی شہادتوں میں تاریخیں، تذکرے ، ادبی تحریریں، سیاحت نامے خطوط اور ڈائریاں وغیرہ شامل ہیں جبکہ داخلی شہادتوں میں شاعر یا مصنف کے کارناموں، زبان و بیان الفاظ و محاورات اصطلاحات و فقرات کی ساخت سے کسی خاص عہد کا تعین کیا جاتا ہے اس قسم کی شہادتیں خارجی شہادتوں کے مقابلہ میں زیادہ مفید اور معتبر مانی جاتی ہیں یہ ایک طرح کا کتابی پوسٹ مارٹم ہے جس میں ایک ایک لفظ ایک ایک محاورے اور ایک ایک کلمہ پر دقت کے ساتھ نظر کرنی ہوتی ہے اور پھر اس طریقہ کار سے کلام کی آمیزش اور ملاوٹ کا پتہ لگایا جاتا ہے گویا داخلی شہادت ایک ایسا آلہ ہے جس سے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔

حافظ محمود شیرانی اس سلسلہ میں اجتہاد کا درجہ رکھتے ہیں، ان کی تحقیق کا ایوان عموماً داخلی شہادتوں پر قائم ہے، انہوں نے اس بنیاد پر بعض چونکا دینے والے کارنامے انجام دیے ہیں، «تنقید شعرالعجم» اور "فردوسی اور شاھنامہ" سے متعلق ان کی تحقیق خالص داخلی شہادتوں بر منحصر ہے۔

تنقید شعر العجم میں رودکی سے لے کر نظامی تک یوں تو بقول شیرانی "جہاں جہاں شبلی کے طاقتور قلم نے لغزشیں کی ہیں داخلی شواھد

کی روشنی میں انہوں نے ان کی اصلاح کی حتی الامکان کوشش کی ہے لیکن انوری اور عطار سے متعلق ان کی تفصیلی بحث خاص طور پر داخلی شہادتوں سے لبریز ہے، داخلی شواهد کی روشنی میں انوری سے متعلق سات آٹھ قصاید کے الحاقی ہونے کی نشاندہی اور ساتھ ہی سعید نفیسی کے اس قول کی تردید بھی کہ یہ قصاید سید سراج الدین سگزی (قرن هفتم) سے متعلق نہیں بلکہ سلطان شمس الدین التتمش۔(۶۰۷, ۶۳۳ ھ) اور اس کے فرزند رکن الدین فیروز شاہ کے زمانے سے تعلق رکھتے ہیں اور ایک قدیم ہندوستانی شاعر تاج ریزہ نامی کی یادگار ہیں، نیز فرید الدین عطار سے منسوب کتابوں کی صحیح باز یافت جیسی مثالیں ان کی ژرف بینی پر دلالت کرتی ہیں۔

"فردوسی اور شاهنامہ" سے متعلق ان کی تمام تر تحقیق داخلی شواہد کی مرہون منت ہے، داستان "بیژن و منیژہ" میں الف اشباع کی کثرت استعمال کو بنیاد بنا کر یہ ثابت کرنا کہ یہ داستان شاهنامہ سے قبل کی اور سب سے پہلی داستان ہے داخلی شہادت کی اعلی مثال ہے(۱۳) شاهنامہ کی تکمیل کے پینتیس(۳۵) سالہ مدت کے نشیب و فراز کو اشعار کی رو سے فردوسی کی سر خوشی و اضمحلال کو بنیاد بناکر اشعار کے نشیب و فراز کو پہچاننا اور اسی بنیاد پر شاهنامہ کی داستانوں کو ادوار کے لحاظ سے "زمانہ طوس" اور «زمانہ غزنی» کے عنوانات کے تحت تقسیم کرناً بھی داخلی شواہد هی کی مثالیں ہیں، شاهنامہ سے متعلق صدیوں پرانے **اس** تصور کو که شاهنامہ سلطان محمود غزنوی کی خواہش پر **کسی صلہ یا** معاوضے کی امید پر نظم کیا گیا رد کرنا اور اسے فردوسی **کے جذبہ حب**

الوطنی کا باعث قرار دنیا بھی داخلی شہادتوں پر ھی مبنی ہے هجو سلطان محمود سے متعلق نظامی عروضی سمر قندی اور دیباچہ قدیم کی روایت سے انحراف کرتے ہوئے شاھنامہ کے اشعار کی روشنی میں محمود کی ناراضگی کی اصل وجہ اختلاف مذھب نہ قرار دینا، فردوسی سے منسوب هجو کوسراسر بہتان ثابت کرنا، نیز هجویه اشعار کی کثرت کو الحاقی ثابت کرنے میں بھی انھوں نے داخلی شہادتوں کو ہی بنیاد بنایا ہے۔

مثنوی "یوسف زلیخا" کو فردوسی سے منسوب کرنے کی روایت کے سلسلہ میں مغربی مستشرقین کے عقیدوں کو باطل قرار دیتے ہوئے مثنوی میں مستعمل الفاظ و کنایات و محاورات و اسماء و زبان کی مثالیں دیکر ثابت کرنا بھی داخلی شواھد کی اعلی مثال ہے۔

داخلی شہادت کی بنیاد پر ان کا ایک چونکا دینے والا کارنامہ خواجہ معین الدین چشتی سے منسوب فارسی دیوان کی نشاندہی ہے، دیوان میں مستعمل مخصوص زبان والفاظ کی تکرار کی بنا پر یہ نتیجہ اخذ کرنا که اس کا قایل کوئی واعظ رہا ہوگا اور پھر واعظین کی صف سے اس واعظ کو ڈھونڈ نکالنا نیز اس کے دوسرے آثار مثلاً "معراج النبوت" سے ثابت کردینا که مذکوره دیوان خواجہ معین الدین چشتی(رح) کا نہیں بلکہ سلطان ابوالغازی حسین کے عہد کے ایک زبردست فاضل مولانا معین الدین ابن مولانا شرف الدین حاجی محمد الفراھی سے وابستہ ہے شیرانی کی وسعت مطالعہ، ان کی اعلی استعداد و صلاحیت اور ژرف بینی کی عمده مثال ہے، اسی طرح خط املا کی بنیاد پر مثنوی "عروة الوثقی" کے متعلق اس خیال کو رد کرنا کہ یہ مثنوی شہاب مہمره، استاد خسرو کی تصنیف ہے اور یہ ثابت

کرنا کہ یہ ہندوستان کے ایک نا معلوم شاعر شہابی تخلص کی یادگار ہے، داخلی شہادت کی بین مثال ہے۔

غرضیکہ پروفیسر شیرانی نے مضبوط داخلی شہادتوں کی بنیاد پر مفروضات کے بڑے بڑے بت توڑے ہیں، تحقیق کے میدان میں ان کی یہ بت شکنی اور جسارت بلا شبہ قابل تحسین ہے۔

پروفیسر محمود شیرانی کو تحقیق کے اس میدان کا سر خیل کہا جائے تو بے جانہ ہوگا۔

ادبی تحقیق کے سلسلہ میں صحت متن کا مسئلہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے۔

اس کام کو ہم متنی تحقیق کہہ سکتے ہیں "متنی تحقیق" کے سلسلہ میں ایک محقق کو چند بنیادی امور کو ذہن میں رکھنا ضروری ہوتا ہے تبھی وہ متنی تحقیق کے فرائض سے عہدہ برآ ہو سکتا ہے مثلاً متن کی ہئیت یعنی حدود کا تعین، ترتیب متن اور کتابت متن کی تاریخی اہمیت حاشیہ نگاری، اصلاحی حواشی(۱۳) تقابلی حواشی اور تعلیقات متن وغیرہ فرہنگ و دواوین تذکروں اور خطوط و انشا کے نثری شہ پاروں کی صحت کے وقت متنی تحقیق بروئے کار لائی جاتی ہے۔

متنی تحقیق بڑی صبر آزما چیز ہے اور شاید جادۂ تحقیق کی دشوار گذار منزل تک اس راستہ سے گذرنا سہل الحصول طبیعتوں کا کام نہیں اس شاهراه سے تو کچھ وہی لوگ گذر سکتے ہیں «سخت کوشی» جن کا مذہب اور «کوہ کندن» جن کا ایمان ہو اس دشوار گذار منزل کو جس شخص نے اپنی

زندگی کا مقصد بنالیا، تحقیق کی دنیا میں وہ معتبر نام ہے پروفیسر نذیراحمد کا۔ اگرچہ انہوں نے اپنی چالیس سالہ ادبی زندگی میں مختلف تحقیقی و تنقیدی مضامین لکھے کہ جن کی بدولت خود تحقیق گراں بار ہے لیکن «متنی تحقیق» کے سلسلہ میں ان کی عرق ریزی اور دقت نگاہی کا مقابل ملنا مشکل ہے تلفظ، لہجے، املا اور الفاظ کی صحت پر آپ نے بیسیوں مضامین لکھ کر بار بار ذہنوں کو اس طرف متوجہ کیا ہے۔ جس میں غالب اور ذال فارسی، «دساتیر پر ایک نظر» (جس میں هزوارش کی بحث قابل توجہ ہے) جیسے مضامین انتہائی پرارزش ہیں۔

تحریری فروگذاشتوں اور قلمی لغزشوں کے سلسلہ میں آپ کا خیال ہے کہ:

کسی بھی تحریر کے لکھتے وقت غلطیوں کا احتمال حد بھر موجود رہتا ہے اور نقل کرتے وقت اسکا احتمال اور بھی بڑھ جاتا ہے اس عنوان پر گفتگو کرتے ہوئے آپ نے "پارسائی" ربائی، "روشنائی" کی ردیف میں کہی ہوئی عراقی کی غزل کے ایک مصرع "بشرارۂ قلندر بزن ارحریف مائی" کی طرف توجہ مبذول کراتے ہوئے فرمایا کہ "بشرارہ" دراصل "پسرارہ" کی تحریف زدہ شکل ہے جو قلم کی زد میں آکر کسی وقت "بشرارہ" میں تبدیل ہو گیا اور عرصہ تک اسی طرح پڑھا اور پڑھایا جاتا رہا متنی تحقیق کے سلسلہ میں آپکی چند گراں مایہ تحقیقی کام حسب ذیل ہیں:

۱۔ مکاتیب سنائی (۱۵): یہ تقابلی تحقیق کا بہترین نمونہ ہے، پروفیسر نذیر احمد نے مکاتیب سنائی کے پانچ معتبر نسخوں کی مدد سے ان کے اختلاف کو درست کرنے کے بعد ایک صحیح اور معتبر متن تیار کیا ہے

اس میں مستعمل آیات قرآنی و احادیث نبوی کو قرآن و حدیث کی روشنی میں جانچنے اور پرکھنے کے بعد اسے پاورقی میں دیا گیا ہے فقرات و محاورات، اقوال اور ضرب الامثال وغیرہ کی، دیوان در حدیقہ سنائی کی روشنی میں تصحیح کی گئے ھے نیز عربی اشعار کو بھی شعراء کے دواوین سے مقابلہ کرکے صحت کے ساتھ پاورقی میں لکھا گیا ہے۔

۲۔ دیوان حافظ: پروفیسر نذیر احمد کا دوسرا پرارزش کام دیوان حافظ کے صحیح اور معتبر انتقادی متن کی ترتیب و تنظیم ہے، دیوان حافظ کا پہلا ایڈیشن ۱۷۹۱ء میں کلکتہ سے شائع ہوا تھا اس کے بعد ایران و مصرو ترکی سے اسکے متعدد نسخے شائع ہوئے لیکن ان اشاعتوں کے باوجود دیوان حافظ کا کوئی مکمل انتقادی متن ایسا شائع نہ ہوسکا جو معتبر ترین کہا جاسکے البتہ اس درمیان ۸۲۷ ھ کے کتابت شدہ نسخے کو جو حافظ کی وفات کے تقریباً ۳۵ سال بعد ترتیب دیا گیا تھا، بنیاد بنا کر عبدالرحیم خلخالی نے ۱۹۲۷ء میں ایران سے شائع کیا، اسی نسخہ کو مرحوم ڈاکٹر قاسم غنی اور علامہ قزوینی نے اپنے نسخہ کی اساس بنایا، پروفیسر نذیر احمد نے ۸۲۴ ھ کے کتابت شدہ نسخے کو جو سید ہاشم علی سبز پوش (گورکھپور-یوپی۔ ہند) کے کتب خانہ من موجود تھا۔ اور جو قدامت کے لحاظ سے نسخہ خلخالی سے بھی تین سال قدیم تھا، ڈاکٹر محمد رضا جلالی نائینی کے تعاون سے تہران سے شائع کرایا ابتک کی تحقیق کی رو سے اس نسخہ کاشمار معتبر ترین نسخوں میں کیا جاسکتا ہے نسخہ کے متن میں شرح و حواشی موجود ہیں لیکن اس نسخہ میں وہ "مقدمہ جامع" موجود ہے جو اب تک مختلف نسخوں میں "گل اندام" کے نام سے منسوب

رہا ہے، اس مقدمہ پر مبسوط حواشی پیش کئے گئے ہیں، لیکن گل اندام کا نام مقدمہ میں حذف ہے محققین کو اس نام کے الحاقی ہونے کا شبہ ہے اس کے الحاقی ہونے کے سلسلہ میں یہ دلیل پیش کی جاتی ہے کہ چونکہ گیارہ قدیم ترین نسخوں میں سے سات نسخوں میں یہ نام نہیں ملتا اسلئے گمان غالب یہ ہے کہ یہ نام الحاقی اور فرضی ہے۔

اس سلسلہ میں "دیوان سراجی" اور "دیوان مهندس" وغیرہ بھی قابل ذکر ہیں۔

۳۔ فرهنگوں کے انتقادی متن:

پروفیسر نذیر احمد نے کچھ معتبر ترین ہندوستانی فرهنگوں کے بھی انتقادی متن تیار کئے ہیں۔ فرہنگ نویسی کا معاملہ ذہانت کے ساتھ فرهنگوں اور ادبی متون کے بے پناہ مطالعہ کا متقاضی ہے پروفیسر نذیر احمد یہاں بھی بیجد سلامت روی سے گذرے ہیں، آپ نے جن فرهنگوں کے انتقادی متن تیار کئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

(الف) فرہنگ قواس: تالیف فخرالدین مبارک شاہ قواس غزنوی (۶۹۵ھ) یہ علاءالدین خلجی (۶۹۵ ۔ ۷۱۵ ھ) کے عہد کا ادیب اور شاعر ہے فارسی کی قدیم ترین فرہنگ لغت فرس اسدی طوسی (وفات ۴۶۵ ھ) ہے فرہنگ قواس کا نمبر قدامت میں اس کے بعد آتا ہے، اس میں پانچ بخش ہیں اس لئے اسے «پنج بخشی» بھی کہتے ہیں، اس کا ایک ہی ناقص الاول و آخر نسخہ دریافت ہوسکا ہے جو ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے کتاب خانے میں موجود ہے اس کی رو سے پروفیسر نذیر احمد نے اس کا انتقادی متن

تیار کیاہے (یہ فرہنگ بنگاہ ترجمہ و نشر کتاب تہران سے ۱۹۷۴ء میں شائع ہوئی۔

(ب) دستور الافاضل: تالیف مولانا رفیع (المعروف بہ حاجب خیرات دھلوی) ۷۴۳ھ عہد تغلق کی یادگار ہے اس کا شمار ہندوستان کی قدیم ترین فارسی فرہنگوں میں قدامت کے لحاظ سے دوسرا ہے اس کا ایک ناقص نسخہ معلوم ہوسکا ہے جس کی رو سے پروفیسر نذیراحمد نے اس نسخہ کی ترتیب و تصحیح کی (بنیاد فرہنگ تہران کی طرف سے ۱۹۷۵ء میں شائع ہوا)

(ج) فرہنگ زُفان گویا (۱۶): تالیف قبل ۸۳۷ھ اسکا شمار بھی فارسی کی قدیم ترین فرہنگوں میں ہوتا ہے اس فرہنگ کا پورا نام "زفان گویا وجہان پویا" ہے اس کا مؤلف بدرابراھیم ہے۔ پوری کتاب میں سات بخش اور ایک خاتمہ ہے سات بخشی کی رعایت سے اسے «ھفت بخشی» بھی کہتے ہیں اس کا ایک مخطوطہ کتابخانہ خدابخش بانکی پورپٹنہ نیز دوسرا ناقص الاول نسخہ لینن گراڈ میں موجود ہے۔

۔(د) نقد قاطع برھان: بقول پروفیسر نذیر احمد: نقد قاطع برھان غالب ک مشہور تصنیف "قاطع" کے بعض مندرجات کو تحقیق کی کسوٹی پرکسنے کی کوشش ہے (۱۷)پروفیسر نذیر احمد نے فارسی کی قدیم فرہنگوں مثلا فرہنگ قواس دستورالافاضل، زفان گویا، بحرالفضایل وغیرہ کی روشنی میں پہلی بار اختلاف آرا مسایل پر تنقیدی نظر ڈالی ہے، پروفیسر نذیر احمد نے ثابت کیا ہے کہ برھان قاطع (محمد حسین تبریزی) کے سلسلہ میں مرزا غالب کے اکثر اعتراضات درست نہیں ہیں، انہوں نے

دساتیر کی جعلی حقیقت اور هُزوارش کی طرف بھی توجہ مبذول کرائی ہے، جس کی طرف بقول پروفیسر نذیر احمد «غالب کی نظر نہیں تھی» اس کے دوسرے حصے میں شامل پانچ ضمیمہ جات نے اس کی قدرو قیمت میں اضافہ کردیا ہے جس کی آشنائی کے بغیر بقول پروفیسر نذیر احمد فرہنگ نگاری کے اصول کی شناخت ممکن نہیں، یہ ضمیمہ جات اس طرح ہیں: دساتیر پر ایک نظر، برھان قاطع،غالب اور صاحب برھان قاطع میں اتحاد نظر، غالب اور ذال فارسی (١٨) تصحیفات اور لغات فارسی، یہ کتاب ١٩٨٥ء میں غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دھلی سے شائع ہوچکی ہے۔

ان فرھنگوں کے انتقادی متن کے علاوہ فرھنگ ناموں سے متعلق آپ نے تحقیقی مضامین بھی تحریر کئے ہیں جو انتہائی وقیع هیں، مثلاً۔

"بحر الفضایل" (تالیف ٨٣٧ ھ) مطبوعه مجله معارف ١٩٦٧ء۔

"تحفة السعادة"، (تالیف ٩١٦ھ) مطبوعہ مجله علوم اسلامیہ علی گڑہ۔

"فرھنگ شیرخانی": (تالیف دسویں صدی ھجری) مطبوعہ مجلہ غالب نئی دھلی جون ١٩٨٣ء "فرھنگ قواس" کا ایک جعلی نسخہ بھوپال میں :" وغیرہ وغیرہ۔

متنی تحقیق کے سلسلہ میں آپ کی کاوشیں برابر جاری ہیں ترجمہ "اعجاز خسروی" اور "پادشاہ نامہ" پر بعض دانشمندوں کے تعاون سے کام جاری ہے۔

بلاشبہ ہر انسان کے مزاج اور ذہن کی ایک ساخت ہوتی ہے اسی کے

تحت اس کی دلچسپیاں قرار پاتی ہیں پروفیسر نذیر احمد کا ذہن تحقیق اور خصوصاً متنی تحقیق کے لئے انتہائی موزوں ہے وہ اس کام کو بوجھ نہیں سمجھتے بلکہ اس میں پوری لذت محسوس کرتے ہیں انہیں خوب معلوم ہے کہ یہ راہ جس پروہ گامزن ہیں رومی دریا سلسبیل قعر دریا آتش کے مصداق انتہائی دشوار گذار ہے لیکن پھر بھی وہ اس پرخار وادی سے جس سلامت روی سے گذر جاتے ہیں بلاشبہ اس میں پروفیسر "نذیر" کی "نظیر" ملنی مشکل ہے۔

ہندوستان کی علمی و ادبی فضا پر فارسی زبان تقریباً آٹھ سو سال تک چھائی رہی،۔ اس طویل عرصہ میں پھیلے ہوئے انمول ادب پاروں کی تلاش و جستجو اگرچہ اپنی جگہ پرارزش اور لایق ستایش ہے لیکن اس کام کی جانب معدودے چند غیر معمولی ذہین اور وطن دوست ہستیاں ہی مائل ہوئی ہیں، ان میں پروفیسر امیر حسن عابدی کا نام نامی سر فہرست ہے

پروفیسر امیر حسن عابدی بیسویں صدی کے ان محققین میں سے ہیں جنھوں نے اپنی زندگی کے بیش قیمت لمحات ہندوستانی فارسی ادب کے بحرذخار کی شناوری میں صرف کئے ہیں۔

آپ قدرت کی طرف سے ایک تجسس بھرا دل لے کر آئے ہیں انہیں ہندوستانی فارسی ادبیات کے خزانے سے انمول موتیوں کو ڈھونڈ نکالنے کا شوق جنون کی حد تک ہے، اس تلاش و جستجو میں آپ کا طریقہ کار یہ رہا ہے کہ جہاں کہیں فارسی کی نادر و نایاب کتب یا مخطوطات کے ملنے کا ذرہ برابر بھی امکان ہو آپ سفر کی صعوبت کو محسوس کئے بغیر انتہائی شوق سے ادھر کا رخ کرتے ہیں اور انتہائی دلچسپی اور بڑے انہماک سے اس

کا مطالعہ کرتے ہیں۔ ایسے وقت میں بڑی بڑی رکاوٹ بھی اس کام میں ان کے مانع نہیں ہوتی اس سلسلہ میں فارسی کے مشہور و معروف شعراء کے غیر مطبوعہ کلام کی تلاش و جستجو اور اشاعت کی طرف رجحان زیادہ غالب رہا ہے جوش ملیح آبادی نے ایک جگہ لکھا ہے کہ "میں نے زندگی کے ایک ایک لمحہ کا "رس" نچوڑا ہے یہ بات پروفیسر عابدی کے لئے تھوڑے سے ردوبدل کے ساتھ یوں کہی جا سکتی ہے کہ انہوں نے زندگی کے ایک ایک لمحے کو "وصول" کیا ہے ہندوستان کے علاوہ افغانستان، ایران ، ترکی اور پاکستان کے اہم کتابخانے آپ کی نظر سے گذر چکے ہیں۔ وہاں بھی آپ عمداً ان کتابوں کی تلاش میں زیادہ سرگرداں رہے ہیں جو ہندوستان سے تعلق رکھتی ہوں اس بات کی شہادت میں خود ان کا قول ملاحظہ ہو فرماتے ہیں۔

"مجھے ترکی کے سفر اور وہاں کے کتاب خانوں میں مطالعے کے وقت برابر یہی خیال رہا کہ ایسی نادر اور گمنام کتابوں اور قلمی نسخوں کا پتہ لگایا جائے جو ہندوستان اور ہندوستانی تہذیب سے متعلق ہوں۔"(۱۹)
آپ کی بعض اہم تالیفات حسب ذیل ہیں:۔

(۱) وکرم اروشی:

کالیداس کے اس ڈرامہ کا ترجمہ جرمنی (۲۰) اور انگریزی میں ہو چکا ہے۔ مرحوم مولوی محمد عزیز میرزا نے کالیداس کے حالات زندگی اور اس ڈرامہ کی مبسوط شرح کے ساتھ اردو زبان میں اس کا ترجمہ کیا تھا جو ۱۹۲۳م میں لکھنو سے شائع ہوا۔ پروفیسر عابدی صاحب نے سنسکرت کے دوسرے منابع نیز اردو و انگریزی کے ترجموں سے استفادہ کرتے ہوئے تمام

اشتباہات کو دور کرنے کے بعد اس کا فارسی میں ترجمہ کیا ہے۔

(۲) پنچاکیانہ:

آداب سلاطین اور رسم آئین ملوک سے متعلق و شنو شرما کی سنسکرت میں لکھی ہوئی کتاب "پنج تنتر" جس کا انوشیروان عادل کے زمانے میں برزویہ نے پہلوی میں ترجمہ کیا جو عہد عباسی میں "کلیلہ دمنہ" کے نام سے عربی میں منتقل ہوئی ، رودکی نے جسے پہلی بار فارسی شعر کا قالب عطا کیا (یہ ترجمہ پہلوی ترجمہ کی طرح مفقود سمجھا جاتا ہے) اکبر کے زمانے میں دسویں صدی کے نصف آخر میں جس کا ترجمہ ابوالفضل نے "عیار دانش" کے نام سے کیا اسی صدی کے آخیر میں مصطفی خالقداد عباسی نے جو سنسکرت زبان کے اچھے ماہر تھے نیز سنسکرت کی دوسری کتابوں کا بھی ترجمہ کر چکے تھے اسے "پنچاکیانہ" کے نام سے اصل سنسکرت متن سے فارسی میں منتقل کیا جو گیارھویں صدی کے آغاز میں مکمل ہوا۔ اس کا منحصر بہ فرد نسخہ دہلی میوزیم میں موجود تھا۔ پروفیسر عابدی نے ڈاکٹر تارا چند کے تعاون سے ایک عالمانہ اور تحقیقی مقدمہ کے ساتھ اسے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے ۱۹۷۳ م میں شائع کرایا۔ (اس میں محمد رضا امیر تیمور و سفیر کبیر ایران در ہند دہلی نو کا دیباچہ شامل ہے۔)

(۳) گلزار حال یا طلوع قمر معرفت:

شری کرشن مسرا کا تمثیلی ڈرامہ (بہ شکل مثنوی) بنام "بر بود چندر اودے" جو بہ لحاظ موضوع بدی پر نیکی کی فتح سے متعلق ہے

گیارھویں صدی عیسوی میں سنسکرت میں لکھا گیا۔ اسے دارا شکوہ فرزند شاہجہان کے حکم سے اس کے منشی بنوالی لال ولی (یابنواری لال ولی) فرزند ہیرامن نے ۱۰۷۳، میں "گلزار حال" کے نام سے فارسی نثر کا قالب عطا کیا۔ اس میں یہ نقص تھا کہ بعض سنسکرت ابیات کا ترجمہ نہیں کیا گیا تھا، نیز بعض جملات اور فقرات بھی حذف کر دیے گئے تھے چنانچہ پروفیسر عابدی نے ڈاکٹر تارا چند کے تعاون سے اس ترجمہ اور سنسکرت کے اصل متن سے موازنہ کے بعد اس کو ایک مبسوط مقدمہ، ضمیمہ اور فرہنگ لغات سنسکرت و ہندی کے ساتھ علیگڑھ مسلم یونیورسٹی سے شائع کرایا۔

(۴) جوگ و ششٹ:۔

ہندوستان کی ایک مقدس کتاب جس میں ہندوستان اور کابل کے راجہ کی داستان ہے۔ وششٹ جی، رام چندر جی کو یہ داستان سناتے ہوئے نصیحت کرتے ہیں کہ جس طرح یہ دونوں راجہ معرفت کرنے کے بعد بھی سلطنت کے امور انجام دیتے رہے اسی طرح آپ بھی معرفت حاصل کریں لیکن ساتھ ہی ساتھ راج کاج بھی سنبھال لیں۔

(۵) داستان پدمادت:

تصحیح و ترتیب فارسی (مطبوعہ: بنیاد فرہنگ ایران ۱۹۷۲ م۔

(٦) مثنویات فانی کشمیری:

(مطبوعہ جموں و کشمیر اکادمی آف آرٹس کلچر اینڈ لینگویجز ۱۹٦۴ م۔

(ح) ضمیمہ تغلق نامہ امیر خسرو:

اس کی ترتیب و تصحیح ڈاکٹر مقبول احمد کی همکاری سے کی گئ ھے (مطبوعہ انڈوپرشین سوسائٹی دہلی ۱۹۷۵ م۔

ان تالیفات کے علاوہ آپ نے صدہا تحقیق مقالات قلمبند کئےجو بیشتر ہندوستان کے شعراء و ادبا اور یہاں کے تہذیب و تمدن سے متعلق ہیں۔ ہندوستانی داستانوں اور سوانح عمریوں، نیز ہندؤں کی مقدس کتابوں کے فارسی تراجم، فارسی کتب کے ہندوستانی زبانوں میں تراجم وغیرہ پر آپ نے اپنے مقالات میں تفصیل سے روشنی ڈالی ہے ہندوستان کے نادر قلمی نسخوں کا تعارف نیز ہندوستان کے غیر معروف و گمنام فارسی شعرا کا تعارف بھی آپ کی دلچسپی اور تحقیق کا موضوع رہا ہے مثلاً شاھجہانی دور کا شاعر سعداللہ ساعی پنڈت زندہ رام موبد کشمیری ، جلیس المشتاق (تالیف ۷۸۰ھ / ۱۳٦٦ء۔ وغیرہ پر کیا گیا کام تحقیقی لحاظ سے نہایت پر ارزش ہے۔

بحیثیت مجموعی، مولانا شبلی، پروفیسر شیرانی، پروفیسر نذیر احمد اور پروفیسر عابدی بلا شبہ تحقیق کے وہ "عناصر اربعہ" ہیں جن کی کاوشوں پر اس برصغیر کی بیسویں صدی کی فارسی تحقیق کا ایوان قائم ہے ان میں سے ہر ایک کی شخصیت اپنی جگہ ایک مستحکم ستون کی سی ہے اور جو بحیثیت محقق، مختلف نوعتیوں کے لحاظ سے تخصص کے علمبر دار ہیں۔ بیسویں صدی کے نصف آخر تک تو یہ سلسلہ کامیابی کے ساتھ جاری رہا ہے لیکن ان محققین کے بعد ایسا کوئی پایہ کا فارسی محقق نظر نہیں آتا جس کی شمولیت "عناصر خمسہ" کی تشکیل کا باعث ھو۔ اگرچہ

فارسی تحقیق کا مستقبل ہندوستان میں مایوس کن نہیں ھے، کیونکہ محققین کی ایک تسلی بخش تعداد بہر حال سرگرم تحقیق ہے لیکن یہ دور ابھی تشکیلی دور ہے اس درمیانی خلا کو پر کرنے میں ابھی وقت درکار ہے۔

حواشی

(١) تحقیقی کتب "سخندان فارس" اورنگارستان فارس

(٢) "حیات سعدی" تصحیح متن مع مقدمہ"سفر نامہ ناصر خسرو"

(٣) "شعرالعجم"

(٤) ہندوستان میں مغلوں سے قبل فارسی ادب" ، تاریخ زبان و ادب فارسی در عہد گورکانیان (و بزبان انگریزی)

(٥) ترتیب و تنظیم "تذکرہ میخانہ" (عبدالنبی فخرالزمانی) تصحیح مثنوی "وامق و عذرا" (عنصری بلخی) وغیرہ۔

(٦) "شعرالعجم فی الهند"

(٧) مصحح "تاریخ نامہ ہرات"

(٨) مؤلف ترجمہ سفر نامہ ناصر خسرو"

(٩) فیض میر"ترتیب وتصحیح با مقدمہ و ترجمہ اردو چاپ ١٩٢٩م)

(١٠) امیر خسرو احوال و آثار

(١١) "بزم تیموریہ" و "بزم مملوکیہ" ، بزم صوفیہ"

(١٢) فارسی ادب بعہد اورنگ زیب "امیر خسرو احوال و آثار،فارسی کی دلکش داستانیں" "مآثر محمود شاهی" از شہاب حکیم، "تحفتالهند" از

میرزا خان وغیرہ۔

(۱۳)الف اشباع کا استعمال اس داستان میں محمود شیرانی کی تحقیق کے مطابق سینتیس بار ہوا ہے۔ باقی شاھنامہ میں پندرہ بار اسکا استعمال ہوا ہے اس بنا پر محمود شیرانی نے یہ اندازہ لگایا کہ فردوسی کی یہ داستان اس کے انداز خاص قائم کرنے سے پیشتر لکھی گئی۔

(۱۴) اصلاحی حواشی کی ایک اچھی خاصی طویل فہرست پروفیسر شیرانی نے تذکرہ مجموعہ نغز کے دیباچے میں پیش کی ہے۔

(۱۵) چاپ اول ۱۹۶۰ء علی گڑھ، چاپ دوم ۶۲ ,۱۹۶۱ افغانستان

(۱۶) پروفیسر سید حسن (مرحوم) (پٹنہ) نے "فارسی کی ایک قدیم فرھنگ زفان گویا" کے عنوان سے ایک مقالہ قلمبند کیا ہے۔ جس میں انہوں نے خدا بخش کے مخطوطہ کا تعارف کرایا ہے۔ یہ مضمون اول مجلہ "فکر و نظر" علی گڑھ بعداً ان کے مجموعہ مقالات سلک کلک (۱۹۷۳ء۔ پٹنہ) میں شائع ہوا۔

(۱۷) پیش گفتار نقد قاطع برھان غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دھلی ۱۹۷۳ء

(۱۸) "غالب اور ذال فارسی" کے عنوان سے قاضی عبدالودود کا مقالہ مجلہ" آجکل" دہلی میں شائع ہو چکا ہے بعد میں یہ مضمون "گنجینہ غالب" میں شامل کیا گیا قاضی صاحب نے "حافظ اور ذال فارسی" کے عنوان سے بھی ایک مقالہ لکھا تھا جو ماہنامہ "نقوش" لاہور خاص نمبر، اکتوبر نومبر دسمبر ۱۹۶۶ء میں شائع ہوا۔

(۱۹)مقالہ "جلبیس المشتاق" ہندوستانی فارسی ادب مرتبہ ڈاکٹر شریف قاسمی ناشر: انڈوپرشین سوسائٹی دہلی، ۱۹۸۳م، صفحہ ۱۹۲۔

(۲۰) جرمنی مفکر BOLLENSEN نے ۱۸۱۳م، میں اس کا ترجمہ جرمن میں اور ویلسن نے ۱۸۲۷م۔ میں اس کا ترجمہ انگریزی زبان میں کیا۔ جرمن مفکر RUECKERT نے ۱۸۳۳م میں اس کے کچھ

حصوں کو جرمن زبان میں پیش کیا۔

(۲۱) یہ تحقیقی مقالہ فروری ۱۹۹۰ء کو دہلی یونیورسٹی میں "ریسرچ اینڈ ٹیچنگ متھوڈولاجی ان کلاسیکل لینگویجز:

(Research and Teaching Methodology in classical Languages Persian)

(پرشین)" کے عنوان سے منعقدہ ہفت روزہ ورک شاپ میں پیش کیا گیا۔



رام لعل نابھوی
نابھا - ہندوستان

فارسی زبان میں رامائنیں

مہرشی والمیک ہندوستان میں سنسکرت کے پہلے شاعر ہیں۔ پوری شاعری کا آغاز ان کی سنسکرت شاعری میں رامائن سے ہوتا ہے اور پورے سنسکرت ادب پر ان کی چھاپ ہے۔

سنسکرت میں بھشنڈی رامائن، ادھیاتم رامائن، ادبھت رامائن آنندر رامائن بھی لکھی گئیں، ناٹک، مہا ناٹک، رامائن تھیم پر مبنی وجود میں آئے۔

جب سنسکرت کی تعلیم میں کمی آئی تو شمال میں گو سوامی تلسی داس اور جنوب میں کمبن نے اودھی اور تاملی میں رامائنیں لکھیں، دونوں نے مہرشی والمیک کی کاوش کو سراھا ہے لیکن یہ دونوں رامائنیں اپنے رنگ میں لکھی گئی ہیں۔ ان کا تعلق مکمل طور پر والمیک کی رامائن سے نہیں ہے۔

والمیک کی رامائن نے ہندوستان کی مذہبی، اخلاقی، ثقافتی زندگی پر گہرا اثر قائم کیا اور اس epic کو لازوال شہرت حاصل ہوئی، یہ epic اتنا پر اثر ثابت ہوا کہ ہندوستان کی سرحدیں توڑ کر روس، جاوا، ملایا، تھائی لینڈ، فلپائن، لاؤس، برما، کمپوچیا، انڈونیشیا، سنہال، کھیتاین، ونٹین، بنکاک، جاپان، نیپال، سری لنکا، منگولیا، اٹلی اور دوسرے ممالک میں اپنا قبضہ جما بیٹھا۔

ادھر ہندوستان میں کناڈا، تلگو، تامل، گجراتی، سنسکرت، انگریزی، مراٹھی، کشمیری، ہندی، بنگالی، اوریا، منی پوری، آسامی، پنجابی، عربی، فارسی، اردو میں رامائینیں وجود میں آئیں۔

رامائن کے لوک گیت، لوک کہانیاں، مجسمے، کھجور کے پتے، آبی رنگوں کی تصویرکشی، دیوار پر نقاشی، بادامی پختہ مٹی اور چولی کندہ کاری میں تلاش ہوئی، اور سینکڑوں مضامین اور کتابیں وجود میں آئیں، رامائن جاتک گاتھا، رام لیلا، شادیوں میں ایسے گیت جنکا تعلق رام اور سیتا کی شادی سے ہے، کی بھی کھوج لگائی گئی، یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے، نئی نئی باتیں دریافت ہونے لگیں تو پھر دنیا بھر کی رامائینوں پر بھی کام شروع ہوگیا، چنانچہ ساہتیہ اکادمی دہلی نے بہت بڑے پیمانے پر رامائن سیمینار کرنے کے بعد "رامائن پر دنیا میں ہونے والے مطالعات کی تنقیدی فہرست" تیار کرنے کا سلسلہ شروع کیا، جو پایۂ تکمیل کو پہنچ رہا ہے۔

پھر ایشیا میں اور سمینار ہوئے۔ رامائن کے مختلف پہلوؤں اور مختلف رامائنوں میں تضادات زیر بحث آئے۔

ادھر علماء نے کتابیں لکھیں، غیر ممالک کے علماء نے ضخیم

کتابیں شایع کیں، ان کے تراجم ہوئے، نئی باتیں نکالی گئیں، مذاھب پر رامائن کے اثرات زیر بحث آتے رہے، علماء سر جوڑ کر بیٹھے، کچھ عقیدت سے کچھ نقد و نظر کے خیال سے کچھ جاننے کے لئے اور کچھ بتانے کے لئے میدان میں اترے اور بات آگے نکلتی چلی۔

لیکن مجھے عربی، فارسی اردو میں رامائینوں کے ضمن میں کوئی ایسا معلوماتی مضمون نہیں ملا جس سے یہ پتہ چلے کہ ان زبانوں میں کتنی رامائنیں لکھی گئیں، کِس نے لکھیں کب لکھی گئیں، ایک دو مضامین اردو رامائنوں پر ضرور ہیں، ایک فارسی رامائینوں پر بھی تھا لیکن نہایت سرسری، سوال یہ تھا کہ اس ملک میں عربی، فارسی، اردو، کا چلن عام تھا۔ آزادی سے پہلے فارسی اور اردو کی تعلیم سکولوں میں دی جاتی تھی۔ پھر یہ کیسے ہو سکتا تھا کہ رامائن جیسا (حماسہ) epic ان زبانوں میں نہ لکھا گیا ہو، اور وہ رامائنیں کافی تعداد میں نہ ہوں، چنانچہ ان زبانوں میں رامائینوں کی تلاش جاری کی اور عربی میں ۳ فارسی میں ۹۰ اور اردو میں ۱۷۰ رامائینوں کا پتہ چل گیا، ابھی اور ملنے کی امید ہے۔

اس مضمون میں صرف کچھ فارسی رامائینوں کا ذکر ہوگا۔

جو کچھ بھی سنسکرت زبان سے عربی میں منتقل ہوا وہ فارسی میں بھی منتقل ہوتا رہا ہے، یہ سلسلہ مدت مدید سے چل رہا ہے اور آج بھی جاری ہے، مغل حکمرانوں سے پہلے بھی ہندوستان میں فارسی کا چلن تھا اور یہ زبان ہندوستان میں عام تھی، مہا راجہ رنجیت سنگھ کی درباری زبان فارسی تھی اور جتنی بھی تاریخی اسناد ملیں گی وہ سب فارسی زبان میں

ہیں۔ پورا ادب اور پوری تاریخ فارسی زبان میں ہے۔

ہندوستانی ریاستوں سے جو مراسلے دوسری ریاستوں کو یا پھر برٹش سرکار کو جاتے تھے وہ فارسی میں نہایت خوشخط لکھے جاتے تھے۔

صفوی خاندان کے آنے سے پہلے ایران میں داستان سکندر، بختیار نامہ، دربار نامہ وغیرہ فارسی زبان میں لکھے گئے، وہ اتنے مشہور ہوئے کہ فارسی نثر میں دوسری داستانیں رامائن، مہابھارت، دیو مالائی کہانیاں ترجمہ ہوئیں۔

کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلی کوشش سلطان زین العابدین نے جو کشمیری حکمران تھے، رامائن کو فارسی میں منتقل کرانے کی کی۔ لیکن آج اس ترجمہ کا کچھ بھی حصّہ دستیاب نہیں۔

اکبر نے باقاعدگی سے سنسکرت کی کتابوں کو فارسی میں منتقل کرنے کے لیے دارالترجمہ قائم کیا۔ اور ابوالفضل کی سرکردگی میں اتھرویڈ، رامائن، مہا بھارت، گیتا، مردن، راج ترنگنی وغیرہ فارسی میں ترجمہ ہوئی، عبدالقادر بدایونی نے رامائن کا ترجمہ فارسی نثر میں کیا، جو ۹۹۷ ہجری میں ختم ہوا۔ بدایونی نے شہنشاہ اکبر کا حکم مانا لیکن کام بے دلی سے کیا اور اسے زحمت سمجھا، اسے اس کام کو مکمل کرتے کرتے ۴ سال لگے، بدایونی کا کہنا ہے کہ شہنشاہ نے اسکے کام کی قدر کی اور انعام دیا۔

۱۔ اس رامائن کا قلمی نسخہ پاکستان میں موجود ہے۔

۲۔ فیضی فیاضی نے بھی رامائن کا ترجمہ فارسی میں کیا، یہ

قلمی نسخہ ہندوستان میں موجود ہے۔

۳۔ وظیفہ فیضی کے نام سے ایک نسخہ رامائن کا فارسی میں ترجمہ کیا ہوا پاکستان میں موجود ہے۔

۴۔ ابوالفضل کا بھی ایک نسخہ رامائن کا فارسی میں ترجمہ کیا ہوا پاکستان میں موجود ہے۔

۵۔ جہانگیر کے زمانے میں رامائنیں لکھی گئیں۔ مُلا سعداللہ مسیح کیرانوی نے "داستان رام و سیتا" کے عنوان سے رامائن فارسی میں منظوم کی، وہ سنسکرت زبان سیکھنے کے لئے اور سنسکرت ادب کا مطالعہ کرنے کے لئے بنارس میں رہے، اس رامائن کو اتنی شہرت ملی کہ قلمی نسخے بہت لائبریریوں میں ملتے ہیں، یہ نول کشور پریس ۱۸۹۹ء میں چھپی۔ بڑے سائز میں ۳ صد سے اوپر صفحات ہیں، اس رامائن کے متعلق علامہ اقبال نے ایک خط مہاراجہ سرکشن پرشاد کو لکھا کہ وہ اس رامائن کا مسودہ فراہم کریں تاکہ اس رامائن کو اردو نظم میں منتقل کیا جاسکے، چونکہ مسودہ دستیاب نہیں ہوا اسلئے بات آگے نہ چل سکی۔

اس رامائن کے متعلق متضاد آرا ہیں اور بہت دلچسپ۔

مقالات شبلی تاریخی حصہ دوئم میں لکھا ہے:۔

"ہمارے مضمون نگار دوست کو مسلمانوں یا لٹریچر اور تاریخ سے کس حدتک واقفیت ہے ملا مسیح کی نسبت وہ فرماتے ہیں۔

ملامسیح کے نام تک کا پتہ نہیں چلتا۔

لیکن فارسی شعراء کا کوئی تذکرہ ایسا نہیں
جن میں مسیح کا نام اور اس کے حالات نہ ہوں. امرائے
جہانگیری میں مقرب خان ایک مشہور امیر تھا، جو اصل
میں پانی پت کا رہنے والا تھا لیکن کرانہ میں سکونت
اختیار کرلی تھی، مسیح اس کا پروردہ تھا وہ دراصل
کرانہ کا رہنے والا تھا لیکن چونکہ مقرب خان کے دامن
تربیت میں پلا تھا، آقا کی طرح وہ بھی پانی پت کے
انتساب سے مشہور ہو گیا، تذکروں میں اس کی رامائن
کا عموماً ذکر ہے ماثر الامرا میں رامائن کے چند منتخب
اشعار بھی نقل کئے ہیں".

شبلی آگے چل کر لکھتے ہیں۔

"ملامسیح اور ان کی رامائن کے متعلق جو
خیالات ہمارے ہندو دوست نے ظاہر کئے ہیں، اس کی یہ
کیفیت ہے کہ بے شبہ رامائن کو قبول عام نہیں حاصل ہوا
لیکن اسکی وجہ تعصب نہیں ہے، مسیح ایک معمولی
درجے کا شاعر تھا، اساتذہ جن میں وہ کبھی شمار نہیں
کیا گیا، وہ رامائن کے بجائے اگر صحابہ کے حالات بھی
لکھتا تو بھی کوئی نہ پوچھتا، رامائن کو اسقدر مقبولیت
بھی ہوئی تو صرف اس وجہ سے کہ ایک نیا مضمون تھا".

شبلی یہ بھی لکھتے ہیں کہ جو اشعار ہمارے ہندو دوست نے نقل
کئے ہیں بے شبہ وہ تعصب سے لبریز ہیں"۔

عبدالودو اظہر کا ڈاکٹریٹ کا مقالہ" رامائن" ہے فرماتے ہیں:

"رامائن مسیح یکے از بہترین منظومہ هائی

رامائن فارسی به شمار می رود، آن نه تنها از لحاظ قدمت
بر دیگر منظومه های رامائن برتری دارد بلکه از حیثیت
شعریت و لطف نیز حائز اہمیت است"۔

ڈاکٹر ولی اللہ سلفی پٹنہ نے مسیح کی رامائن پر ایک مقالہ ڈاکٹریٹ کے لئے لکھا، وہ اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ ملامسیح اوسط درجے کا شاعر تھا، وہ مغل دربار میں مشہور نہیں ہو سکا، رامائن کی داستان ملا مسیح شروع کرتے ہیں۔

خداوندا زجام عشق کن مست
که درمستی فشانم در جهاں دست

ملامسیح اسے تاریخی واقعہ بتاتے ہیں۔

از آن گفتم حدیث رام و سیتا
نه این افسانه تاریخ است اینجا

دختران ہندوستان میں وصف بتاتے ہیں۔

زن است ومی کند کار جوان مرد
کز و ہنگامه پروانه شد سرد
به مردن عاشقان بی اختیاراند
ولی معشوق اینجا جان سپارند
همی بینم بسی هندی نژادان
که خود را برصنم سازند قربان

بحر حال اس رامائن کی مقبولیت میں کوئی شبہ نہیں۔

٦۔ دوسری رامائن جہانگیر کے عہد کی گردہرداس کی ہے، اس رامائن کا نسخہ پاکستان میں ہے۔

یہ رامائن بھی منظوم ہے، آغاز میں لکھتے ہیں:

ثناو شکر آن بخشندہ جان را
پدید آورد کو ہر دو جہان را

عبدالودود اظہر کی رائے ہے:

"اشعار این مثنوی سُست وبی کیف مے باشد، در پایان مے گوید:

ہزار و سی وشش بگذشت از سال
شد آخر نامہ در فرخندہ احوال
بہ سنوات از بکر ماجیت کن ہم
ہزار و ششصد و ہشتاد و یک ہم

گردہرداس کا کہنا ہے کہ سیتا زمین میں نہیں گئی بلکہ عالم بالا دی طرف گئی تھی۔

چوسیتا این خبر بشنید بر خاست
دو دست افراخت از ایزد چنان خواست
بیامد تحفہ از فلک زراندود
در آن تحفہ نشست این سیمتن زود

۷۔ اورنگ زیب کے عہد میں چندر من بیدل کائستھ پسر سری رام لاہوری نے نرگسستان کے عنوان سے لکھی۔ اسے غلطی سے عبدالقادر بیدل کے نام سے منسوب کیا گیا ہے، آغاز میں ہی شاعر کا نام اور وطن درج ہے۔

از آن زوست ساز و این مصنف
کہ چندر من بود نام مؤلف
چواندر مدھپور گوشہ نشنیم
گل از باغ و بہار او بچینم

۸۔ بیدل کا بیان ہے کہ اس نے اس سے قبل نثر میں رامائن لکھی تھی، یہ منثور نسخہ انڈیا آفس لائبریری موجود ہے اور بقول ایتھے اس کا سال تصنیف ۱۰۹۷ھ/۸۶۔۱۶۸۵ء ہے۔

اگرچہ بیش ازین این داستانی
به نثر آورده ام در یك زمانی
کنون خواهم که در نظم آورم باز
شوم زین داستان پاك ممتاز

موجودہ مثنوی کی تکمیل ۱۱۰۴/۹۳۔۱۶۹۲ میں ہوئی۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل تاریخوں سے واضح ہوتا ہے۔

گہر سُفت آن مرشد خاص و عام
بگفتاری زی نرگسستان زام
۱۱۰٤هجری
جو چشم از خرد گفتا که برخوان
طراوت بخش دلها باغ ایمان
۱۱۰۵هجری

یہ رامائن شہنشاہ ارنگ زیب کے نام معنون ہے، نرگسستان چھ دفتر پر مشتمل ہے پہلے پانچ دفتر بحر حزج میں ہیں، آخری دفتر میں چونکہ لڑائی کے واقعات نظم کرنے تھے اسلئے شاعر نے رزمیہ بحر متقارب کا انتخاب کیا ہے۔

چو در دفتر آخرین بود جنگ
به بحر سخن طبع شد چون نهنگ
به صد طمطراقی سخن در نمود
چوشهنامه این نامه را برگشود

۹۔ امانت رائے امانت کی فارسی رامائن بہت ضخیم ہے، اس کا قلمی نسخہ پاکستان میں ہے نول کشور پریس نے ۱۲۸۸ ھجری میں اسے شایع کیا، بڑے سائز کی ۹۷۹ صفحات پر مشتمل ہے۔

اس کا مصنف بالمیک رامائن ہے،

"کہ شد منجش خامہ بالمیک"

اس مثنوی کے ۳۰ ہزار بیت ہیں۔ اور اس پر ۳۵ سال صرف ہوئے امانت نے بھاگوت ہران بھی فارسی میں نظم کیا ہے، وہ بھی ایک ضخیم کتاب ہے اسکے علاوہ اور بھی کتابیں منظوم لکھیں، ایک منظر ملاحظہ ہو۔

سفر کرده دانای اقلیم راز
سخن میکند سرزسوز و گداز
که چون رام و سیتا و لچھمن چو ماه
سبك سیر گشتند در قطعِ راه
برنگ غریبان صحرا نورد
ز آرام و آسائش خویش فرد
گذشتند از وادئ پر خطر
نمودند چون اشك از خود سفر
گذشتی اگر پای سیتا به خار
دل رام میگشت چون گل فگار
باخلاص دل لچھمن درد ناك
همیکرد ره از خس و خار پاك
نمودند آخر بجای گذار
که دیدند تالابی آئینه دار

صفا دشت آتش چنان در کنار
که طبع سخن گو بود بے غبار
بساحل درختی بدی دشت ها
رسا تابگردون چو فکر رسا
بهر شاخ او طائران در خروش
بکیفیت ناله تا راج هوش
دران آب گلهای نیلوفری
در آئینه چون عکس خیلی پری

استاد مہرشد کی فارسی یا کمیلی منظوم ۱۸۹۰ء میں مطبع گنش پرماش لاہور میں چھپی۔ بڑے سائز کے ۱۸۶ صفحات پر مشتمل ہے اور لفظ بہت چھوٹا ہے، استاد مہرشد تو گوجرانوالہ پنجاب کے رہنے والے تھے، حیرت ہوتی ہے کہ ایک پنجابی نے اتنی ضخیم رامائن کو کسطرح نظم کیا کہ فارسی محاورہ بھی برقرار رہا اور روانی میں بھی فرق نہ آیا، استاد مہرشد کو سراپابیان کرنے میں کمال حاصل ہے۔

آخر میں ہم اقبال یغمانی کی مختصر فارسی رامائن کا جو نثر میں ہے ذکر کرتے ہیں، ڈیمائی سائز کے ۱۱۳ صفحات پر مشتمل ہے، ایران میں چھپی ہے، معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے دو جلدوں میں الگ سے رامائن فارسی میں لکھی ہے۔

ظاہر ہے کہ ۹۰ فارسی رامائنوں کا اس مختصر مضمون میں احاطہ نہیں ہو سکتا تھا، مسلم دانشوروں نے نظم و نثر میں اور ٦ زبانوں میں ۳۰ رامائنیں لکھی ہیں، مشترکہ تہذیب کی اس سے بڑی مثال اور کیا ہوسکتی ہے اور یہ کہ یہ داستانیں ہم سب کی داستانیں ہیں۔

حواشی

۱۔ دیکھئیے نسخہ ہائے خطی فارسی جلد چہارم صفحہ ۲۱۵۵ مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان۔ اسلام آباد

۲۔ نسخہ ہاے خطی فارسی جلد چہارم مرکز تحقیقات فارسی ہند نئی دہلی، دتبریری ندوہ (لکھنو) صفحہ ٦٠٧

۳۔ دیکھئیے نسخہ ہائے خطی فارسی جلد چہارم مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان۔ اسلام آباد، صفحہ ۲۱۵۱

۴۔ دیکھئیے نسخہ ہائے خطی فارسی جلد چہارم صفحہ ۱۳۰٦

۵۔ محب وطن اقبال از سید مظفر حسین مدنی

٦۔ فہرست ہائی نسخہ خطی فارسی ایران و پاکستان موزۂ ملی پاکستان ایک نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ میں بھی ہے۔

۷۔ نرگسستان رامائن بیدل، نو لکشور لکھنو، ۱۸۷۵ ص ۵

۸۔ ایتھے نمبر ۱۹٦۳

۹۔ نسخہ ہائی خطی فارسی مخطوطات جلد چہارم مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان۔ اسلام آباد۔



میر خادم حسین تالپور
دانشگاہ سندھ- حیدر آباد

سندھی عشقیہ داستانیں اور فارسی گو شعرا

ہر ملک کی اپنی لوک کہانیاں اور عشقیہ داستانیں ہوتی ہیں جب اس برصغیر پاکستان و ھند میں سلطان محمود غزنوی کے حملوں کے ساتھ، فارسی زبان یہاں وارد ہوئی تو فارسی ادب پر مقامی ادب اور روایات کے اثرات نمایاں ہونے لگے لیکن کیونکہ ایرانی ادبا اور علماء کی آمد کا سلسلہ جاری رہا جس کی وجہ سے مقامی روایات، حکایات و قصص کو کوئی اہمیت نہیں دی گئی، اصل وجہ یہ تھی کہ فارسی اور ایرانی تہذیب و ادب فاتح کی حیثیت سے یہاں وارد ہوئے تھے اس خطہ کی ہر چیز مفتوح تھی لیکن یہ فطری عمل ہے کہ جب دو تہذیبوں کا ملاپ ہوتا ہے تو وہ ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتی ہیں فرق صرف یہ ہے کہ فاتح کے اثرات زیادہ اور مفتوح کے کم ہوتے ہیں۔ ایک اہم چیز کچھ چیزوں کی اچھائی ہوتی ہے

کیونکہ انسان شروع سے خوب سے خوبتر کی تلاش میں رہا ہے اور تلاش کا یہ سلسلہ ابد تک جاری رہیگا۔

ہمارے مقامی عشقیہ قصوں کے حسن اور خوبی نے فارسی گو شعرا کا من موہ لیا اور وہ ان کیطرف متوجہ ہوئے اور جہاں تک قصہ کا تعلق ہے انہوں نے اسے نہایت مہارت سلاست، سادگی اور روانی سے بیان کیا ہے، اصل میں فارسی گو شعرا کے سامنے فارسی کے عظیم شعرا نظامی، امیر خسرو اور مولانا جامی کی عشقیہ مثنویوں کے اعلی نمونے موجود تھے، ایک اہم بات یہ ہے کہ ہر قصے یا داستان میں ایک حکمت یا نصیحت کا نکتہ مضمر ہوتا ہے جسے عام آدمی یا شاعر نہیں سمجھ سکتا، ان داستانوں کے اھم رازوں کو صرف ہمارے صوفی شعرا ہی سمجھ سکے ہیں اور انہوں نے ان سے اعلی نتائج اخذ کئے ہیں، مولانا رومی کی مثنوی کا دفتر پنجم عجیب و غریب حکایات سے بھرا ہوا ہے مگر مولانا موصوف نے ان سے نہ صرف عجیب و غریب نتائج اخذ کئے ہیں جو نہایت عبرت انگیز اور نصحیت آمیز ہیں بلکہ جھلاً کے ذھنوں میں بھی گھر کر جاتے ہیں۔

عشقیہ اور رزمیہ داستانیں عام طور پر طویل ہوتی ہیں اس وجہ سے فارسی میں ان داستانوں کیلئے صنف مثنوی کو مخصوص کیا گیا ہے یہ صنف سخن دور سامانیہ میں مروج ہوئی یہ دور فارسی ادب کی ترقی کا پہلا دور کہلاتا ہے، اسلام کے بعد فارسی نظم و نثر کی بنیادیں اس عہد میں رکھی گئیں خانوادہ سامانیان (۲۶۱ ,۳۸۹ھ) میں سے بعض جیسے نوح بن منصور نہ صرف خود معارف پرور تھے بلکہ ان کے دربار میں جیہانی اور ابوالفضل بلعمی اور ابو علی بلعمی جیسے دانش مند اور دانش دوست

وزراء بھی موجود تھے جنھوں نے علم و ادب کی ترویج کیلئے بڑی کوششیں کیں، لہذا رودکی کا کلام اور تاریخ بلعمی اس دور کی نظم و نثر کے بہترین نمونے ہیں، صنف مثنوی بھی اسی دور میں رائج ہوئی صنف مثنوی کے عظیم شاہکار شاھنامہ کی بنیاد بھی اسی دور میں رکھی گئی، پہلی مثنوی اسی دور کے مشہور شاعر شکور بلخی نے لکھی(۱) یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کلیلہ و دمنہ جو شروع میں سنسکرت سے فارسی میں ترجمہ کی گئی تھی لیکن اس کے عربی ترجمہ کے بعد فارسی کا نسخہ تلف ہو گیا تھا اس لئے نصر بن احمد سامانی کے حکم سے رودکی نے دوبارہ اسے فارسی میں نظم کیا (۲) رودکی نے عقل و دانش کی ان حکایات کو مثنوی ہی میں منظوم کیا ہوگا کیونکہ بقول ڈاکٹر شفق

«رودکی در فنون سخن و انواع شعر مانند قصیده
و رباعی و مثنوی و غزل مهارت داشته و در ہر طرز
بخوبی کامیاب گردیده». (۳)

برصغیر پاکستان و ھند میں سلطان محمود غزنوی کی فتوحات کے ساتھ فارسی ادب اپنی تمامتر اصناف سخن کے ساتھ یہاں پہنچ گیا شاہنامہ کی تقلید میں لکھنا مشکل تھا، پھر ھندوستان کی قدیم تاریخ سے مسلمان فارسی گو مقامی اور ایرانی شعرا کی کوئی دلچسپی نہیں تھی اس لئے عام طور پر نظامی کی مثنویوں کو ہی پیش نظر رکھا گیا، شیخ نظامی نے جو استاد شاعری اور سرتاج مثنوی گویان تھے پانچ مثنویان لکھی ہیں اس فصاحت و بلاغت سے کہ ان کو اس زمانے کے لوگوں نے خدائے سخن کا لقب دیا تھا، خمسہ مولانا نظامی ۱۲۰۰ء و مطابق ۵۸۷ھ ق میں مکمل ہوا

تھا، اس کے بعد سو سال تک کسی فاضل شاعر کی ہمت نہ ہوئی کہ اس کے جواب میں قلم اٹھاتا۔

حضرت امیر خسرو نے سب سے پہلے قلم اٹھایا اور تین سال کے عرصہ میں یعنی ۷۰۱ھ ق مطابق ۱۳۰۱ میلادی میں اس کے جواب میں .بہ پنج گنج ختم کرکے اسے سلطان علاؤالدین خلجی کے نام سے موسوم کیا خسرو نے اپنے پنج گنج کو خمسہ نظامی کے جواب میں اس طرح سے ترتیب دیا ہے

مطلع انوار بجواب مخزن اسرار

شیرین خسرو بجواب خسرو شیرین

لیلی مجنون بجواب لیلی مجنون

ہشت بہشت بجواب ہفت پیکر

آئینہ سکندری بجواب سکندر نامہ

امیر خسرو نے کل نو مثنویاں لکھی ہیں، خمسہ کے علاوہ چار دوسری مثنویاں یہ ہیں:

خضرنامہ، نہ سپہر، تغلق نامہ اور خزائن الفتوح (۳)

ان مثنویوں میں خضرنامہ کو مقامی عشقیہ داستان کہا جاسکتا ہے لیکن یہ قدیم ہندوستانی داستانوں کے زمرہ میں نہیں آتی کیونکہ یہ امیر خسرو کے اپنے عہد کی داستان ہے، یہ خضر خان بن سلطان جلال الدین خلجی اور دول رانی جو راجہ گجرات کی بیٹی تھی اس کے عشق کی داستان ہے خضر خان امیر خسرو کے دوست تھے اور پیر بھائی تھے انہوں نے خسرو

سے اپنے عشق کے قصے کو نظم کرنے کی فرمائش کی تھی، یہ مثنوی امیر خسرو نے چار ماہ اور پندرہ دن میں لکھی ہے (۵)۔

وادئی مہران عشقیہ داستانوں کے معاملہ میں بہت ہی امیر ہے سومرہ عہد (۱۰۵۱ء۔۱۳۵۱) کی مندرجہ ذیل داستانیں بہت مشہور ہیں۔

۱۔ لیلا چنیسر

۲۔ عمر ماروی

۳۔ سسی پنوں

۴۔ سہنی میہار

۵۔ سورٹھ رائے ذیاچ

۶۔ مورڑو اور مانگر مچھ

۷۔ سیف الملوک

۸۔ مومل رانو

سمہ سرداران کے عہد (۱۳۵۲ ، ۱۵۲۱ میلادی) میں صرف ایک عشقیہ داستان ملتی ہے جو نوری اور جام تماچی کے نام سے مشہور ہے۔

سلطان محمود کی وفات کے بعد یہ خاندان خانہ جنگی کیوجہ سے دور دراز کے علاقوں پر اپنا قبضہ قائم نہ رکھ سکا اور صرف پنجاب کا کچھ علاقہ ان کے قبضہ میں رہا ، سندھ میں پہلے سومرہ ان کے بعد سمہ سرداران حاکم ہوئے، سمہ عہد میں سندھ امن و سکون کا گہوارہ تھا لیکن

ایران میں تیموری شہزادوں کی خانہ جنگی کیوجہ سے امن و سکون برباد ہو گیا تھا اس بے چینی کیوجہ سے بہت سے علماء نے سندھ کیطرف ہجرت کی جن کو جام نظام الدین سمہ نے اپنے دارالحکومت ٹھٹہ میں ایک خاص محلہ میں آباد کیا جو مغل واڑہ کے نام سے مشہور ہوا، جام نظام الدین کی وفات کے بعد سہ سرداران بھی خانہ جنگی میں مبتلا ہوئے ہند، سندھ اور ایران کی خانہ جنگی کے نتائج کے طور پر ایران پر شاہ اسماعیل صفوی نے ہندوستان پر ظہیر الدین بابر نے اور سندھ پر شاہ بیگ ارغون نے قبضہ کر لیا۔

اب ایران کے شعراء اور علما نے تیموری شہزادوں اور ان کے امراء سے قدیم تعلقات کی بنا پر ہند اور سندھ کا رخ کیا، بہت سے علماء اور شعرا سندھ کے دربار سے وابستہ ہوئے اس طرح یہاں تصنیف و تالیف کا کام شروع ہوا، مقامی فارسی گو شعراء اور ایران سے وارد شعراء میں سے جس نے سب سے پہلے مقامی عشقیہ داستانوں کیطرف توجہ دی وہ ادراکی بیگلاری ہے، اس شاعر کے بارے میں سندھ کے عظیم تذکرہ نویس میر علی شیر قانع تتوی نے صرف اتنا لکھا ہے کہ «ادراکی از قبیلہ اتراک ارغون "بودہ چنیسر نامہ" از مصنفات اوست، چون از اشعارش چیزی دیگر بہ نظر نہ رسیدہ چند بیت ازان رسالہ بقلم آمد» (٦) میر علی شیر قانع نے اپنی دوسری تصنیف "تحفتہ الکرام" میں "لیلا چنیسر" کا قصہ تو تفصیل سے لکھا لیکن اس قصے کو منظوم کرنے والے کیلئے صرف یہ تحریر کیا کہ اس قصہ کو ادراکی بیگلاری نے منظوم کیا ہے (٧)

بیگلاری کی دوسری تصنیف بیگلارنامہ ہے یہ نثر میں لکھی گئی

ہے اور سندھ کی تاریخ ہے جس میں آپ نے میر ابوالقاسم سلطان کے والد شاہ قاسم خان زمان کی رزم آرائیوں کو بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے ۱۰۱۷ھ ق میں اس کتاب کو مکمل کیا ۱۰۳۲ھ ق میں خان زمان کی اولاد کا مختصر حال بطور ضمیمہ اس کے ساتھ شامل کیا، یہ کتاب ترخانی دور کی ایک نہایت ہی مستند دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے لیکن افسوس کہ اپنے بارے میں کچھ بھی نہیں بتایا ہے۔

مثنوی چنیسر نامہ

یہ کتاب ادراکی بیگلاری نے اپنے ممدوح میر ابوالقاسم سلطان بن شاہ قاسم خان زمان بن سید قاسم بیگلار کی فرمائش پر ۱۰۱۰ ھ ق میں مکمل کی۔

رسید این قصۂ دلکش بپایان
به یُمن فهم و طبع بیگلاران
حساب سال در لیل و نهاری
فزون ده بود آندم بر هزاری
(۱۰۱۰ ھ ق) (۸)

یہ قصہ سومرہ خاندان کے دور (۱۰۵۱ء۔۱۳۵۱ء) سے تعلق رکھتا ہے میر علی شیر قانع نے تحفتہ الکرام میں اسے تفصیل سے لکھا ہے جس کی تلخیص پیش کی جاتی ہے۔

لیلا اور چنیسر

کسی زمانے میں کھنگھار نامی ایک ہندو راجا رہتا تھا جس کی

ایک نہایت ہی حسین و جمیل دختر تھی جس کا نام کونرو تھا یہ اپنے چچا کے لڑکے سے منسوب تھی۔ کونرو کے منگیتر کی بہن کا نام جمنا تھا جو کونرو کی سب سے پیاری سہیلی تھی اور رات دن اس کے ساتھ رہتی تھی ایک دن جمنا نے اس سے کہا تو سب سے حسین اور خوبصورت ہے قبیلہ کے سردار کی بیٹی ہے تجھے چاہیے کہ تمام سہیلیوں کو اپنے گھر بلا لے اور ان سے کہہ کہ وہ اپنے چرخے بھی ساتھ لائیں تاکہ چرخہ بھی کاتیں اور ساتھ ساتھ محفل بھی جمائیں اور آپس میں گفتگو کرتے رہیں۔

جمنا کی تجویز پر عمل کیا گیا اب ہر روز محفلیں سجنے لگیں۔

کونرو سردار کی لاڈلی شہزادی تھی حسن و جمال کے ساتھ لاڈ اور پیار نے اس کے نازو انداز کو اور بڑھا دیا تھا اور ہر وقت سہیلیوں سے مذاق کرتی رہتی تھی ایک دن جمنا کے ساتھ اس نے مذاق کیا جس کی وجہ سے اسکا چرخہ ٹوٹ گیا جمنا نے ناراض ہو کر کہا کہ اگر یہ تیرے نازو انداز ہیں تو تجھے قابو میں رکھنا میرے بھائی کے بس کا کام نہیں صرف چنیسر ہی تیرا مقابلہ کر سکتا ہے کونرو نے غصہ ہو کر جواب دیا کہ آج سے میرا دولہ چنیسر ہے اس کے بعد کونرو اپنی ماں کے پاس گئی اور اس طعنے کو کچھ اس انداز سے پیش کیا کہ اسے بھی یہ بات بری لگی اور اس نے اپنے خاوند رانا کھنگھار کو بھی ہم خیال بنا لیا لیکن کسی کو چنیسر بادشاہ کی شخصیت اور طبیعت کا علم نہ تھا کہ وہ کس قسم کا انسان ہے یہ رشتہ وہ قبول کریگا یا نہیں بہر حال توکل کرکے ماں بیٹی کچھ نوکر چاکر ساتھ لیکر روانہ ہوئیں۔

چنیسر دیول بندر کا بادشاہ تھا وہ شادی شدہ تھا اور اپنی حسین و

جمیل بیوی لیلا سے بے حد محبت کرتا تھا، یہ قافلہ سفر کی صعوبتوں کو برداشت کرتا ہوا دیول پہنچا، ایک باغ میں منزل انداز ہو کر چنیسر کے وزیر جکھرے تک رسائی حاصل کی اور اسے سارا ماجرا بتایا جکھرے نے چنیسر تک ان کا پیغام پہنچانے کا وعدہ کیا لیکن جب چنیسر کو بتایا کہ ایک حسین و جمیل لڑکی ہے جو آپ سے شادی کرنا چاہتی ہے تو وہ بہت برہم ہوا اور اس سے کہا تم جانتے ہو کہ میں اپنی بیوی لیلا سے بے حد محبت کرتا ہوں پھر کبھی اس قسم کی گفتگو ہمارے روبرو نہ کی جائے۔

جب جکھرے نے ان کو چنیسر کے جواب سے آگاہ کیا تو دونوں ماں بیٹی بہت اداس ہو گئیں، دونوں سر جوڑ کر بیٹھیں کیونکہ ناکام واپس جانا بدنامی کا باعث تھا انہوں نے یہ تدبیر کی کہ فقیروں کا بھیس بدل کر نوکری کے بہانے ایک دن لیلا کے محل میں پہنچ گئیں۔

لیلا نے جب ان کی حالت دیکھی تو اس کو ان پر بہت رحم آیا اور دونوں کو اپنے ہاں ملازم رکھ لیا، کونرو کو اس نے چنیسر کا بستر درست کرنے کیلئے اور اس کی ماں مُرکھی کو چنیسر کیلئے کپڑا بننے پر مامور کیا اس طرح ایک عرصہ گذر گیا لیکن کسی طور مقصد حاصل ہوتا نظر نہیں آتا تھا ایک رات چنیسر کا بستر درست کرتے ہوئے کونرو کو اپنے گھر کا عیش و آرام یاد آ گیا تو اس کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے اتفاق سے لیلا وہاں پہنچ گئی جب اس نے کونرو کی آنکھوں میں آنسو دیکھے تو پوچھا کیوں رو رہی ہو اس نے کہا کہ رو نہیں رہی ہوں چراغ کے دھوئیں کی وجہ سے آنکھوں میں پانی آگیا ہے لیکن لیلا کو یقین نہ آیا جب اس نے اصرار کیا تو کونرو نے بتایا کہ میں اپنی بے بسی پر رو رہی ہوں کبھی میں بھی

آپ کی طرح امیر تھی آپ کے ہاں تیل کے چراغ جلتے ہیں میرے پاس ایسے شب چراغ موتی ہوتے تھے کہ جب ان کو رات کو نکال کر رکھتی تھی تو سارا محل روشن ہو جاتا تھا میں ان دنوں کو یاد کرکے رو رہی ہوں اس کے بعد کونئرو نے ہار نکال کرلیلا کو دکھایا جس کی چمک دمک سے سارا کمرہ روشن ہوگیا، لیلا اس ہار پر فریفتہ ہوگئی اور کہا کہ جو چاہو دینے کو تیار ہوں لیکن یہ ہار مجھے دے دو، کونئرو نے کہا ایک رات کیلئے چنیسر مجھے دے دو لیلا سوچ میں پڑ گئی مگر موتیوں کی چمک کے سامنے چنیسر کی محبت ماند پڑ گئی اور اس نے وعدہ کیا کہ جو وہ چاہتی ہے وہی ہوگا، کونئرو نے وہ ہار اس کے گلے میں ڈالدیا۔

اس رات چنیسر محفل میں دوستوں کے ساتھ مے نوشی کرتا رہا آدھی رات کو جب نشے میں چور لیلا کے کمرے میں پہنچا تو لیٹتے ہی مدھوش ہو گیا لیلا نے وعدہ پورا کرنے کیلئے مدھوش چنیسر کو غلاموں کے ہاتھوں اٹھوا کر کونئرو کے کمرے میں پہنچا دیا، کونئرو نے شادی کی مکمل تیاری کر رکھی تھی چنیسر کے پہنچتے ہی نکاح پڑھواکر وہ مطمئن ہو کر بیٹھ گئی صبح جب چنیسر کی آنکھ کھلی تو حیران ہوا کہ وہ تو لیلا کے کمرے میں سویا تھا یہاں کیسے پہنچ گیا، جب پریشان ہو کر کمرے سے باہرنکل رہا تھا تو کونئرو کی ماں نے اسے طعنہ دیا کہ لیلا نے تو تجھے ہار کے عوض کونئرو کے حوالے کردیا ہے اور تم اب تک لیلا کی محبت کو یاد کر رہے ہو چنیسر حیران ہوا اور جب حقیقت حال معلوم ہوئی تو لیلا سے مُنہ موڑ کر کونئرو سے رشتہ جوڑ لیا۔

اس رات سے لیلا رانی کا زوال شروع ہوا اس نے تو صرف ایک رات

کا سودا کیا تھا اب تو محبت اور راحت کا پورا قافلہ لٹ چکا تھا۔ چنیسر نے لیلا کو اس کے والد کے گھر پہنچا دیا۔

ایک زمانہ گذر گیا چنیسر کے دل سے لیلا کی محبت بالکل ختم ہو گئی اچانک چنیسر کے وزیر جکھرے نے لیلا کے قبیلہ سے رشتہ مانگا جب لیلا کو اس کا علم ہوا تو اس نے جکھرے سے کہا کہ یہ رشتہ اسے اس شرط پر مل سکتا ہے کہ وہ اپنی شادی میں چنیسر کو ساتھ لائیگا چنانچہ جکھرا چنیسر کو منت سماجت کرکے اپنی شادی میں لیلا کے گاؤں میں لے آیا۔

لیلا کو جب چنیسر کے آنے کی اطلاع ملی تو وہ برقع پہن کر کسی طور اس کے پاس پہنچ گئی وہ اسے پہچان نہ سکا لیلا نے اپنی دلفریب باتوں سے چنیسر کا دل موہ لیا چنیسر کی بیقراری جب حد سے بڑھ گئی تو لیلا نے چہرے سے پردہ اٹھایا چنیسر نے اپنی پرانی محبت کو دیکھا تو بھولے بسرے دن یاد آئے بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑا اور اپنے محبوب کے قدموں میں جان دے دی لیلا نے یہ منظر دیکھا تو اس کی روح بھی قفس عنصری سے پرواز کر گئی (۹)۔

مثنوی کا ادبی مقام

پیر حسام الدین راشدی اس مثنوی کے متعلق لکھتے ہیں۔

ادراکی نے اس میں کوئی رنگ اور روپ پیدا کرنے کی سعی کئے بغیر اس داستان کو نہایت سادہ طریقہ سے بیان کیا ہے۔۔۔ جس کی وجہ سے اس مثنوی میں کوئی خاص کشش نہیں ہے۔۔۔ البتہ واقعات کے سادہ بیان میں کہیں معرکے کے شعر ملتے ہیں جن کی وجہ سے مثنوی دلکش اور دل

پسند ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ ادراکی نے مولانا جامی کی مثنوی یوسف زلیخا کی بحر استعمال کی ہے جس کی وجہ سے زیادہ موثر ہوگئی ہے۔ (۱۰)۔

محبوب کے حسن کی تعریف میں جو اشعار فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں شاید ہی دنیا کی کسی دوسری زبان میں اتنے اچھے شعر موجود ہوں لیکن ادراکی کا بیان نہایت ہی سادہ ہے

بقامت همچو سرو بوستان بود
برخ همچون گل اندر گلستان بود
بگیسو بود همچون مار پیچان
دو لعلش گشته گویا مهره آن
جبین او مثال زهره می تافت
عطارد پر تو از وی عاریت یافت (۱۱)

محبوب کی کمر کو شعرا نے بال کے برابر اور اس سے بھی کہیں باریک بتایا ہے یہی حالت دھن یارکی ہے۔

مشوش طره هایش پیچ در پیچ
دهانش تنگ گویی هیچ در هیچ
زمو باریکتر بوده میانش
سرموی توان گفتش دهانش (۱۲)

کونرو کا قافلہ بڑی تیزی سے شہردیول کی طرف رواں دواں تھا، راہ میں ہرن بھی نظر آئے لیکن کونرو کی آنکھیں تو صرف چنیسر کے دیدار کی تشنہ تھیں۔

چوبر آھو فتادی چشم کونترو
بپوشیدی زچشم آھوان رو
که غیر ازیار خودکس را نخواھم
که بردیدار او افتد نگاھم (۱۳)

کونترو وصال یار کیلئے اس قدر بے چین تھی کہ خود قافلہ کے آگے اپنی اونٹنی دوڑاتی جاتی تھی اور راہ گیروں سے دیار یار کا پتہ پوچھتی تھی۔

چوکونترو را رسید این مثردہ درپیش
ز شادی کردی بادل خویش
وز آنجا ناقه کونترو تیز راندی
بنزد کاروان خود رساندی
زنزدیکی بخیل خود خبرداد
بمادر مثردہ نزدیك ترداد (۱٤)

آخر کار یہ قافلہ دیول پہنچا، کونترو اور اس کی ماں مرکھی نے چنیسر کے محل میں اس کی رانی لیلا کے حضور میں باریابی حاصل کی اور قیمتی ہار کے بدلے لیلا سے چنیسر کو خرید لیا جب چنیسر کو اس بات کا علم ہوا تو لیلا سے کہا۔

زجنس زن کسی نفروخت شوہر
مرا ارزان عوض کردی بزیور
چو من بودم بگردن زیور تو
چه حاجت بود زیور در بر تو (۱۵)

اس کے بعد "داستان در بیان زفاف و عشرت نمودن چنیسر با کوئنرو و کامرانی باوی" شروع ہوتی ہے۔ اس مثنوی کو ادراکی نے مولانا جامی کی یوسف زلیخا کی بحر ہی میں نہیں بلکہ اسے وہ رنگ دینے کی کوشش بھی کی ہے مولانا جامی ایک پیغمبر کی داستان بیان کررہے تھے اس لئے ان کی شخصیت کے تقدس کا لحاظ رکھا گیا ہے لیکن ادراکی چنیسر کا قصہ منظوم کررہے تھے اس لئے بھرپور انداز میں منظر نگاری کی ہے۔

آخر کار چنیسر کا وزیر جکھرا اپنی شادی میں چنیسر کو لیلا کے گاؤں میں لے آتا ہے تو لیلا برقع پہن کر اس کے پاس آتی ہے جب دونوں آپس میں ملتے ہیں تو فرط محبت سے دونوں کی روحیں پرواز کر جاتی ہیں اس طرح یہ داستان اختتام پذیر ہوتی ہے۔

کمال عشق باشد جان سپردن
چه خوش در زیر پای دوست مردن (۱٦)

یہ مثنوی عرصہ دراز تک ادراکی کے ممدوح شاہ ابوالقاسم کی تصنیف سمجھی جاتی تھی، صاحب تاریخ طاہری بھی یہی سمجھتے تھے۔ تاریخ طاہری میں آیا ہے کہ جب جنگ و جدل کے بعد میر شاہ ابوالقاسم اور میرزا غازی بیگ بن میرزا جانی بیگ میں صلح ہوئی تو میرزا غازی نے رقعہ بطلب موسی الیہ (میر ابوالقاسم سلطان) بدین مضمون فرستادند چنیسر نامہ تصنیف خود ہمراہ آرد تا امروز افرازش مجلس بدان باشد۔۔۔ از ذوق تمام کتاب ہمراہ داشتہ۔۔۔ روانہ شد (۱۷)

"داستان عمر ماروی"

یہ داستان عمر کوٹ سندھ کے بادشاہ عمر سومرو سے منسوب ہے

اس کی تلخیص یہ ہے کہ تنھانامی ایک گاؤں میں "مارو" قوم کی "ماروی" نامی ایک پاکدامن اور خوبصورت دوشیزہ رہا کرتی تھی اس کے ماں باپ نے اس کی منگنی پنہوں نامی ایک شخص سے کی لیکن یہ نسبت توڑ کر اسے دوسرے عزیز سے منسوب کردیا، پنہوں اس محبوبہ کے ہاتھ سے نکل جانے کی وجہ سے مایوس ہو کر عمر کے پاس فریاد لیکر گیا اور اس سے کہا کہ میری پری جمال اور خدا داد حسن کی مالک منگیتر کو ایک دوسرے شخص سے بیاہ دیا گیا ہے اب میں تو اس سے مایوس ہو چکا ہوں لیکن اگر آپ ایک نظر بھی دیکھ لیں گے تو یقیناً اسے اپنے حرم کیلئے موزوں پائیں گے یہ سن کر عمر نے بھیس بدلا اور ایک تیز رفتار اونٹ پر سوار ہو کر ماروی کے گاؤں میں جا پہنچا، وہاں جونہی ماروی کو دیکھا دیوانہ وار اس پر فریفتہ ہوگیا اور موقع پاتے ہی وہ اسے زبردستی اونٹ پر بٹھا کر اپنے محل لے آیا، اسے للچانے کیلئے عمر نے سونے چاندی کے زیورات اور عیش و عشرت کا سامان پیش کیا مگر ماروی نے کسی چیز کو ہاتھ تک نہیں لگایا اور ہمیشہ اپنے عزیزو اقارب کے غم میں روتی رہتی، آخر کارعمر نے اپنی شکست مان لی او اسے بہن بناکر واپس گاؤں پہنچا دیا۔

ماروی اپنے گاؤں پہنچی تو لوگوں نے باتیں بنانا شروع کیں اور ماروی کے والدین کو طعنے دینے لگے کہ وہ عفت و عصمت باختہ ہے اور وہ بے غیرت اسے اپنے پاس رکھے ہوئے ہیں جب عمر بادشاہ کو ان باتوں کا علم ہوا تو اس نے گاؤں والوں کی گوش مالی کیلئے ان پر حملے کا منصوبہ بنایا جب ماروی کو معلوم ہوا تو وہ عمر کے پاس آئی اور کہا کہ قصور تمہارا ہے نہ تو کسی غیر عورت کو اتنا عرصہ اپنے پاس رکھتا نہ ہم پر یہ الزام لگتا

، اس پر عمر اس کے گاؤں آیا اور سب لوگوں کے سامنے اقرار کیا کہ ماروی با عصمت اور پاکدامن ہے میں نے اسے بہن اور بیٹی بنا کر واپس کیا ہے اس کے بعد لوگوں کو یقین آیا کہ ماروی باعصمت ہے یوں یہ معاملہ رفع دفع ہو گیا۔

میر علی شیر قانع تتوی اپنی تصنیف "تحفتہ الکرام" میں لکھتے ہیں کہ "سید محمد طاہر نسیانی نے اس قصہ کو فارسی میں نظم کیا ہے اور اس کا نام "ناز و نیاز" رکھا ہے (۱۸) لیکن پروفیسر سدا رنگانی اپنے مقالہ پی۔ ایچ۔ ڈی پرشین پوئٹس آف سندھ، Persian Poets of Sind میں لکھتے ہیں کہ سید محمد (متولد ۹۹۰ ھ ق) جوکہ عہد جھانگیری کے اچھے شاعر تھے اور میرزا غازی بیگ کے دربار سے منسلک تھے قصہ عمر ماروی کو فارسی نثر میں تحریر کیا ہے (۱۹) لیکن افسوس کہ قصہ کی نظم یا نثر کا کوئی نمونہ نہیں دیا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ فارسی گو شعرانے اس قصہ کی طرف توجہ کی ہے اور اسے نظم یا نثر میں لکھا ہے لیکن افسوس ہے کہ اب تک اس کا کوئی نسخہ ہاتھ نہیں آیا ممکن ہے کسی خانوادہ کے ذاتی ذخیرہ کتب میں موجود ہو۔

قصہ سسی پنوں۔

یہ رومانی داستان نہ صرف سندھ میں بلکہ سارے پاکستان کی مشہور و مقبول داستانوں میں سے ہے میر علی شیر قانع سسی کے شہر بھنبھور اور اس کی داستان کے بارے میں لکھتے ہیں کہ مخفی نہ رہے کہ جب سندھ پر بنوامیہ کے گورنر سلطنت کررہے تھے تو سندھ کے بعض

حکمران ظاہر داری کے طور پر وقت کے بادشاہوں کی اطاعت کرتے رہے ان میں سے ایک دیو رائے بھی تھا ، وہ رائے خاندان کی نسل سے تھا اور شہر دیو رائے میں رہا کرتا تھا اس کے نام کی نسبت سے مشہور تھا ایک دوسرا ایسا ہی راجا بھنبھور رائے شہر بھنبھور میں جسے اس نے خود بسایا تھا رہا کرتا تھا انھی ایام میں ایک بڑا عجیب واقعہ رونما ہوا جس کا مختصر احوال درج کیا جاتا ہے۔

"سسی پنوں کی داستان"

دیو رائے کی حکومت میں "تانیہ" نامی ایک برھمن اپنی بیوی "مندھرا" کے ساتھ سکھ آرام کے ساتھ بھابنھرواہ (برھمناباد) میں رہا کرتا تھا۔

یہ دونوں میاں بیوی ایک مدت سے اولاد کی خواہش رکھتے تھے خدا کی قدرت سے ان کے ہاں ایک ایسی خوبصورت بیٹی پیدا ہوئی کہ چاند بھی اس پر رشک کرتا تھا ، اس کا زائچہ دیکھنے پر معلوم ہوا کہ وہ ایک مسلمان کی بیوی بنے گی ، چنانچہ مذھب کے عار سے انہوں نے دلوں پر پتھر رکھ کر اس در بے بہا کو صدف کے صندوق میں بند کرکے دریا کی پر شور موجوں میں بہادیا اتفاق سے دریا کا بہاؤ اس صندوق کو شہر بھنبھور کیطرف بہا لایا۔ اس شہر میں "منھیہ" اور بعضوں کے کہنے کے مطابق "لار" نامی ایک دھوبی رہتا تھا جس کے پانچ سو شاگرد تھے لیکن اولاد کوئی نہیں تھی ، جب یہ صندوق بہتا ہوا شاگردوں کے سامنے سے گذرا تو اسے اٹھا کر استاد کے پاس لے گئے اس نے صندوق کھولا تو دیکھا کہ جیسے برج قدرت پر ایک ماہتاب طلوع ہو گیا ہے چنانچہ اسکا نام سسی

(چاند) رکھا۔

جب وہ جوان ہوئی تو اس کے حسن کی شہرت دور دور تک پہنچ گئی اس زمانے میں کیچ اور مکران کے قافلے تجارت کیلئے اس طرف آیا کرتے تھے انہوں نے جاکر یہ خبر حاکم کیچ کے بیٹے پنوں کو پہنچائی، وہ اس کے حسن کی تعریف سن کر اپنا دل کھو بیٹھا اور قافلے والوں کے ساتھ بھیس بدل کر بھنبھور آیا اور یہاں سسی کو دیکھتے ہی اس کا دل قابو سے باہر ہوگیا لیکن قسمت اچھی تھی اس لئے طالب کو بھی مطلوب کے دل میں جگہ مل گئی امید وصال میں سسی کے باپ کی شاگردی اختیار کی اور دھوبی کا بھیس بدلا۔

کچھ عرصہ کے بعد طالب و مطلوب کی شادی ہو گئی، اس طرف پنوں کے والد نے اس حال سے واقف ہو کر اپنے دوسرے بیٹوں کو حکم دیا کہ کسی بھی طرح اس دل گم کردہ کو واپس لے آؤ، وہ بھنبھور آئے پنوں سے ملاقات کی اور اس کے مہمان ہوئے، آدھی رات کو سسی کو سوتا چھوڑ کر اور پنوں کو ایک تیز رفتار اونٹ پر سوار کرکے اپنے ملک کیطرف روانہ ہوگئے، جب سسی کی آنکھ کھلی تو برھنہ پا مطلوب کی تلاش میں نکلی پھاڑوں کی پتھریلی راہوں پر چلتے ہوئے چالیس کوس کا فاصلہ طے کیا تو پیاس سے نڈھال ہو گئی اللہ نے ایک چشمہ پیدا کیا سسی نے پیاس بجھائی اور آگے چل دی کچھ وقت کے بعد سسی پھر پیاس سے نڈھال ہو گئی، ایک چرواھے نے اسے دور سے دیکھا تو بُری نیت سے اس کے قریب آیا اور اسے اپنے ساتھ لے جانا چاہا، سسی نے کہا میں پیاس کے مارے جان بلب ہوں اور تم مجھ پر مفتون ہورہے ہو، اے بیدرد پہلے تو میری تشنگی دور کرنی

چاہئیے، یہ سن کر گلہ کیطرف گیا تاکہ کچھ دودھ لے آئے، سسی نے اس نئی مصیبت سے نجات کیلئے بارگاہ الٰہی میں فریاد کی خدائے پاک کی قدرت سے پہاڑی چٹان میں شگاف پیدا ہو گیا جس طرح لعل پتھر کے اندر ہوتا ہے اسی طرح اس دل گرفتہ کو بھی پتھر کے دل میں جگہ مل گئی، البتہ عام لوگوں کی عبرت اور محبوب کو پتہ دینے کیلئے اس کی چادر کا پلو باہر رہ گیا چرواہا جب دودھ لیکر آیا تو بے حد پشیمان ہوا اور رسم کے مطابق قبر کی نشان دھی کیلئے پتھروں کا حصار چن لیا۔

ادھر پنوں کو اس کے باپ کے پاس پہنچا دیا گیا لیکن وہاں وہ اس قدر بے چین ہونے لگا کہ اس کے باپ کو اس کے مرنے کا خوف لاحق ہو گیا اوراپنے بیٹوں کے ساتھ اس کو روانہ کیا اور کہا کہ کسی بھی طرح اس کے محبوب کو بھی لے آؤ واپسی پر جب پنوں (سسی کی) قبر پر پہنچا تو اتفاق سےوہ چرواہا بھی وہاں آنکلا اور آکر اس نے مفصل حالات سے با خبر کیا، پنوں اونٹ سے نیچے اتر کر دیوانہ وار قبر پر گر پڑا اور وصال محبوب کی التجا کرنے لگا قادر مطلق کی قدرت کاملہ سے وہ چٹان پھر شق ہوئی اور جڑواں بادام کیطرح اسے بھی اسی لحد میں جگہ مل گئی (۲۰)

میر قانع مزید بتاتے ہیں کہ "میر معصوم بکھری نے اس قصہ کو مثنوی حسن و ناز میں منظوم کیا ہے اس کے علاوہ قاضی مرتضی سورٹھی ساکن موضع کتیانہ (کھٹیان نزد ٹنڈو جام) نے محمد شاہ کے زمانے میں اسے ایک خاص طرز میں نظم کیا ہے (۲۱)۔

پروفیسر سدارنگانی کا خیال ہے کہ قاضی مرتضی نے اسکو ناول کے طرز پر لکھا تھا۔

پیر حسام الدیم راشدی میر محمد معصوم بکھری کے حاشیہ میں لکھتے ہیں "میر محمد معصوم نے جو خمسہ لکھا تھا اس کا کوئی نسخہ کسی کتب خانہ میں موجود نہیں البتہ یک مثنوی حسن و ناز دانشمندگرامی و فاضل نامی آقای عبد الحئ حبیبی پیش مرحوم ہاشم شایق آفندی چند سال قبل در کابل دیدہ بود و از روی عنایت اقتباساتیکہ آقای محترم برای خود گرفتہ بود بمن سپردہ است کہ آنرا اینجا نقل میکنم بقول فاضل حبیبی این مثنوی دارای چھار ہزار ابیات است و این طور آغاز میشود (۲۲) اس سے معلوم ہوا کہ یہ مثنوی آقای حبیبی نے دیکھی تھی حبیبی صاحب پیر حسام الدین راشدی کے ولی دوست تھے اس لئے امکان ہے کہ اس کی ایک نقل پیر صاحب نے حاصل کرلی ہوگی جو پیر صاحب کے ورثا کے پاس ہو لیکن فی الحال اس تک رسائی ممکن نہیں ہے۔

قاضی مرتضی سورنھی ساکن موضع کتیانہ (کھنیان نزد تندو جام) کی مثنوی کابھی کوئی نسخہ اب تک دستیاب نہیں ہوسکا ہے میر معصوم بکھری کے خمسہ سے اسی ایک مثنوی (حُسن و ناز) کا ایک نسخہ ان کے ورثا کے پاس پیر حسام الدین راشدی کے برادر بزرگ پیر علی محمد راشدی نے دیکھا تھا، میر محمد معصوم کے خمسہ کا ذکر سب سے پہلے تقی کاشی نے اپنے تذکرہ میں کیا ہے اور لکھا ہے ان کے اشعار کی تعداد بارہ ہزار ہے، رائے و صورت لیلی مجنوں کے بحر میں اور "حسن و ناز" یوسف زلیخا کے بحر میں ہے۔

ان دو مثنویوں کیلئے لکھتے ہیں "درین دوکتاب معانی دقیقہ و خیالات لطیفہ انگیختہ چنانچہ سخن شناسان ممالک ہندوستان و دیار خراسان

متفق اند کہ اکثر مباحث این دو کتاب را بہتر و بلند تر از مولانا جامی گفتہ(۲۳)۔

میر معصوم بکھری (متولد رمضان المبارک سوموار ۹۴۳ ھ ق متوفی ۱۰۱۴ ششم ذی الحجہ) کی اس مثنوی کا جو اقتباس آقای حبیبی نے راشدی صاحب کو دیا تھا اس کے چند شعر پیش خدمت ہیں۔

خداوندا دلی دہ شعلہ افروز
درو جانی زبرق عشق در سوز
چنان زان آتشم دل زندہ گردان
کہ از غیرت بسوزد آب حیوان
دلی دہ سربسر شایستۂ درد
درو نم چون جراحت خستۂ درد
دلی کاو زخم از مرہم نداند
متاع خوشدلی از غم نداند
دلی خواہم ز دردآزردہ وریش
کہ از دردش بدرد آید سر نیش (۲٤)

"مثنوی زیبا نگار"

اس مثنوی کے مصنف حاجی محمد رضائی ہیں آپ خواجہ نظام الدین اولیا کے معتقد تھے آپ نے یہ مثنوی ۱۰۷۱ ھ ق مطابق ۱۶۶۰,۶۱ میلادی میں منظوم کی یہ ۱۵۵۰۰ اشعار پر مشتمل ہے۔ مثنوی کا نام "زیبا نگار" رکھنے کے بارے میں لکھتے ہیں۔

چو در معشوق حسن و زیب دیدم
پی او نام "زیبا" را گزیدم
همان شهری که میباشد مکانش
نهادم شهر "حسن آباد" نامش
"نگار" ازبهر عاشق ساختم نام
که نقش او ست زیب لوح ایام
همین منظومه کزمن یادگار است
بعالم نام او "زیبا نگار" است (٢٥)

بھنبھور پہنچنے کے بعد زیبا (سسی) کے دیدار کیلئے کوچۂ یار میں آیا اور زیبا کے گھر کے صحن میں جو درخت تھا اس پر بیٹھے ہوئے پرندے کو تیر مارا جو زیبا کے صحن میں جا گرا وہ پرندے اور تیر کو اٹھانے کیلئے گھر میں داخل ہوا، زیبا نے اسے دیکھا مگر کچھ نہ بولی وہ خود ہی بتانے لگا کہ۔

بگفتا! گازرم نامم نگار است
تجارت پیشه ام در روزگار است
سرم را بود سودای شکاری
قضا را این طرف کردم گذاری
براین خرم درخت از دور دیدم
شکار مرغ سوی او دویدم
بگستاخی زدم تیری برآن صید
برآمد صید و تیر افتاد در قید

چه گویم عذر خود بس شرمسارم
خطا کردم، امید عفو دارم (۲۶)

جب نگار (پنوں) نے شادی کا پیغام بھیجا تو زیبا کے والد نے کہا۔

اگر هم پیشه و هم کیش باشد
بدو خویشی بجای خویش باشد
اگر مردیست در میدان در آید
بچوگان هنر گوئی رباید
بدست خود کند گرجامه شوئی
بر آرد شاخ امیدش نکوئی (۲۷)

جب کاروان کیچ واپس جانے لگاتو نگار نے ساتھ چلنے سے انکار کردیا اور باپ کے نام ایک خط دیا جس میں لکھا کہ۔

بدام زلف یار خود اسیرم
برون نایم ز دامش گر بمیرم
بشوی ازدیدن من دست امید
که شد پایم اسیر بند جاوید

جب یہ خط نگار کے والد کو ملا تو اس نے نگار کے بھائیوں اور چند کارندوں کو حسن آباد (بھنبھور) جانے کا حکم دیا اور کہا کہ ہر حالت میں نگار کو یہاں لانا ہے ورنہ تم لوگوں کا بہت ہی بُرا انجام ہو گا یہ لوگ حسن آباد پہنچےایک مکان کرایہ پر لیکر رہنا شروع کیا۔ ایک تاریک رات کو جب زیبا گہری نیند میں سوئی ہوئی تھی تو کیچ سے آئے ہوئے قافلہ کا

سردار نگار کے پاس آیا اور کہا کہ ہم کیچ سے آئے ہیں اور چاھتے ہیں کہ ایک رات آپ کے ساتھ محفل برپا کریں، نگار کو اپنے بھائیوں پر سازش کا شک و شبہ نہیں تھا وہ ان کے مکان پر آگیا جہاں انہوں‌نے مشروب میں نشہ آور چیز ملا کر اسے مدھوش کردیا اور اونٹ پر بٹھا کر کیچ کیطرف روانہ ہوئے۔

جب زیبا کی آنکھ کھلی نگار پنوں کو پاس نہ پایا وہ اس کے بھائیوں کے مکان پر گئی مگر قافلہ روانہ ہو چکا تھا وہ بھی پا برہنہ اس کے تعاقب میں چل پڑی پھاڑوں کی پتھریلی راہوں پر جارہی تھی کہ راہ میں ایک چرواھا ملا زیبا نے اسے اپنی کہانی سنائی۔

دمار از من برون آورد دوری
به تیغ یاس بسمل کرد دوری
ببازی از بساطم شاه بردند
زبی مهری بدزدی ماه بردند
شبم تاریک شد بی ماه تابان
شبا شب در پیش گشتم شتابان
بپا صد میل در راہش دویدم
بسر صد کوه اندوہش کشیدم
سرم در زیر سنگ و پای برسنگ
یکی بشکست و دیگرهم شده لنگ (۲۸)

زیبا نے مرنے سے قبل اپنا آخری پیغام اپنے محبوب نگار کیلئے اس طرح دیا۔

شدم شرمندہ، از بس شرم مردم
بخود عار ترا در خاک بردم
چون آب از چشم رفتم در رہ خاک
ز داغ ننگ کردم دامنت پاک
ندیدم جای خود دربار گاھت
زیبا افتادہ گشتم خاک راھت
خرابم ساختی، آباد باشی
بغم کشتی دلم را شاد باشی (۲۹)

زیبا کے انتقال کے بعد وہ چرواہا اس کے مزار کا مجاور بن کر بیٹھ گیا جب نگار کو ہوش آیا تو دیکھا کہ اس کی بہت سخت نگرانی کی جارہی ہے لیکن وہ فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا شام کو وہ ایک جھونپڑی کے قریب پہنچا تو چرواہے نے اندازہ لگالیا کہ یہ زیبا کا محبوب نگار ہے اس نے نگار کو زیبا کا آخری پیغام سنایا تو اللہ تعالی سے دعا مانگی کہ

توانم گر بروبم رہ گشائ
رخ زیبای زیبایم نمائی
بکن از خانہ خاکی دریاز
نکوئی کن مرادر خاک انداز (۳۰)

نگار کی یہ دعا مقبول ہوئی اور حکم الٰہی سے

کہ ناگہ چاک شد پیراھن خاک
در آمد پای او در دامن خاک (۳۱)

ڈاکٹر سدارنگانی نے درست لکھا ہے کہ حاجی رضائی نے اس

مثنوی میں مولانا جامی کی تقلید کی کوشش کی ہے لیکن صرف جامی کی سادگی اپنانے میں کامیاب ہوئے ہیں مولانا جامی کے کلام کی دیگر خصوصیات سے یہ مثنوی عاری نظر آتی ہے۔

"داستان مومل اور میندھرا"

اس داستان کو مومل اور رانا کا قصہ بھی کہتے ہیں اس کا تعلق سومرہ حاکموں کے عہد (۱۳۵۲ء-۱۵۲۱ء) سے ہے یہ قصہ کچھ اس طرح ہے کہ گوجربادشاہوں کی اولاد میں سے مومل نامی ایک عورت اپنے باپ کی وفات کے بعد اپنے ملک پر حکومت کرتی تھی، اس نے شہر کے کنارے ایک شاندار محل بنوایا جس کے باہر جادو کے زور سے ایک طلسمی دریا اور اس کے گھاٹ پر محل میں داخلے کے لئے پتھر کا دروازہ تعمیر کروایا اور اس پر پتھر کے دو خوفناک شیر ایستادہ کراکے محل کے اندر ایک کمرے میں سات پلنگ بچھوادیئے جن پر ایک جیسے بستر لگے ہوئے تھے ان میں سے چھ پلنگ کچے دھاگے کے بنے ہوئے تھے اور ہر ایک کے نیچے گہرا گڑھا تھا، اس کے بعد اس نے فیصلہ کیا کہ جو شخص بھی اس دریا اور شیر کے طلسم سے گذر کر صحیح پلنگ پر بیٹھ جائیگا اسے میں اپنا شوہر قبول کروں گی۔ اس خواہش میں کتنے ہی لوگ ادھر گئے لیکن اپنے مقصد میں ناکام ہو کر عدم آباد کو سدھار گئے ایک دن ہمیر سومرو اپنے تین وزیروں کے ساتھ جن میں اسکا برادر نسبتی اور وزیر رانا میندھرا بھی شامل تھا شکار کھیل رہا تھا کہ اسے ایک سیلانی جوگی ملا جس نے مومل کے حسن کی تعریف کرکے اس کے دیدار کا شوق دلایا ہمیر سومرو بے اختیار ہو کر اپنے تینوں رفیقوں کو ساتھ لیکر اس طرف روانہ ہوئے اور جاکر مومل کے

محل کے قریب اقامت اختیار کی خبرملنے پر مومل نے ایک ہوشیار کنیز کو بھیجا تاکہ ان کا حال معلوم کرکے ان سرداروں کو دعوت دے اور ساتھ لے آئے چنانچہ پہلے ہمیراس کنیز کے ساتھ گیا لیکن راہ میں کنیز اسے دھوکہ دیکر آگے نکل گئی اور وہ موجیں مارتا ہوا طلسمی دریا دیکھ کر مقصد حاصل کئے بغیر واپس آگیا اور شرم کی وجہ سے کسی سے کچھ نہ کہا دوسری رات کنیز آکر دوسرے کو لے گئی وہ بھی اسی طرح واپس آگیا چوتھی شب رانا میندھرا کنیز کے ساتھ روانہ ہوا وہ حسب دستور آگے آگے چلنے لگی لیکن اس نے اس کا دامن پکڑ کر اسے پیچھے دھکیل دیا اور کہا کہ کینزوں کو زیبہ نہیں دیتا کہ وہ سرداروں کہ آگے چلیں، اس کے بعد وہ طلسمی دریا کے کنارے پہنچ کر حیران ہوا بالاخر دریا کی گہرائی کا اندازہ کرنے کیلئے اس نے نیزے کو جو اس کے ہاتھ میں تھا دریا میں ڈالا اور معلوم ہوا کہ اس دریا کی کوئی حقیقت نہیں ہے چنانچہ وہ فوراً اسی میں سے ہوتا ہوا آگے نکل گیا اس کے بعد اس کی نظر دروازے کے شیروں پر پڑی تو انہیں بھی اس نے نیزے کے چوکے دیکر دیکھا، جب اسے معلوم ہوا کہ یہ بھی محض نمایشی ہیں تو کامیابی کے ساتھ محل کے اندر جاکر وہ کمرے میں داخل ہوا کہ جہاں ایک جیسے سات پلنگ بچھے ہوئے دیکھ کر وہ سوچنے لگا کہ بیٹھنے کیلئے تو بہر حال ایک ہی پلنگ ہوگا مبادا ان میں بھی کوئی فریب ہو چنانچہ یہ سوچ کر وہ ہر ایک کو نیزے کی نوک سے چھو کر د یکھتا ہوا ثابت و سالم پلنگ پر جا کر بیٹھ گیا، کنیز نے اس کی ہمت اور عقل مندی کا حال جا کر مومل سے بیان کیا اور وہ فی الفور باہر آئی ایک ہی صحبت میں وہ آپس میں گھل مل گئے اور نکاح کرکے باہم طالب و مطلوب ہوئے، غرض وہ رات عیش و عشرت میں بسر کرکے صبح کے وقت وہ

ہمیر سومرو اور دوسروں کی خدمت میں حاضر ہوا اور گذرے ہوئے حالات بیان کئے یہ سن کر ہمیر نے کہا کہ اب وہ خاص تیری ہو چکی ہے تو تجھ پر لازمی ہے کہ اسے ایکبار دیکھنے کی ہمیں بھی اجازت دے ، اس پر دوسری شب رانا میندھرا ہمیر کو چرواھے کے لباس میں اپنے ساتھ لے گیا اسی بے ادبی کیوجہ سے ہمیر نے واپس آنے کے بعد رانا میندھرا کو نظر بند کردیا۔

رانا میندھرا نے چوکیداروں کو ساتھ ملالیا اور اب وہ ہر رات تیز رفتار اونٹ پر سوار ہو کر مومل سے ملاقات کرکے واپس آجاتا ، وہ پانچ دن کا فاصلہ ایک رات میں طے کرتا ، ایک رات رانا میندھرا وہاں پہنچا تو معلوم ہوا کہ مومل اپنی بہن سے ملنے گئی ہے اس وجہ سے وہ ناراض ہو کر واپس آگیا اور وہاں جانا بند کردیا ، ایک روایت یہ بھی ہے کہ جب رانا نے دیر کی تو مومل نے اپنی بہن سومل کو مردانہ لباس پہنا کر اپنے ساتھ سلا لیا تھا اور رانا کو یہ شک ہوا کہ وہ کسی غیر مرد کے ساتھ سوئی ہوئی ہے ، تھذا وہ اپنی چھڑی وہاں چھوڑ کر واپس چلا گیا اور پھر کبھی نہیں آیا بہر حال میر تانع مرید بتاتے ہیں کہ جب بہت دن گذر گئے اور رانا نہ آیا تو مومل بے تاب ہو کر اپنا ملک چھوڑ کر میندھرا کے شہر میں پہنچ گئی اور اس کے محل کے سامنے اپنا محل بنواکر اس کی کھڑکیاں میندھرا کے محل کے سامنے رکھوائیں شاید اس طرح گاھے گاھے وہ میندھرا کے دیدار سے اپنی آنکھوں کو ٹھنڈا کرتی رہے لیکن غصہ کیوجہ سے میندھرا نے اپنے محل کی کھڑکیاں بند کروا دیں غرض اس طرح مومل نے رانا میندھرا کے محل کے چاروں طرف اپنی حویلیاں بنوائیں لیکن میندھرا کو متوجہ کرنے میں کامیاب نہ ہوسکی تو ایک آہ بھری اور اس دار فانی سے رحلت کر

گئی، یہ خبر جب رانا میندھرا کو سنائی گئی تو ایک ہی چیخ کے ساتھ اس کی روح محبوب سے جا ملی، ملامقیم نامی ایک شخص نے یہ قصہ فارسی میں نظم کیا ہے (۳۲)۔

ملا مقیم:

اس شاعر کے بارے میں میر علی شیر قانع تتوی لکھتے ہیں

مقیم نام، شعری درفارسی و سندی می گفت، هم عهد میرزا جانی بوده و باوی بحضور اکبری رسیده بدین تفصیل که در طاهری مرقوم که آنکه چون میرزا جانی بحضور رسیده روزی در صحبت سرود دومنی های سندی (رقاصہ) که همراه داشت برای مجرا حاضر کرد، مقام ماروی درمیان آمد بادشاه استفسار نمود که واقعه عمر با ماروی چگونه بوده، میرزا گفت مقیم مزبور اگر شرف ملازمت در یابد از تمام معامله آگاه است هر چند مدعای میرزا حصول دولت باریابی و محشور گردیدن وی بوده اماکم طالعیش در آن محل با ظهار خلاف واقعه خفت داده۔

ملا مقیم کے حاشیہ میں پیر حسام الدین راشدی صاحب تاریخ طاہری کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ جب حضور میں عمر ماروی کا قصہ بیان کرنے کیلئے کہا گیا تو تحقیق ناداشتہ خالی ذہن خلاف واقعه چنین بعرض رسانیده که عورت ازان حاکم اسم بی مسمی یعنی عمر فرزند حاصل داشته، ازین گفتار نا هموار او، حضرت بسی ناراض گردید و آن خلاف گفتار شرمسار گردید، باز گشت، عاقبت آنچه بیان واقعی بود بعرض معروض داشت و طایفة که حاضر بود ابیات پاکی اورا بزبان سندی در مقام ماروی خواندند (۳۳)۔

یہ بیان حقیقت کے خلاف معلوم ہوتا ہے اکبر بادشاہ کے دربار میں میرزا جانی بیگ کا یہ کہنا کہ ملا مقیم اس قصہ کی حقیقت سے آگاہ ہے اور ملا مقیم کا بیان یہ واضح کرتا ہے کہ یہ دونوں اشخاص جو نیم محکوم کی حیثیت سے دربار اکبری میں حاضر ہوئے تھے وہ بادشاہ کا مذاق اڑانا چاہتے تھے جس کی معمولی سزا گردن زنی ہوسکتی تھی اور دوسری بات یہ کہ ملا مقیم سندھی میں شعر کہتاتھا اور داستان مومل اور میندھرا کو منظوم کرچکا تھا ایسے شخص سے یہ توقع کرنا کہ اکبر بادشاہ کے حضور باریابی کے موقع کو اس طرح کھوئے گا کہ انعام و اکرام کے بجائے اپنی جان خطرے میں ڈالدے بہرحال اصل معاملہ کیا تھا اس کا کسی کو علم نہیں، افسوس ہے کہ اب تک ملامقیم کی اس مثنوی کا کوئی نسخہ کہیں دستیاب نہیں ہوا ممکن ہے کسی ادب دوست کے ذاتی ذخیرہ کتب میں موجود ہو۔

"داستان ہیر و رانجھا"

یہ قصہ بنیادی طور پر تو پنجاب کا ہے لیکن سندھ میں بھی یکساں طور پر مشہور و مقبول ہے اس کا خلاصہ یہ ہے۔

ضلع سرگودھا میں تخت ہزارہ ایک مشہورگاؤں تھا وحید عرف رانجھا وہاں کے چوہدری اجویا موجو کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا ہیر کے حسن کی تعریف سن کر وہ ہیر کے وطن جھنگ میں پہنچ گیا، رانجھا کی ہیر سے دریائے چناب کے کنارے ملاقات ہوئی دونوں ایک دوسرے کے عاشق ہوگئے۔ ہیر نے رانجھے کو اپنے ہاں بھینسوں کی خدمت پرملازم رکھ لیا عشق اورمشک چھپے نہیں رہتے۔ ہیر کے والدین نے اس سلسلہ کو توڑنے کیلئے ہیر کی شادی موضع رنگ پور کھیڑیاں کے رئیس کے بیٹے سیدے سے

کردی» ، رانجھا فقیر ہوگیا وہ موضع جہلم میں بمقام تلہ گورکھ ناتھ گورد کے پاس پہنچ گیا اور جوگی بن کر رنگپور پہنچا وہاں ہیر کی نندسہتی تاڑ گئی لیکن وہ بھی مراد نام ایک بلوچ پہ مرتی تھی اس لئیے اپنا مقصد حل کرنے کی غرض سے ہیر اور رانجھا کو اپنا ہم راز بنالیا ہیر کو یونہی جھوتے سانپ سے لڑا دیا اور رانجھے کو مرا ہوا ظاہر کرکے ان دونوں کو ایک کوتھڑی میں بند کردیا ، رانجھے نے دیوار میں نقب لگائی ادھر سے مراد آگیا وہ سہتی کو لیکر رفو چکر ہوگیا اور رانجھا ہیر کونکال کر چلتابنا ، صبح راز فاش ہوا ، کھیڑے بھاگے رانجھا بمع ہیر پکڑا گیا لیکن مراد ہتھے نہ چڑھا مقدمہ قاضی کے روبرو پیش ہوا ، رانجھے کوجس طرح بھی ہوا ہیر مل گئی وہ واپس جھنگ آگئیے ، یہاں ہیرکے وارثوں نے رانجھے کو بہلا پھسلا کر برات لانے کیلئے تخت ہزارہ بھیجا اوراس کی غیر موجودگی میں ہیر کو زہر دیکر ہلاک کردیا رانجھے کو خبر ملی تو روتا ہوا ہیر کی قبر پر پہنچا ، رانجھے کا قبر پر کھڑا ہونا تھا کہ قبر پھٹ گئی اور رانجھا بھی قبر میں داخل ہو گیا اور دونوں کو دائمی وصال نصیب ہوگیا۔(۳۴)

احمد حسین قریشی کی دی ہوئی فہرست سے معلوم ہوتا ہے کہ پنجابی زبان میں مغل عہد سے لیکر انگریزی عہد تک ۴۷ اشخاص نے اس قصہ کو منظوم کیا ہے ان میں سے ہیروارث شاہ کو سب سے زیادہ شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی سندھ کے فارسی گو شعرا میں سے سب سے پہلے شیوک رام "عطارد" نے سندھ کے حکمران میاں سرفراز کلہوڑہ (عباسی) کی فرمائش پر نثر میں تحریر کیا۔ (۳۵) عطارد کیلئے میر علی شیر قانع لکھتے ہیں۔

از قــوم نویســنده هاٰبلــده
بلطف طبع موصوف وجوانی تازه

بفکر است از شاگردان میان محمد محسن میباشد طبع برجسته و طرز گزیده دارد، در مسلک منشیان سرکار نواب هژبر جنگ بهادر ویروی خان میان غلام شاه عباسی منسلک، با فقیر رابطه دوستانه دارد (۳۶)۔
عطارد اپنی نثری تحریر کے آخر میں لکھتے ہیں۔

من این افسانه رنگین تر نوشتم
چه رنگین بلکه شیرین تر نوشتم
بر نگینی چوگل جایش بدستار
بشیرینی چو شکر خنده یار
مراد من چورنگین نقش بندد
بشیرینی اگر خسرو پسندد (۳۷)

تالپور عہد میں اس داستان پر زیادہ توجہ دی گئی اور بہت سے فارسی شعرا نے اسے منظوم کیا، لیکن اس سے قبل مغل دور میں جناب احمد یارخان "یکتا" نے اس داستان کو مثنوی کی صنف میں منظوم کیا میر علی شیر قانع یکتا کے بارے میں لکھتے ہیں یکتا مخاطب به احمد یار خان: اصلش از قوم برلاس است اجدادش در قصبه خوشاب من اعمال لاہور توطن داشتند، پدرش الله یار خان بحکومت لاہور و ملتان و تته سرفرازی داشت و قریب چهل سال بفوجداری غزنین هم پرداخته این در اواخر عهد عالمگیری بسال شانزدهم بعد صدو هزار هجری (۱۱۱۶۔ ھ ق) حکومت تته یافته دو سال کامرانی کردو بعد ازان بپاره اقطاع در وطن گوشهٔ عافیت

گزیدہ (۳۸) سرو آزاد میں بلگرامی صاحب نے یہ قطعہ تاریخ لکھا ہے جس میں ایک عدد زیادہ ہے۔

چونکہ یکتارفت شد تاریخ او

جای احمد یارخان بزم نعیم (۳۹)

پیر حسام الدین راشدی یکتا کے حاشیہ میں لکھتے ہیں "مثنوی دیگر کہ در قصہ ہیر رانجھا" است ہم دارد، کہ در لاہور بسال ۱۳۲۷ ھ بہ اہتمام پروفسور محمد باقر در مطبع مفید عام لاہور چاپ شدہ است این مثنوی رابسیاری از شعرای سندھ تتبع کردہ اند مثلاً

۱۔ مثنوی ہیر و رانجھا (۱۲۱۳ ھ ق) از میر عظیم الدین تتوی (متوفی ۱۲۲۹ ھ ق)

۲۔ مثنوی ہیر و رانجھا (۱۲۱۵ ہ) از میر ضیاء الدین تتوی

۳۔ مثنوی ہیر و رانجھا (۱۲۲۶ ھ ق) از نواب ولی محمد خان لغاری (متوفی ۱۲۴۷ ھ ق)

۴۔ مثنوی ہیر و رانجھا (۱۲۱۶ ہ ق) از آزاد سندھی

۵۔ مثنوی ہیر و رانجھا (۱۲۹۳ ھ ق) از قادر بخش بیدل

این قصہ را در نثر ہم نوشتہ اند نخستین کتاب بقلم منشی شیوک رام عطارد (رک ۴۳۶) نوشتہ وبنام میان سرفراز والی سندھ (۱۱۸۵، ۱۱۹۰ ھ ق) معنون کردہ بود یک کتاب دیگر راقم الحروف پیش یک دوست دیدہ بودم کہ یک فاضل ہندو در سکھر نوشتہ بود نام کتاب ونام

مولف را یاد ندارم" (۳۰)

مذکورہ بالا مثنویات کے مجموعہ کو سندھی ادبی بورڈ نے حفیظ ہوشیار پوری کی نگرانی میں شایع کرایا ہے اسی مجموعہ کو بنیاد بنا کر جناب ڈاکٹر عرفانی نے اپنی کتاب "داستانہای عشقی پاکستان" لکھی جو ایران میں شایع (۳۱) ہوئی ہے۔

مذکورہ بالا مثنویات "مجموعہ مثنویات ہیر رانجھا" کے نام سے سندھی ادبی بورڈ شائع کرا چکا ہے اس لئے تفصیل کے طالب اس مجموعہ کا مطالعہ فرمائیں۔ ہم یہاں صرف عظیم کی مثنوی ہیر رانجھا کا احوال دیتے ہیں جوان سب مثنویوں سے بہتر ہے، (۳۲)۔

میر عظیم الدین تتوی (متوفی ۱۲۲۹)

آپ فاتح سندھ میر فتح علی خان تالپور کے دربار کے ملک الشعرا تھے آپ نے قصہ ہیر رانجھا کو منظوم کیا یہ مثنوی عظیم نے ۱۸۰۰ ، ۱۷۹۹ء میں مکمل کی یہ ۱۷۸۶ اشعار پر مشتمل ہے پروفیسر سدارنگانی صاحب لکھتے ہیں کہ میر عظیم تتوی نے مولانا جامی کی مثنویوں کے طرز پر اسے منظوم کیا ہے۔(۳۳) اس میں زبان کا حسن بدرجہ اتم موجود ہے اور یہ مثنوی پڑھنے والے کو آخر تک اپنی طرف متوجہ رکھتی ہے اوراس کا شوق کم نہیں ہوتا ہے (۳۴)

ایک مسافر جو ہیر کے وطن جھنگ سیال سے آیا تھا رانجھے کے سامنے ہیر کے حسن و جمال کی تعریف اس طرح کرتا ہے۔

چہرہ اش آب داد نوگل را
طرہ اش تاب داد سنبل را
خوش نگاھاں نگاہ او خواھند
سرمہ از خاك راہ او خواھند
عکس رویش چمن در آئینہ ساخت
عکس زلفش ختن در آئینہ ساخت (٤٥)

رانجھا تعریف سن کر جھنگ پہنچا دریائے چناب کے کنارے ملاقات ہوئی او پہلی ہی ملاقات میں دونوں میں محبت ہو گئی رانجھا ہیر کے ہاں ملازم ہو گیا۔ اب ان کی ملاقاتیں ہونے لگیں، کیدو نے تاڑ لیا اور راز فاش کردیا، ہیر قید کردی گئی اس کے بعد بہت جلدی اس کی شادی رنگ پور کھیڑیاں کے شہزادے نورنگ سے طے کی گئی، جب قاضی نکاح پڑھانے آیا تو ہیر اس سے کہتی ہے۔

از ازل هست شوهرم رانجھا
کی دو شوهر بیك زن است روا
گرپسندت شده است این داماد
دختر خود دهش که گرددشاد (٤٦)

(ہیر نے رنگ پور سے رانجھے کو یہ پیغام بھیجا ھے)

حق عشقت نگاه داشته ام
خویشتن در پناه داشته ام
در امانم زنیش خار، ای گل
باغ دل را توئ بهار، ای گل (٤٧)

جب رانجھا جوگی بن کر رنگ پور آیا اور ہیر کو دیکھا تو اس کی بیماری اور علاج سے متعلق کہا۔

مشکلست این گزند را درمان
بسلامت نبرد کس زوجان
سه شبان روز چون فسون خوانم
بعمل آرم آنچه میدانم (۴۸)

تین دن کے بعد جب کمرہ کھولا گیا تو ہیر اور رانجھا دونوں فرار ہوچکے تھے نورنگ ان کی تلاش میں نکلا اور دونوں گرفتار ہو کرقاضی کے حضور میں لائے گئے، قاضی نے ہیر کو نورنگ کے حوالے کر دیا، رانجھے نے غیبی امداد کیلئے اللہ کے حضور دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے تو اچانک گاؤں میں آگ بھڑک اٹھی لوگ آگ سے بچنے کیلئے میدان میں جمع ہو گئے انہوں نے محسوس کیا کہ یہ آگ دو محبت کرنے والوں کو جدا کرنے کی پاداش میں غیب کی طرف سے لگائی گئی ہے قاضی صاحب بھی آگئے انہوں نے بھی نورنگ کو سمجھایا کہ کسی عورت کی مرضی اور رضا کے بغیر کسی مرد کے ساتھ نکاح پڑھا دینا، مذہب اور اخلاق کی روسے ایک ناپسندیدہ فعل ہے۔

برتوکی میشود حلال این زن
او قبولیت نه کرد در گفتن
این کمر بستنت به امر حرام
هست دور از طریقه اسلام
کن ازین فعل زشت استغفار
بجناب مقدس غفار (۴۹)

نورنگ نے دونوں کو گرفتار کرکے ریگستان کے دور افتادہ علاقہ میں قید کردیا جہاں وہ بھوک اور پیاس کے مارے آخری سانس لے رہے تھے کہ اچانک حضرت خواجہ خضر نمودار ہوئے جنہوں نے انہیں آب حیات پلا کر انہیں زندہ جاوید بنادیا۔

"قصہ مرزا و صاحباں" (تلخیص)

جہاں مرزا دانا پور (ضلع شیخوپورہ) کے ایک بڑے زمیندار کا بیٹا تھا یہ ننھیال میں رہا کرتا تھا اور تعلیم حاصل کیا کرتا تھا وہاں اس کی محبت صاحباں (جو اس کے حقیقی ماموں کی بیٹی تھی) سے ہو گئی وہ ایک دوسرے کے بغیر رہ نہیں سکتے تھے معلوم ہونے پر صاحباں تو مسجد جانے سے روک لی گئی اور مرزا اپنے گاؤں واپس بلا لیا گیا۔

صاحباں کی شادی رچادی گئی اس نے تمام حال اپنی پھوپھی بیبو سے کہہ سنایا، بیبو صاحباں کی پھوپھی اور مرزا کی خالہ تھی۔ اسے صاحباں کی حالت پر رحم آگیا، اس نے مدد کا وعدہ کرتے ہوئے مرزا کو پیغام بھیجا کہ جلدی آجاو مرزا اپنی مشہور گھوڑی پر سوار ہو کر آیا اور اپنی بہن چھتی کی شادی درمیان میں چھوڑ کر اور چھتی کو روتا ہوا چھوڑ کر آیا، رات کو مرزا صاحباں کو لیکر فرار ہو گیا لیکن راستے میں نیند کے غلبے کی تاب نہ لاتے ہوئے ایک جنڈی کے درخت کے نیچے صاحباں کے زانو پرسر رکھ کر سورہا صاحباں نے اس کی تلوار اور ترکش کو درخت پر لٹکادیا مرزا اس وقت جاگا جب صاحباں کے لواحقین سر پر آموجود ہوئے مرزا مقابلے کیلئے اٹھا تو سہی مگر نہتا تھا زخمی ہو کر گرفتار ہوا، انہوں نے مرزا کو جلتی ہوئی آگ میں پھینک دیا. صاحبان یہ برداشت نہ کرسکی اور اس نے بھی چھلانگ لگادی اور مرزا کے ساتھ جل کر راکھ ہوگئی (۵۰)

یہ قصہ بھی بنیادی طور پر سر زمین پنجاب سے تعلق رکھتا ہے لیکن سندھ میں بھی مقبول ہے اس قصہ کو سندھ کے آخری حکمران میر محمد نصیر خان تالپور متوفی ٧ ربیع الثانی (١٢٦١ ھ ق) نے کلکتہ میں دوران نظر بندی دوماہ میں لکھ کر مکمل کیا۔ یہ مثنوی ١٢٢٣ اشعار پر مشتمل ہے، ابتدا اس طرح ہوتی ہے۔

بنام خداوند هر دو جهان
کزو هست برپا زمین و زمان

اختتام۔

هزار و دو صد بوده وسی سال و پنج
که آمد بهم این گران مایه گنج
من این مسلك گوهر میان دو ماه
بسفتم بتوفیق لطف اله
چو ابیات این نسخه کردم شمار
هزار و دو صد بیت و هم بیست وچار (٥١)

مثنوی میں یہ قصہ اس طرح شروع ہوتا ہے کہ ایک دن مرزا کی شکار کرتے ہوئے ایک شخص سے ملاقات ہوئی جس نے صاحباں کے حسن و جمال کی اس طرح تعریف کی،

رخش ہم چو ماه و قدش ہم چو سرو
کمر مو لبش لعل همچو تذرو
دو رخسارِ او چون گل اندر چمن
زرشکش شده چاك گل را بدن

چه ابرو تو گوئی که تیغ جفاست
پی قتل عشق بلا بربلاست (۵۲)

افسوس ہے پروفیسر سدارنگانی نے اپنی کتاب پرشین پوئٹس آف سندھ میں اور پیر حسام الدین راشدی نے تکملۂ مقالات الشعرا کی ترتیب کے وقت میر محمد نصیر خان جعفری کی تصنیفات سے معمولی انتخاب یا اقتباس دیا ہے اس میں پیر صاحب نے اس مثنوی سے کوئی اقتباس نہیں دیا۔ البتہ پروفیسر سدارنگانی نے چند اشعار دیئے ہیں انہیں پر اکتفا کی گئی ہے کیونکہ صاحبزادہ ڈاکٹر میر نور محمد تالپور کی بے وقت وفات سے ذخیرۂ تالپوری تک رسائی ممکن نہیں رہی۔

میر محمد نصیر جعفری نے مرزا صاحباں کی وفات اور قصہ کے اختتام کو اس طرح نظم کیا ہے۔

چنین است رسم سرای فنا
وفا جستن از اوست یکسر خطا
چنین است رسم جہان کہن
که آخر بود خاک تیره وطن
نباشد همی زندگی جاودان
زدست اجل کس ندارد امان
خوش آن کس که آسان بر افشاند دست
درین دهر دل را بچیزی نه بست

ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن مجید میں بھی مختلف پیغمبروں اور قوموں کے قصے بیان ہوتے ہیں جن کا مقصد انسانوں کو نصیحت کرنا اور ان کی

رہنمائی ہے اس کی تقلید میں ہمارے صوفی شعرا نے بھی ان داستانوں کے ذریعہ ان زبانوں کو سمجھنے اور بولنے والوں کی نصیحت کے لئے ایسے نکتے بیان کئے ہیں کہ ان پر عمل کرکے وہ کامیاب زندگی گذار سکتے ہیں۔

ہمارے صوفی شعرا نے ان عشقیہ داستانوں کے کرداروں اور جن مقامات سے وہ منسوب ہیں ان کو ایک ایسی حیثیت عطا کی ہے ان کا نام آتے ہی ذہن خیال کی بلندیوں کو چھونے لگتا ہے معانی کا سمندر آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ "نی سسی تیرا لنبا شر بھنبھورنی"

اس ایک سطر کے معانی کو کون احاطہ کرسکتا ہے یا حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ فرماتے ہیں "پنوں پجاتا ذیندس باہ بھبھور کھے" یعنی پنوں کے جانے کے بعد میں بھنبھور کو آگ لگا دوں گی پنوں کے جانے کے بعد اب یہ شہر جس میں وہ زندگی کی کئی بہاریں گزار چکی ہے پنوں کے جاتے ہی اس نے اپنی سہیلیوں اور اپنے عزیز و اقارب سے تمام رشتے توڑ لئے ہیں اس کا رشتہ صرف پنوں کے ساتھ ہے اور اس کا مقصد اسی کی تلاش ہے۔

لیکن ایران کے شعرا نے ان داستانوں سے اس برصغیر کے صوفیائے کرام جیسے نتائج اور نکتے اخذ کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی، اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ فارسی میں اخلاقیات پر الگ کتابوں کا سلسلہ نظر آیا ہے اس لئے عشقیہ داستانوں کو اپنے موضوع تک محدود رکھا ہے اور مختلف مضامین کو بدرجۂ اتم بیان کیا ہے اس کے برعکس اس برصغیر کے صوفیائے کرام کے خیال میں پند و نصیحت کی ضرورت ان لوگوں کو ہوتی ہے جو لہو و لعب کی طرف مائل ہوتے ہیں اس لئے ان عشقیہ داستانوں کے

ضمن میں جن کی طرف مذکورہ بالا قسم کے اشخاص زیادہ رحجان رکھتے ہیں ان کی نصیحت اور رہنمائی کیلئے اخلاقیات کو بھی داخل کر دیا جائے اور ہم دیکھتے ہیں کہ وہ اپنے مقصد میں بہت حد تک کامیاب نظر آتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہمارے شعرائے کرام کی مقامی زبانوں میں منظوم کی ہوئی داستانیں جہاں ایک طرف حسن و جمال اور عشق و محبت کے مضامین سے بھری ہوئی ہیں وہاں پندو نصحیت کابھی ان میں بڑا خزانہ موجود ہے۔



حواشی

۱۔ تاریخ ادبیات ایران مصنفہ ڈاکٹر رضا زادہ شفق چاپ امیر کبیر ص ۳۸

۲۔ مختصر تاریخ ادب فارسی از محمد طاہر فاروقی ص ۱۷

۳۔ تاریخ ادبیات ایران از ڈاکٹر رضازادہ شفق ص ۳۶۔

۴۔ حیات خسرو از تقی محمد خان رجوی مطبوعہ شیخ غلام علی لاہور ص ۱۳۰۔

۵۔ ایضاً ص ۱۳۳۔

۶۔ مقالات الشعرا از میر علی شیر قانع تتوی، مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ ص

۷۔ تحفتہ الکرام از میر علی شیر قانع مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ اردو ترجمہ ص ۱۳۱۔

۸۔ چنیسر نامہ، ادراکی بیگلاری مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ ص ۱۱۶۔

۹۔ کوشرو میں نون غنہ پڑھا جائے۔

۱۰۔ تحفتہ الکرام میر علی شیر قانع تتوی مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ ص ۱۳۶ (اردو ترجمہ)۔

۱۱۔ چنیسر نامہ ص ۱۵۔ ایضاً ص ۱۷۔

۱۲۔ چنیسر نامہ ص ۱۷۔

۱۳۔ ایضاً ص ۳۰

۱۴۔ چنیسر نامہ ص ۳۲

۱۵۔ ایضاً ص ۵۸۔

۱۶۔ چنیسر نامہ ص ۱۰۹

۱۷۔ تاریخ طاہری از میر طاہر نسیانی مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ، احوال میرزا غازی بیگ۔

۱۸۔ تحفتہ الکرام از میر علی شیر قانع تتوی مترجم اردو اختر رضوی مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ ۱۹۵۹ء ص ۱۲۶، ۱۳۰

۱۹۔ پرشین پوئٹس آف سندھ از ڈاکٹر سدارنگانی مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ ص ۵۰۔

۲۰۔ تحفتہ الکرام ص ۷۶

۲۱۔ ایضاً ص ۸۰

۲۲۔ مقالات الشعرا ص ۸۰۱ تا ۸۰۵

۲۳۔ میر محمد معصوم بکھری از پیر حسام الدین راشدی ص ۳۱۶ مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ۔

۲۴۔ مقالات الشعرا ص ۸۰۱، ۸۰۵

۲۵۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ص ۵۳

۲۶۔ایضاً ص ۵۸

۲۷۔ ایضاً ص ۵۹

۲۸۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ص ٦۲

۲۹۔ ایضاً ص ٦۳

۳۰۔ ایضاً ص ٦۴

۳۱۔ ایضاً ص ٦۴

۳۲۔ تحفتہ الکرام ص ۱۳۳

۳۳۔ مقالات الشعرا ص ۷۷۳

۳۴۔ پنجابی ادب کی مختصر تاریخ از احمد حسین قریشی ص ۲۷۵

۳۵۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ص ۱۳۱

۳٦۔ مقالات الشعرا ص ۴۳٦

۳۷۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ص ۱۳۱

۳۸۔ مقالات الشعرا ص ۸۷۹ (۱۱۳۸، ۱، ۱۱۳۸۔ ھ ق)

۳۹۔ ایضاً ص ۸۸۰

۴۰۔ ایضاً ص ۸۸۳

۴۱۔ ھشت بھشت از ملاعبدالحکیم عطا تتوی بمقدمہ سید حسام الدین راشدی مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ ص ۱۷

۴۲۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ص ۱٦۹

۴۳۔ ایضاً ۱۵۵

۴۴۔ ایضاً ص ۱٦۹

۴۵۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ص ۱٦۱

۴٦۔ ایضاً ۱٦٦

۴۷۔ ایضاً ص ۱٦۷

۴۸۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ۱٦۸

۴۹۔ ایضاً ۱۸۹

۵۰۔ پنجابی ادب کی مختصر تاریخ ص ۲۲۸

۵۱۔ تکملہ مقالات الشعرا از مخدوم محمد ابراهیم خلیل تتوی مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ ص ۱۰۳

۵۲۔ پرشین پوئٹس آف سندھ ص ۲۰۹



مقالاتیکه برای دانش دریافت شد

(فارسی)

۱- موارد طنز و هجا در شاهنامهٔ فردوسی

دکتر خواجه حمید یزدانی- لاهور

۲- تحلیل و بررسی رضعیت ادبیات معاصر درشبه قاره

دکتر مهر نور محمد خاز- تهران

۳- مخزن الاسرار نظامی گنجوی

دکتر محمد ظفر خان - جهنگ

٤- شیوه حمدگوئی فردوسی

دکتر انعام الحق کوثر - کوئته

۵- امتیاز فردوسی

دکتر محمد صدیق شبلی- اسلام آباد

٦- قرابادین شیرازی

پرویزاذ کائی شیرازی - همدان

۷- دو اثر شاهنامه

دکتر گوهر نوشاهی- اسلام آباد

۸- تصرف در طریق طبیعی شعر فارسی

آقای نجیب مایل هروی- مشهد

۹- فردوسی و شاهنامهٔ او

دکتر کلثوم ابوالبشر- داکا

(اردو)

*****

کتابهائیکه برای معرفی دریافت شد

۱- نگاهی به اقبال (فارسی) دکتر شهین دخت مقدم صفیاری

۲- جدید تاجیکی شعراء (اردو) کبیر احمد جائسی

۳- ملفوظات سدیدیه (اردو) معین نظامی

٤- پاس اعتبار(فارسی)حافظ محمد افضل فقیر(مجموعه اشعار)

٥- شیارشامگاه (فارسی) غلام حسین چهکندی نژاد

٦-خزنیة الاصفیاء - مفتی غلام سرور لاهوری

مجله ها

۱- سبیل هدایت	بزم ندای مسلم جلد. ۱، شماره ٤ فروری ۱۹۹۱
۲- فکر و نظر	اداره تحقیقات اسلامی، اسلام آباد جلد ۲۸-شماره ۲ اکتوبر نومبر ۱۹۹۰
۳- اخبار اردو	فروری ۱۹۹۱، مقتدرة قومی زبان - اسلام آباد
٤- الامیر	فروری ۱۹۹۱ - کراچی
٥- المجلس	جنوری فروری ۱۹۹۱ - لاهور
٦- پیام عمل	فروری ۱۹۹۱- سید العلماء نمبر- امامیه مشن - محافظ پلازه، ۲۸ نیو انار کلی لاهور
۷- سفینه (اردو)	جنوری - مارج ۱۹۹۱ - اوسلو - ناروے
۸- حوزه (فارسی)	مهر و آبان ۱۳٦۹ قم - ایران

۹- العلم (اردو)	جولای تا ستمبر ۱۹۹۰ - کراچی
۱۰- معارف	فروری ۱۹۹۱ دارالمصنفین، اعظم گڑھ
۱۱- اورینتل کالج میگزین	پروفیسر عبدالقیوم نمبر، جلد ٦۲: شماره ۱، ۲، لاهور
۱۲- سهرورد (اردو، فارسی)	(ویژه نامه سعدی شیرازی) شماره - ۱۰ ۱۱۵ میکلود رود، لاهور
۱۳- خپلواکی	شماره (۱۹-۲۰) پشاور.

*****

درست نامه دانش شماره ۲۳


صفحه نمبر	سطر	درست
۱۰	۱۶	موضوع
۱۱	۲۳	بسزایی
۱۳	۷	ازایشان کمك می خواستند.
٤۲	۱۱	درباره
٤۳	۲٤	نظام
٤٤	٤	نظام
٤۸	۱۳	گذاشت
٥٥	۱۹	آشپزخانه
٦۲	٤	چشمه
٦۳	۲۰	همچنین
۸۸	۱۱	ابوالقاسم
۱۳۱	عنوان	حکمنامه
۱٥٤	۱۳	خواهی
۱٥٤	۱۸	اردو
۲۱٤	۳	پر کرم خورده

ENGLISH PORTION

Page	Line	Correct
17	9	Rumi
18	6	Among

roses, miniatures, garden roses such as hybrid teas, floribundas and many more. The flowers may be single or double in white, red, pink, orange and yellow colours. Mau.ve and green roses exist although a true blue still eludes the hybridists.

This flower is really loved by the gardens every where. A rose garden probably more than any other kind, reflects the talents and diligence of the gardener who maintains it. Rose is reallv the pack horse of the gardening world.



REFERENCES

1) The New Encyclopaedia Britannica-vol ! IO pages 685, 80, 81, 178, 179.

2) Gulha Wa Giyahan-e-Shafa Bux, Mehdi-e-Naraqi-Sepah publications, Tehran, 1344, pages 189 to 192.

3) Sunset Books and Magazine-Editors, Basic Gardening illustrated Rose Section page 108.

4) Flowers of the world by Frances perry published by Royal Hcrticultural Society printed in Italy-pages 257 to 260.

5) Sure & simple gardening by Geoffrey Smith Mills & Boon Limited, London-1976, Pages 22 to 31.



season organise a special ceremony called Jashan-e-Gul-e-Surkh during which they pluck flowers before sunrise and extract Attar or rose oil. Attar of Qamsar is also supposed to be the best in the world. It is said that during the rose season Nightingales make their nests in the rose shrubs and sing beautiful songs.

Attar of rose used as a base of most of the perfumes is obtained from rose flowers. The Attar of rose also called "otto of rose", fragrant colourless or pale yellow liquid is distilled from fresh petals of rose family. Rose oils are valuable ingrediants of fine perfumes and liquors, they are also used for flavouring lozenges and to cure different diseases.

Some countries of the world like Bulgaria, Australia, France, Iran and Morrocco produce attar commercially Rose oil is obtained partly by distilling but particularly by extracting the oil from the flower petals of roses. One ounce of richly perfumed attar may be produced from almost 250 pounds of roe petals. Rose water is prepared by distillation.

It is believed that Queen Noor Jehan who was fond of attar, brought few rose species from Persia and introduced them in this subcontinent.

Rose is surely the most widely recognized and universally favoured ornamental flowering plants. It has a almost universally distributed over 150 species growing as wild briars and about 14000 varieties cultivated in most of the countries of the world. A large number of species are native to Asia.

Roses are as varied as the countries from which they come. There are massive blooms of the size of saucers and miniature which would slip through a wedding ring. there are climbers, ramblers, shrub

Many of the world's museums contain fossil remains fossil remains of roses. Some of the fossils are very old especially those found in Asia and in the Miocene deposits in Baltic provinces. The Oligocene deposits in colorado (North America) are estimated to be at least thirty five million years old, so it is fair to assume that rose existed on the earth for longer than Man.

Rose has also had a special place in poetry, literature and culture. All great poets and renowned writers have in their poetry and literature termed this flower as a symbol of immense beauty and delicacy. Even the great painters have admired the matches beauty of rose through their valuable paintings. The earliest known picture of roses in that in the House of Frescoes of Knossos, Crete (in Greece) which dates back to the 16th Century B.C. The Island of Rhodes took its name from rose flowers. These were portrayed on its coins in 4000 B.C.

In Iran, Rose, the king of flowers is known as Gul-e-Surkh. It is also known of Gul-e-Mohammadi. In olden days one of the species, red or dark pink in colour was called Gul-e-Surkh. Later, when Islam spread in this region, due to the established superiority of rose over all other flowers, its unique fragrance and liking of our Holy Prophet (Peace be upon him) for perfumes, rose was named as Gul-e-Mohammadi.

This particular species of rose (Gul-e-Surkh) having five to seven petals is mainly grown in Haji Lur area of Gurgan province of Iran. Attar or Oil of Rose extracted from these rose petal is unique for its special fragrance which is not found in any other part of the world. Qamsar, another city in the Kashan province of Iran, is also famous for its roses. In the rose season when the flowers are in full bloom, the whole atmosphere of the city of Qamsar is full of fine fragrance of roses which can also be felt in the remote corner of this city. People in this

B.C) rose shrubs were sent to his capital at Akkad and the Assyrian architecture carved rose flowers in ceremonial buildings.

The Romans gave a special importance to this flower. They used to construct special warm houses, heated them with tubes filled with hot water in order to obtain blooms out of season. Roses were used for commercial purposes and were worn as garlands.

During the reign of Emperor Elagabalus (C.A.D-218-222) in a lavish banquet, showers of rose petals were released through an apertures in the ceiling in such large quantities that several guests were unable to extricate themselves and got suffocated.

In Sybaris (an ancient city of Italy) people used to sleep on mattresses filled with rose petals. In other words-on a bed of roses.

Cupid, sent a gift of rose (the emblem of love) to Harpocrates, the god of silence. This gift was sent as a bride, not to reveal the amours of Venus. After this whenever secret matters were discussed, a rose was suspended from ceiling and what took place beneath was considered secret. Later carving took the place of living flowers. This became particularly popular in the Victorian period.

Roses were commonly used in England in the middle ages for decorating shrines, wreathing candles etc. Beautiful wood carvings of rose can be seen in many old English churches and chapels. The rose has featured prominently in English heraldry, being represented in one form or the other in the badges of English kings. Rose is the National Flower of England.

The oldest known rose tree is at Hildesheim cathedral, in Germany. It is said to be over a thousand years old and is a form of rosa Canina.

The Pakistan National Rose Society's third Annual Rose Festival was held at the Holiday Inn on 12th April 1991. The theme of the show was "Magic of Moving Fingers" which reflected inter alia the expertise and finesse used in the arrangement of flowers. More than 200 entries were made in the show. In the Garden competition Dr. Mehmooda Hashmi got the first prize and a trophy. She got her Doctorate in Persian Language and literature from Punjab University and is Controller of the Department of Foreign Languages Programmes including Persian and Dari in the Pakistan Broadcasting Corporation, Islamabad. She is an active member of the Anjuman-e-Farsi,, Pakistan and regular contributor to our magazine. the present edition of Danesh contains her article on "Rose or Gule Mohammadi" written for the spring Festival 1991.

Dr. Mahmooda Hashmi

Rose or Gul-e-Mohammadi

Rose has always had a special place in the life and culture of people, during different civilizations.

In Babylon, rose was not only known but was admired and used on occasions like ceremonial festivals, marriages, deaths, prayers etc. In the reign of Sargon, the King of Babylon (2845-2768

3. ISFAHANI STYLE

It flourished in 11th century A.H. in the central regions of Iran like Isfahan, Shiraz, Qizvin and so many buildings of the adjacent areas also came under its influence. In this period many buildings were constructed mainly in Isfahan. The speciality of this style is the Tile work in the external and internal parts of the buildings, and the artistic and aesthetic design and decorations with its superb carftsmanship that produced numerous wonders having meaning, majesty splendour and excellence in the scale of exquisite details. During this period the harmony among the various parts reached such a degree that one can say that a great symphony of culture and Art came into being. The harmonious relationship between the various elements of culture and Art can be seen in all fields particularly in Architecture of artistic master pieces.

4. RAZI STYLE

Razi Style is that architectural style which came into being in Post-Islamic period in combination of developed form of Khorasani style in the east and Tabrizi style in the west, in Great Ray in central Iran near Tehran of to-day. Upto 10th century A.H. all these 3 styles were prevalent in Iran.

At the time of safavid, particularly during the reign of Shah Abbas, (1557-1628 A.C.) the development of Art and Architecture and other developmental activities were in full swing and in that period and even afterwards, all the four architectural styles of Iran that is Khorasani, Azari, Isfahani and Razi styles with their harmonious developed forms, and plans of tile work and decorations were in practice every where in Iran and all these forms combined to-gether were known as central Iranian style.

Thanks for the patient hearing that you gave to me and thanks to organizers of this seminar for inviting me to participate in it.

Thank you very much.

This classification is based upon the characteristics and specialities of local culture climatic condition and geographical locations approachable or non-approachable. It is also based upon the availability of material, architects skilled labour, and the models of superb craftsmanship available in that particular region so that the architects may plan and design their architectural style keeping such models in view.

Hence we are in a position now to explain further briefly, the chief characteristics of these four styles each before ending this article as under:-

1. THE KHORASANI STYLE

It is that style which came into being in Khorasan and this region included greater part of present Iran, Central Asia and Afghanistan. The chief characteristics of this style were the construction of Iwan and its central building consisted of four Iwans with central ground. The Mosques having four Iwans have influenced other buildings too like Madressa, inns and taverns and this Khorasani style has been at its zenith upto the end of Timurid period.

2. TABRIZI STYLE

Azari or Tabrizi style which was developed in Azarbaijan and the regions of central Iran and at present it includes the part of Russia and Turkey and this style is still distinctly visible in the construction of tombs of graves particularly in the buildings of the historical city of Sultanya near Zanjan which were constructed in the beginning of 8th century after Hijrat and 13th century after Christ and one of such buildings is the tomb of mughal King, Aljaito in Sultanya.

Common styles of similar climates should also be kept in mind as in Iranian architecture there are hardly two regions of different climates having the same external appearances and form of arches, roofs etc. Instead the forms of construction are definitely different in hot climate with less rainfall to that of cold climate with heavy snowfall elsewhere. As such it also looks proper to grade the architectural styles on the basis of geographical conditions.

Keeping in view the above given factors, we now explain how a building is constructed. As you already know that architects, designers and entire group of artists in the work of construction are from the masses. The ruler and ruling class provides only the finance or material and at the end of construction either they only appreciate the craftsmanship of the work or they condemn the architecture pointing out the defects.

So we think that the classification of architectural styles should not be after the names of dynastics or rulers but they should better be named after the geographical regions in which they stand.

As for famous Iranian styles we can briefly classify them in four styles mentioned below and this classification is also current and used in other branches of Art like painting, Calligraphy and Poetry.

1. Khurasani style

2. Tabrizi style

3. Isfahani style

4. Razi style

and encouragement to Architects and Artists counts very much to enhance the importance of a specific style.

5. Religion minded rulers had also played an important role in inspiring their skilful builders to erect their religious notions in a style most magnificient and sanctified.

6. The competitive spirit between the rulers of neighbouring countries has also been the greatest factor for adding a picturesque beauty to Art and Architecture. When a ruler came to know that another ruler of neighbouring country is constructing a great mosque, fort or a palace, he used to get inspired instantly and start the work in his area to excel others.

The important aspect on which I would like to stress is the plan and form of the style of building which is based upon the following things:-

1. Outer form of the building or facade of building

2. Material of building

3. Interim design and decoration and illumination

In a common style arches, circles of interior portion and the kind of foundations and equipments and external decoration are symmetrical and similar. This similarity and harmony comes out of the characteristics of a nation, tribe and individual. For example the nomadic tribes and caravans who keep wandering from one place to another, when they settle down in cities construct their dwellings, naturally their nomadic trends and tribal traditions are depicted in their form of the constructions.

who held the reins of power in Iran.

The styles as named below are therefore more important and famous in the history of Art and Architecture in Iran and the reason for their rapid development are also given hereunder:-

A. Abbasid style (750 - 1258)

B. Seljuqid style (1037 - 1300)

C. Moguls style (1258 - 1336)

D. Tumirid style (1369) - 1500)

E. Safavid style (1502 - 1736)

F. Qajars style (1779 - 1926)

1. These styles flourished under the dynastics who ruled for a longer period.

2. There were no wars but peace and political stability in these periods and these factors help very much in the promotion of Art and Architecture in the country consequently the rulers had no other direction to divert their attention but to promote Fine Arts.

3. Political stability leads to prosperity and economic development in all fields of life while finances are exhausted in war and an empty treasury is the greatest obstacle in the development of artistic and aesthetic tastes as well as architectural adventures.

4. Moreover the appreciation of Art and Architecture by a ruler

(Anjuman Mimaran, Lahore, invited Dr. Haj Syed Javadi, Cultural Counsellor Embassy of the Islamic Republic of Iran Islamabad, to read out a paper on "The Architectural styles in Iran" in a 3 day Seminar and Exhibition on "Sultanate Period Architecture in Pakistan held in November 1990.

As Danesh is intending to introduce Art and Architecture of Iran in these pages, we are giving here the text of this useful paper in original.)

Dr. Haj Syed Javadi

The Architectural Styles in Iran

There are more than one thousand books and articles written in different languages by the distinguished specialists of Iraninan Art and Architecture. In the first part of some of these books, the details of the styles of post-Islamic architecture in Iran are given with illustrations. The different styles have also been graded and named by the experts in accordance with the names of the dynasties and the rulers concerned

DANESH

QUARTERLY JOURNAL

Chief Editor:
Cultural Counsellor Islamic Republic of Iran

Editor:
Dr. Syed Sibte Hasan Rizvi

Honorary Advisor:
Dr. S. Ali Raza Naqvi

Published by:
Office of The Cultural Counsellor
EMBASSY OF THE ISLAMIC
REPUBLIC OF IRAN
House No. 25, Street No. 27, F/6-2
Islamabad, Pakistan.
✆ 818204/818149